نوائے
افغان جہاد
شوال ۱۴۳۳ھ
ستمبر 2012ء
گیارہ ستمبر ۲۰۰۱ء
امت کے عروج
کفر کے زوال
کا آغاز
ورلڈ ٹریڈ سنٹر
وائٹ ھاؤس
پینٹا گون کا خاتمہ
خلافت اسلامیہ کے قیام کا آغاز

خلیفۃ الرسول سیدنا ابوبکر صدیقؓ کی طرف سے
حضرت خالدؓ بن ولید کے نام مکتوب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خلیفۃ الرسول ابوبکر کی طرف سے خالد بن ولید کے نام

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

الحمد للّٰہ والصلوٰۃ والسلام علی رسول اللّٰہ ،اما بعد:

''تم چل دو اور مسلمان فوجوں سے یرموک میں جاملو۔رومیوں نے اُن کو غمگین کر رکھا ہے۔اللہ کے فضل سے کوئی دوسرا دشمن کو (زک دے کر) ایسا غمگین نہیں کر سکتا جیسا کہ تم کر سکتے ہیں، نہ کوئی دوسرا مسلمانوں کے دلوں کی کلی کو کھلا سکتا ہے جیسا تم کھلا سکتے ہو۔اے ابوسلیمان! دعا ہے کہ جہاد کی لگن اور اللہ کے انعام سے تم ہمیشہ بہرہ ور رہو، اس لگن کو پایۂ تکمیل تک پہنچادو۔اللہ انعام بھی پورا پورا دے گا، تمکنت تمہارے دل میں ہرگز داخل نہ ہو ورنہ تمہارا سارا کیا دھرا مٹی میں مل جائے گا اور اللہ تمہاری مدد سے ہاتھ اٹھالے گا۔اپنے کسی کام پر بھروسہ بھی نہ کرو، کیوں کہ کامیابی کا مدار (انسانی کوشش پر نہیں) اللہ عزوجل کے لطف واحسان پر ہے۔اچھے برے عمل کی جزا بھی اسکے ہاتھ میں ہے۔مثنیٰ بن حارثہ کو عراق میں اپنا نائب بنادو اور جب اللہ کے فضل سے مسلمان شام فتح کرلیں تو م اپنے عہدہ پر عراق لوٹ جانا''۔

(تاریخ طبری جلد ۴،ص ۴۰)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نوائے افغان جہاد

جلد نمبر۵، شمارہ نمبر۹

شوال ۱۴۳۳ھ — ستمبر 2012ء

سمرۃ بن جندبؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''میں نے آج رات خواب میں دیکھا کہ دو شخص آئے اور مجھے ایک درخت پر چڑھا کر لے گئے اور مجھے ایک بہت ہی خوب صورت اور عمدہ گھر میں داخل کر دیا کہ اس سے خوب صورت اور عمدہ گھر میں نے کبھی نہیں دیکھا۔ان دونوں نے کہا کہ یہ خوب صورت اور عمدہ گھر شہید کا ہے''۔(بخاری، کتاب الجہاد)

اس شمارے میں

تجاویز، تبصروں اور تحریروں کے لیے اس برقی پتے (E-mail) پر رابطہ کیجیے۔

Nawaiafghan@gmail.com

انٹرنیٹ پر استفادہ کے لیے:

Nawaiafghan.blogspot.com

قیمت فی شمارہ: ۲۰ روپے

قارئین کرام!

عصرِ حاضر کی سب سے بڑی صلیبی جنگ جاری ہے۔اس میں ابلاغ کی تمام سہولیات اور اپنی بات دوسروں تک پہنچانے کے تمام ذرائع، نظام کفر اور اس کے پیرووٗں کے زیرِ تسلط ہیں۔ان کے تجزیوں اور تبصروں سے اکثر اوقات مخلص مسلمانوں میں مایوسی اور ابہام پھیلتا ہے،اس کا سدِ باب کرنے کی ایک کوشش کا نام نوائے افغان جہاد ہے۔

نوائے افغان جہاد

- اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے کفر سے معرکہ آرا مجاہدین فی سبیل اللہ کا موٗقف مخلصین اور محبین مجاہدین تک پہنچاتا ہے۔
- افغان جہاد کی تفصیلات، خبریں اور محاذوں کی صورت حال آپ تک پہنچانے کی کوشش ہے۔
- امریکہ اور اس کے حواریوں کے منصوبوں کو طشت از بام کرنے، اُن کی شکست کے احوال بیان کرنے اور اُن کی سازشوں کو بے نقاب کرنے کی ایک سعی ہے۔

اس لیے ....

اِسے بہتر سے بہترین بنانے اور دوسروں تک پہنچانے میں ہمارا ساتھ دیجیے

ایک ایک ضرب پہ کفر نے پہروں زخم پھر اپنے چاٹے تھے

گیارہ سال گزر چکے......لیکن نیویارک میں مین ہیٹن کے علاقے میں موجود ورلڈ ٹریڈ سنٹر کی تالاب نما یادگار، عالمِ صلیب کے قلب پر ۲۰۰۱ء میں پڑنے والے گہرے گھاؤ کے آج بھی تازہ ہونے کی نشان دہی کر رہی ہے۔ بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ امت مسلمہ کے ۱۹ عظیم ابطال کی سرفروشی کے نتیجے میں صلیبی مغرب کے وجود پر پڑنے والا یہ مہلک زخم، گیارہ سال میں ایک ایسے ناسور کی شکل اختیار کر چکا ہے جو بالآخر بہت جلد اس دجالی تہذیب کا کام تمام کر ڈالے گا، ان شاء اللہ۔ گیارہ ستمبر کے معرکوں کی صورت میں دشمنانِ اسلام کے سرداراور سرغنہ امریکہ کی معاشی، سیاسی اور عسکری قوتوں کے مراکز کو مجاہدین نے ہدف بنایا۔ موجودہ دور میں ابلیسی لشکروں کی باگ دوڑ کو اپنے ہاتھ میں لینے والے امریکہ کے قلب پر مجاہدین کے اس کاری وار کا اثر یہ ہوا کہ امریکہ اپنی کمین گاہوں سے نکل کر مجاہدین کے تیار کردہ میادین میں اتر آیا۔

اب ایک دہائی سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے......اس سارے عرصہ میں ہمیشہ مجاہدین نے استقامت، قربانیوں، لازوال صبر اور اس کے نتیجے میں اترنے والی نصرتِ الٰہی، تائیدِ ایزدی اور امدادِ غیبی کی بدولت مجاہدینِ اسلام نے امریکہ اور اُس کے ساتھ پوری دنیا کے کفر کی گردن میں رسوائی، ذلت اور خواری کا طوق ڈال دیا ہے۔ جولائی کے آخری دنوں سے لے کر اگست کے اواخر تک افغانستان میں مجاہدین نے ۷ صلیبی ہیلی کاپٹروں کو مار گرایا۔ صلیبیوں کی فضائی برتری کا پول بھی کھلتا جا رہا ہے اور روسیوں کی طرح اُن کے طیارے اور ہیلی کاپٹر بھی مجاہدین کے ٹھیک ٹھیک نشانے لگنے پر تسلسل سے تباہ ہو رہے ہیں۔ نیٹو افواج کی مجاہدین کے مقابلے میں فضائی قوت و برتری کے خاتمہ بھی اب قریب ہے، باذن اللہ۔

عالمی کفر نے افغانستان میں ہی تحریک جہاد کو ختم کر دینے کی غرض سے اپنی تمام قوتیں، توانائیاں، وسائل اور ٹیکنالوجی کو میدان میں اتارا......اس کے ساتھ ساتھ مکر، فریب، دجل اور مکروہ سازشوں کے تمام گُر آزمائے گئے......کرزئی جیسے کٹھ پتلیوں کو ''بااختیار'' بنایا گیا اور مقامی لشکروں کی صورت میں جرم وفساد کے رسیاؤں کو مسلح کر کے مجاہدین کے مقابل اتارا گیا......لیکن اس سب کے باوجود اللہ ربِ کائنات کی بیان کردہ حقیقت کے مطابق اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطَانِ كَانَ ضَعِيفاً کے مصداق کفر کی ساری قوتیں ضائع ہوگئیں، ہر طرح کی ٹیکنالوجی بے کار قرار پائی، تمام وسائل دھرے کے دھرے رہ گئے، ہر سازش اور ہر مکر اُن پر الٹا آن پڑا......اور وہ جو بے سروسامانی کے عالم میں دنیا بھر سے ہجرت کر کے خراسان میں آ ٹھہرے تھے، جو فاقہ زدہ پیٹ اور پیوند لگے کپڑے پہنے شیطان کی افواج کے سامنے ڈٹ گئے، جن کے بوریا نشین امیر نے گیارہ سال قبل کفر کے لشکروں کو اپنی جانب امڈتا دیکھتے ہوئے فقط اتنا کہا هَـٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُه......پھر ان مجاہدین کے رب نے بھی اُن سے کیا ہوا وعدہ پورا کر دکھایا کہ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْراً وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيّاً عَزِيْزاً ......اسی قوی وعزیز رب نے اپنے بندوں کی کاوشوں اور جہاد کو بابرکت بنایا اور کمزوروں اور ضعفا کے ذریعے وقت کی جابر ترین قوتوں اور طواغیت کو نیچا دکھایا۔ اب یہی تحریک جہاد ہے جو افغانستان کے محاذ پر کامیابی کی برکت سے دنیا بھر میں پھیلتی چلی جا رہی ہے۔ یہ گیارہ ستمبر کی عظیم کارروائی سرانجام دینے والے شہیدی مجاہدین کا امت پر احسان ہے کہ اُنھوں نے ناصرف یہ کہ امریکہ کو اُس کے گھر میں داخل ہو کر زک پہنچایا اور اُس پر اُس کے شہروں میں تباہی و بربادی مسلط کی بلکہ اُسے کھینچ کر میدان میں لائے اور یوں تاریخ انسانی کی طاقت ور ترین افواج کو اللہ رب العزت نے پہاڑوں سے مضبوط اور قوی ایمان رکھنے والے اپنے بندوں کے ہاتھوں پسوا کر رکھ دیا۔

یہ تو ایمان وایقان ہی کی جنگ ہے......جہاں ایمان کی فصل برگ وبار لا رہی ہے وہاں شیطانی قوتیں خزاں رسیدگی کا شاہکار بن چکی ہیں......لیکن جہاں ایمان سے تہی دامن اور حرص وہوس سے آلودہ کردار والے' پیٹ کے بندے' حاکم اور مقتدر ہیں کفار کھل کر کھیل رہے ہیں۔ اور ان کے خدمت گزار' کلمہ گو' صرف ڈالروں کے لالچ اور دنیاوی چمک دمک کے حصول کے لیے اُن کے ہاتھوں میں کھلونا بنے اپنی دنیا وعاقبت کی بربادی کا سامان فراہم کر رہے ہیں۔ پاکستانی فوج نے نیٹو سپلائی بحال کی لیکن مجاہدین کی (افغانستان اور پاکستان میں) نیٹو سپلائی کے خلاف کارروائیوں نے نیٹو سپلائی کو بالفعل معطل کیا ہوا ہے۔ لیکن پاکستانی نظام ان جری اور غیور مجاہدین کے عمل وکردار سے کوئی مثبت سبق اخذ کرنے کے بجائے الٹا ان کے خلاف آپریشن کی منصوبہ بندی میں مصروف ہے۔ اسی پس منظر میں شمالی وزیرستان میں پاکستان کی جانب سے فوجی آپریشن کی بازگشت ہے جو کبھی ہلکے سُروں میں اور کبھی بلند آہنگ دعووں کی صورت میں سنائی دیتی ہے۔ مجاہدین اس ساری صورت حال سے پوری طرح آگاہ ہیں اور اپنے خلاف کسی بھی قسم کی کارروائی کا فوری اور' تگڑا' جواب دینے کی ایک مثال' کامرہ' میں پیش کر چکے ہیں۔ اسی ردعمل سے خائف ہو کر اب وقتی طور پر آپریشن کا ارادہ ملتوی کیا گیا ہے جو کہ ۲۶ اگست سے شروع کیا جانا تھا۔

افغانستان سمیت عراق، صومالیہ، یمن، شام، لیبیا، مالی، الجزائر اور پاکستان میں ہر جگہ اللہ تعالیٰ کی مدد اور نصرت سے مجاہدین کفر کو پچھاڑ رہے ہیں، انصارانِ لشکرِ مہدی کا قافلہ تیار ہو رہا ہے، خلافتِ اسلامی کی بنا ڈال دی گئی ہے اب یہ امت کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ دامے، درمے، سخنے اس قافلے میں اپنی نجات کے لیے شامل ہو جائے!!!

استغفار کے ثمرات

حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر دامت برکاتہم العالیہ

الحمدللّٰہ و کفی و سلام علی عبادہ الذین اصطفی اما بعد فقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم من لزم الاستغفار جعل اللّٰہ لہ من کل ضیق مخرجا و من کل ھم فرجا و رزقہ من حیث لا یحتسب (مشکوٰۃ)

مشکوٰۃ شریف سے ایک حدیث پاک آپ حضرات کے سامنے بیان کی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس میں بزبانِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خطا کار اور گناہ گار بندوں کے لیے ایک عظیم نعمت اور عظیم تدبیر عطا فرمائی ہے کہ اگر تم سے کچھ خطائیں ہوتی رہتی ہیں اور یقیناً **کل بنی ادم خطاء** تم سب کے سب کثیر الخطا ہو جیسے کہ اس کی شرح ملا علی قاری نے فرمائی ہے کہ خطا کے معنی ہیں کثیر الخطا لیکن کثرت خطا کا علاج کیا ہے؟ کثرت خطا کا علاج کثرت استغفار و توبہ ہے، جیسا مرض ویسی دوا۔ لہٰذا فرمایا کہ **کل بنی ادم خطاء و خیر الخطائین التوابون (مشکوٰۃ)**

بہترین خطا کار وہ ہیں جو کثیر التوبہ ہیں لیکن توبہ کی شرائط کیا ہیں اور توبہ کیسے قبول ہوتی ہے۔ اس کی تین شرطیں محدثین نے بیان کی ہیں۔ شیخ محی الدین ابو زکریا نوویؒ نے شرح مسلم میں فرمایا کہ توبہ کی قبولیت کی تین شرطیں ہیں۔

۱۔ یہ کہ **ان یقلع عن المعصیۃ** اس گناہ سے الگ ہو جائے۔ بعض لوگ بے پردہ عورتوں کو دیکھتے رہتے ہیں اور کہتے ہیں لاحول ولاقوۃ الا باللہ۔ مولانا! ذرا دیکھئے کیا بے پردگی ہے! لاحول بھی پڑھ رہے ہیں اور دیکھتے بھی جا رہے ہیں تو ایسا لاحول خود ان پر لاحول پڑھتا ہے۔ **فان ھذا الاستغفار یحتاج الی الاستغفار** ایسا استغفار دوسرے استغفار کا محتاج ہے اس لیے توبہ جب قبول ہوتی ہے کہ اس گناہ سے انسان علیحدہ ہو جائے۔

۲۔ اور دوسری شرط یہ ہے کہ **ان یندم علیھا** اس گناہ پر ندامت قلب بھی ہو، شرمندگی ہو۔ ندامت کی حقیقت **تألم القلب** ہے کہ قلب میں الم پیدا ہو جائے جیسا کہ صحابہ کرامؓ کے بارے میں آپ حضرات جانتے ہیں کہ جب انہیں پتہ چل گیا کہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے ناراض ہیں تو قرآن پاک اعلان کرتا ہے۔ **و ضاقت علیھم الارض بما رحبت** ساری کائنات ان پر تنگ ہوگئی اور **و ضاقت علیھم انفسھم** اور وہ اپنی جانوں سے بے زار ہو گئے اور یہ محبت کے حقوق میں سے ہے۔ جس سے زیادہ محبت ہوتی ہے اس کی ناراضی سے ایسا ہی اثر ہونا چاہیے پس اگر گناہ ہو جائے تو اللہ کی ناراضی اور غضب کے ساتھ کوئی چیز اچھی نہ لگے۔ بال بچے بھی اچھے نہ لگیں، کھانا پینا بھی اچھا نہ لگے، مکان بھی اچھا نہ لگے، ساری دنیا اس کی نگاہوں میں تنگ پڑ جائے اور اپنی جان سے بے زار ہو جائے جب تک کہ دو رکعات صلوٰۃ توبہ پڑھ کر اشک بار آنکھوں سے استغفار و توبہ کر کے اللہ تعالیٰ کو راضی نہ کرے۔ حالتِ نافرمانی میں اور حالتِ اصرار علی الذنب میں دنیا کی نعمتوں کو برتنا شرافتِ عبدیت کے خلاف ہے۔ بدایوں کا ایک شاعر تھا جس کو اپنی بیوی سے بہت محبت تھی۔ محبت کے حق پر ایک شاعر کا شعر اور ذوق پیش کرتا ہوں وہ ظالم کہتا ہے

ہم نے فانی ڈوبتے دیکھی ہے نبضِ کائنات
جب مزاجِ یار کچھ برہم نظر آیا مجھے

یعنی میری بیوی جو ذرا سی ناراض ہوگئی تو مجھے ساری کائنات کی نبض ڈوبتی ہوئی نظر آئی۔ لو بھائی اپنی ہی نبض ڈوبتی ہوئی نہیں معلوم ہوئی بلکہ کہتا ہے کہ ساری دنیا اندھیری نظر آ رہی ہے۔ تو معلوم ہوا کہ محبت کے حقوق میں سے یہ ہے کہ محبوب کی ناراضی سے ایسا حال ہو جاوے اور یہ محبت تو مجازی اور چند دن کی ہے اور عارضی و فانی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا حق ہم پر کتنا ہے اس کو تو ہم بیان بھی نہیں کر سکتے۔ ہماری رگِ جان سے بھی وہ قریب تر ہے۔ ہمارا وجود اللہ تعالیٰ کے فضل سے موجود ہے۔ ہماری دنیا و آخرت کے سارے مسائل اللہ تعالیٰ سے متعلّق ہیں۔ اگر ساری دنیا ہماری تعریف کرے تو اس تعریف سے ہمارا کچھ بھلا نہ ہوگا جب تک اللہ تعالیٰ قیامت کے دن یہ نہ فرما دیں کہ میں تم سے راضی ہو گیا۔ علامہ سید سلیمان ندوی کا شعر یاد آیا۔ فرماتے ہیں کہ دنیا میں اگر بہت سے لوگ تمہاری تعریف کریں کہ تو تم اپنی قیمت نہ لگا لینا کیونکہ غلاموں کے قیمت لگانے سے غلام کی قیمت نہیں بڑھتی، غلاموں کی قیمت مالک کی رضا سے بڑھتی ہے۔ لہٰذا سید سلیمان ندوی فرماتے ہیں

ہم ایسے رہے یا کہ ویسے رہے
وہاں دیکھنا ہے کہ کیسے رہے

یہاں ہماری خوب تعریفیں ہو رہی ہیں لیکن وہاں ہماری قیمت کیا ہوگی یہ قیامت کے دن معلوم ہوگا۔ اور ان کا دوسرا شعر بھی سنائے دیتا ہوں کیونکہ عارضی حیات سے بعض وقت آدمی کو دھوکا لگ جاتا ہے۔ فرماتے ہیں

حیاتِ دو روزہ کا کیا عیش و غم
مسافر رہے جیسے تیسے رہے

کیونکہ جسے دنیا کا عیش حاصل ہو ضروری نہیں ہے کہ اس کے قلب میں بھی عیش ہو۔ مولانا جلال الدین رومیؒ فرماتے ہیں

16 جولائی: صوبہ میدان وردک.........ضلع سید آباد.........نیٹو سپلائی کانوائے پر حملہ 11 آئل تباہ.........9 سیکورٹی اہل کار بھی ہلاک

از برون چوں گورِ کافر پرحلل

اگر کسی کافر بادشاہ کی قبر پر سنگ مرمر لگا دیا جائے اور دنیا بھر کے سلاطین آ کر وہاں پھولوں کی چادر چڑھا دیں اور بینڈ باجے بج جائیں اور فوج کی سلامی ہو لیکن......

واندرون قہر خدائے عز وجل

قبر کے اندر جو اللہ کا عذاب ہو رہا ہے اس کی تلافی قبر کے اوپر کے سنگ مرمر نہیں کر سکتے اور اوپر کی روشنیاں، بجلیاں، دنیا والوں کے سلوٹ اور سلامی کچھ مفید نہیں ہے۔ اس لیے اگر اللہ تعالیٰ کو راضی نہیں کیا، چاہے ایئر کنڈیشن میں بیٹھے ہوں، بیوی بچے ہوں اور خوب خزانہ ہے، ہر وقت روپوں کی گنتی ہو رہی ہے اور بنک میں بھی کافی پیسہ جمع ہے لیکن یہ ظاہر کا آرام ہے۔ یہ جسم ایک قبر ہے جس کے اوپر کا ٹھاٹ باٹ دل کے ٹھاٹ باٹ کے لیے ضروری نہیں، ایئر کنڈیشن ہماری کھالوں کو تو ٹھنڈا کر سکتے ہیں مگر دل کی آگ کو نہیں بجھا سکتے۔ اگر اللہ تعالیٰ ناراض ہیں تو جسم لاکھ آرام میں ہو لیکن دل عذاب میں مبتلا رہے گا اور چین نہیں پا سکتا۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں

دل گلستاں تھا تو ہر شے سے ٹپکتی تھی بہار

دل بیاباں کیا ہوا عالم بیاباں ہو گیا

اگر دل میں بہار ہے تو باہر بھی بہار ہے اور اگر دل ویران ہے تو سارا عالم ویران ہے۔ مولانا جلال الدین رومیؒ فرماتے ہیں

ایک شخص مسجد کی ٹوٹی ہوئی چٹائی پر مست ہے۔ محبت سے، اخلاص سے اللہ کا نام لے رہا ہے۔ اللہ کہنے میں اس کو اتنا مزا آتا ہے کہ گویا ساری کائنات کی لذت کا کیپسول اس کے دل میں داخل ہو گیا۔ مولانا رومیؒ فرماتے ہیں

نام او چو بر زبانم می رود

پرُبن موازعسل جوئے شود

فرماتے ہیں جب میں اللہ کا نام لیتا ہوں جب میری زبان سے اللہ نکلتا ہے تو میرے بال بال شہد کا دریا ہو جاتے ہیں اور اس کی دلیل دیوانِ شمس تبریز میں دیتے ہیں۔ دیوانِ شمس تبریز کے نام سے جو دیوان لکھا ہے وہ مولانا رومیؒ ہی کا کلام ہے لیکن اپنے شیخ کی طرف منسوب کر دیا، فرماتے ہیں:

اے دل ایں شکر خوشتر یا آنکہ شکر سازد

اے دل یہ چینی زیادہ میٹھی ہے یا چینی کا پیدا کرنے والا زیادہ میٹھا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ گنے میں رَس پیدا نہ کریں تو سارے گنے مچھر دانی کے ڈنڈوں کے بھاؤ بِک جائیں کوئی انہیں پوچھے گا بھی نہیں۔ اور فرماتے ہیں:

اے دل ایں قمر خوشتر یا آنکہ قمر سازد

یہ چاند زیادہ حسین ہے یا جس نے چاند میں حُسن پیدا فرمایا ہے وہ زیادہ حسین ہے؟ اس لیے اللہ تعالیٰ کی محبت جب اللہ والوں کو مل گئی تو شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے دہلی کی جامع مسجد کے منبر سے سلاطین مغلیہ کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ اے سلاطین مغلیہ! دیکھو ولی اللہ سینہ میں ایک دل رکھتا ہے اور اس دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت کے کچھ جواہرات ہیں۔ بڑے بکس میں ایک چھوٹا صندوقچہ ہوتا ہے اور چھوٹے صندوقچہ کی قیمت سے اس بڑے بکس کی قیمت لگتی ہے۔ اگر بڑے بکس میں روئی، گدڑی اور بچوں کے پیشاب پاخانہ کے کپڑے بھرے ہوئے ہیں تو اس کی کوئی قیمت نہیں۔ اس کی حفاظت بھی نہیں کی جاتی لیکن اگر کسی بڑے بکس میں ایک چھوٹا صندوقچہ ہے جس میں ایک کروڑ کا کوئی موتی رکھا ہوا ہے تو وہاں سنتری اور پہرے دار بھی ہوتا ہے۔ چھوٹے صندوقچے کی وجہ سے بڑے بکس کی بھی حفاظت کی جاتی ہے۔ لہٰذا ہمارے قلب میں اگر اللہ تعالیٰ کی محبت، ایمان اور تقویٰ جیسی نعمتیں حاصل ہیں تو ہمارے ظاہر کی بھی حفاظت کی جائے گی۔

آج ہم کو اشکال ہوتا ہے کہ ہم اسرائیل سے کیوں پٹ رہے ہیں۔ ہندوستان میں ہمارے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ دنیا بھر میں مسلمان کیوں ذلیل ہو رہے ہیں تو اصل بات یہ ہے کہ ہمارے پاس صرف بڑے بکس ہیں اور پہلے سے بہت شان دار ہیں۔ صحابہ کرامؓ کے ظاہر سے ہمارا ظاہر کہیں زیادہ مزین ہے۔ لیکن ان کے باطن میں جو قیمتی موتی تھا آج ہمارے قلوب اس سے خالی ہیں اور آج اسی کی ہمیں ضرورت ہے اور وہ کیا ہے؟ تعلّق مع اللہ۔ اللہ تعالیٰ کی محبت خشیت اور تقویٰ ہے۔ اسی کو شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے فرمایا تھا

دلے دارم جواہر پارۂ عشق است تحویلش

کہ دارد زیر گردوں میر سامانے کہ من دارم

اے سلاطین مغلیہ! ولی اللہ اپنے سینے میں ایک دل رکھتا ہے۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی محبت کے کچھ جواہر اور موتی ہیں۔ آسمان کے نیچے اگر مجھ سے زیادہ کوئی امیر ہو تو سامنے آئے۔ یہ ہیں اللہ والے کہ جب اللہ کی محبت عطا ہو جاتی ہے تو سلاطین کو خاطر میں نہیں لاتے۔ حافظ شیرازیؒ فرماتے ہیں

چو حافظ گشت بے خود کے شمارد

بیک جو مملکت کاؤس دکے را

جب حافظ شیرازی اللہ کے نام سے مست ہوتا ہے تو عرشِ اعظم سے بوئے قرب آتی ہے

بوئے آن البر چوں پراں می شود

(جاری ہے)

☆☆☆☆☆

مجاہدۂ نفس......درستیٔ اخلاق اور امراضِ قلب کا علاج

شیخ ابومصعب السوری حفظہ اللہ

حسن اخلاق سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم اور صدیقین کی صفات میں سے ہے۔ یقیناً یہ خوبی دین کا ستون ہے۔ اس کے حصول کے لیے متقین جیسا مجاہدہ اور عابدوں جیسی ریاضت کی ضرورت ہے۔

جب کہ برا اخلاق ایسا زہر قاتل، یقینی ہلاکت اور خبیث چیز ہے جو انسان کو اپنے رب سے منحرف کر کے شیطان کے راستے پر چلاتی ہے۔ انہی کی وجہ سے انسان آگ میں داخل ہوتا ہے جو دلوں کو جھلسانے والی ہے۔ مگر اس کے برعکس اچھے اخلاق جنت کی نعمتوں کا راستہ اور قربِ الٰہی کا باعث ہیں۔

برے اخلاق کا تعلّق دل کے امراض سے ہے۔ لہٰذا جس طرح طبیب جسمانی بیماریوں کا علاج ڈھونڈنے میں سرگرداں رہتے ہیں اسی طرح اس روحانی مرض سے شفا کے لیے بھی جدوجہد کرنی چاہیے۔ ہر انسان کی کوشش ہونی چاہیے کہ وہ اپنے نفس میں پائی جانے والی کمزوریوں اور ان کے اسباب کو سمجھے اور ان سے چھٹکارا حاصل کرنے کی سعی کرے۔ کیونکہ جو اپنے نفس کی حفاظت میں مشغول رہتا ہے وہی فلاح پانے والا ہے۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

''جس نے اپنے نفس کو پاک کیا وہ کامیاب ہوا''

اور نفس کی حفاظت نہ کرنے والے کے متعلّق فرمایا:

''اور جس نے اسے خاک میں ملا دیا وہ ناکام ہوا''

حسنِ اخلاق کے حصول کے وسائل:

یہ ایک حقیقت ہے کہ اچھے اخلاق عقل، حکمت اور غصّے، شہوت میں اعتدال سے ہی حاصل ہو سکتے ہیں، اس کے علاوہ عقل کے لیے ضروری ہے کہ وہ شرع کے تابع ہو۔ یہ اعتدال دو ہی طرح سے حاصل کیا جا سکتا ہے:

۱۔ ایک تو یہ کہ اللہ کی طرف سے ہی کمال الخلق سے نوازا گیا ہو۔ یعنی پیدائشی طور پر انسان کامل عقل اور اچھے اخلاق کا حامل ہو، اسے اپنے غصّے اور خواہشات پر مکمل اختیار ہو۔ پس وہ تعلیم کے بغیر ہی عالم اور ادب سیکھے بغیر ہی مؤدب ہو جیسے کہ عیسیٰ بن مریم، یحیٰ بن زکریا علیہما السلام اور اسی طرح باقی تمام انبیا علیہم السلام۔ یا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ انسان فطری طور پر ہی سخی، بہادر اور حسن کلام کا مالک ہو، یا اچھے اخلاق کے مالک افراد کے ساتھ رہنے سہنے سے اپنی نیک فطرت کے باعث اچھی عادات کو اپنا لے۔

۲۔ جب کہ اپنے اخلاق میں اعتدال لانے کا دوسرا ذریعہ مجاہدہ اور ریاضتِ نفس ہے۔ وہ اس طرح کہ انسان اپنے نفس کو ان کاموں کا عادی کرے جن کو وہ اپنے اندر دیکھنا چاہتا ہے۔ مثلاً: جو شخص یہ تمنا کرتا ہے کہ اس میں سخاوت کی صفت ہو اس کو چاہیے کہ وہ دل کھول کر مال خرچ کرے اور اس وقت تک کرتا رہے حتیٰ کہ یہ عمل اس کی عادت بن جائے۔ اسی طرح جو شخص سمجھتا ہے کہ اس میں کبر آ گیا ہے اور وہ عاجزی اختیار کرنا چاہتا ہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ ایسے کاموں کو اپنا معمول بنائے جو انسانی شخصیت میں عاجزی لانے کا باعث بنتے ہیں، حتیٰ کہ عجز اس کی شخصیت کا جز بن جائے۔ تمام اچھے اخلاق اسی طریقے سے حاصل کیے جاتے ہیں، جس کا مقصد یہ ہے کہ کوئی بھی نیک کام کرتے ہوئے لذت محسوس ہو۔ سو حقیقی سخی وہ ہے کہ جب وہ مال خرچ کرتا ہے تو اسے خوشی کا احساس ہوتا ہے نہ کہ وہ جو دل کی تنگی کے ساتھ خرچ کرے۔ کیونکہ انسان میں کوئی عادت اس وقت تک پختہ نہیں ہو سکتی جب تک وہ اسے دل سے نہ اپنا لے اور برے اخلاق کو قابل نفرت سمجھتے ہوئے انہیں ترک نہ کر دے اور اسے اپنے اندر موجود بداخلاقیوں پر تکلیف محسوس ہو، تا کہ وہ ان سے پیچھا چھڑانے کی کوشش میں لگا رہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے'' (یہ حدیث نسائی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے) عبادات اور گناہوں سے احتراز اگر کراہیت اور نفس پر بوجھ کے ساتھ ہو تو مکمل خوشی اور اطمینان قلب حاصل نہیں ہوتا۔ جب کہ حقیقی مسرت تو محنت اور مجاہدہ نفس کے ساتھ کی جانے والی عبادت سے ہی حاصل ہوتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

''بے شک یہ بہت مشکل امر ہے سوائے اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے''

وقت کے ساتھ ساتھ حسن اخلاق کی چاہ اور بداخلاقی سے نفرت میں تبدیلی نہیں آنی چاہیے بلکہ ضروری ہے کہ اس میں ہمیشگی پیدا ہو جائے اور یہ محبت تمام عمر پر محیط ہو۔ لہٰذا جوں جوں عمر بڑھتی جائے اخلاق حسنہ کو راسخ ہو جانا چاہیے۔ اسی لیے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ سعادت کیا ہے تو آپ نے فرمایا:

''اللہ کی اطاعت میں تمام عمر گزارنا''

ایک اور روایت میں ہے کہ ''تمام عمر اللہ کی عبادت میں گزارنا''۔

جب کہ امام ترمذیؒ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ''پوچھا گیا کون سے لوگ سب سے بہتر ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جن کی

17 جولائی: صوبہ خوست............ضلع شیخ عمیر............فدائی مجاہد کا امریکی فوجیوں پر استشہادی حملہ............26 امریکی فوجی ہلاک اور زخمی

عمر طویل اور اعمال اچھے ہوں۔'' ترمذی نے اسے صحیح کہا ہے۔

دنیا آخرت کی کھیتی ہے اس لیے جتنی طویل عمر ہو گی اتنا ہی عبادات میں اضافہ ہوگا اور اجر بڑھے گا، نفس پاک ہوگا اور اخلاق راسخ ہوں گے۔ جب کہ عبادت کا اصلی مقصد دل پر اثر ہے اور کثرت عبادت سے ہی یہ مقصد حاصل ہوتا ہے۔ حسن اخلاق اس لیے ضروری ہے تا کہ نفس سے دنیا کی محبت زائل ہو جائے اور صرف اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی محبت باقی رہ جائے۔ انسان کے لیے کوئی چیز اللہ عز وجل سے ملاقات سے زیادہ محبوب نہ ہو اور وہ اپنا مال، جان اور دوسرے وسائل صرف اسی ذات کے لیے خرچ کرے جس نے اسے یہ سب نعمتیں عطا کی ہیں۔ اپنے جذبات کو اس ذات کے لیے قابو میں رکھا جائے جس نے ہمیں ان احساسات سے نوازا ہے۔ لیکن یہ سب اس وقت ہی ممکن ہو سکتا ہے جب ہم عقل اور شریعت کے درمیان توازن قائم رکھیں۔ عبادات میں لذت تب محسوس ہو گی جب ہم اپنی خواہشات پر قابو پانا سیکھ جائیں گے۔

ہم دیکھتے ہیں کہ بادشاہ اور مال دار لوگ ہمیشہ پریشان رہتے ہیں جب کہ ایک جوئے باز جوا کھیلنے کی وجہ سے مسرت وشادمانی کی کیفیت میں رہتا ہے اگر چہ اس دوران میں اس کا مالی نقصان ہی کیوں نہ ہو لیکن وہ خوش رہتا ہے کیونکہ وہ مستقل طور پر اس شغل میں مصروف رہا اور طویل وقت اس کام میں صرف کیا۔ اسی طرح ایک کبوتر باز پورا پورا دن سخت دھوپ میں کھڑا رہتا ہے اور کوئی تکلیف محسوس نہیں کرتا صرف اس لیے کیونکہ وہ اپنے کبوتروں کی اڑان اور ان کی حرکتوں سے محبت کرتا ہے، بلکہ ایک فاجر کا حال تو اس سے بھی حیران کن ہے جو جرائم کی وجہ سے پڑنے والے کوڑوں کو فخر اور صبر کے ساتھ برداشت کرتا ہے اور خوشی خوشی تختۂ دار کی طرف روانہ ہو جاتا ہے۔ اپنے اعمال پر نادم ہونے کی بجائے وہ اس بات کو کمال شجاعت سمجھتا ہے کہ وہ اذیتوں کو صبر سے برداشت کرے، لیکن ایک مخنث کا حال تو اس سے بھی بڑھ کر ہے کہ وہ اپنی تمام تر نسوانی خصوصیات کے باوجود مکمل اعتماد کے ساتھ گلیوں، بازاروں حتیٰ کہ بادشاہوں کے درباروں تک بلا جھجک پہنچ جاتا ہے۔ یہ سب حضرات اپنے کاموں کے ساتھ اس قدر مطمئن اور خوش صرف اس لیے ہیں کیونکہ یہ سب مسلسل انہی کاموں سے جڑے رہتے ہیں۔

پس ثابت ہوا کہ اگر انسانی نفس برے اعمال کے مسلسل کیے جانے پر مسرت اور لذت محسوس کر سکتا ہے تو کیا وہ حق کی مداومت پر مطمئن نہیں ہوگا جو کہ اس کی فطرت کے زیادہ قریب ہے۔ اسی طرح کچھ لوگوں کو مٹی کھانے کی شدید خواہش ہوتی ہے اگر چہ یہ ایک قبیح عادت ہے، حکمت اور اللہ کی محبت کی خواہش بھی اسی طرح ہونی چاہیے جس طرح انسان کو کھانے، پینے کی طلب ہوتی ہے۔ کیونکہ اللہ سے محبت قلب کی غذا ہے۔

پس ثابت ہوا کہ اخلاق حسنہ ایسی صفت ہے جسے محنت و ریاضت سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ وہ اس طرح کہ کوئی بھی عادت ابتدا میں ارادتاً شروع کی جائے، مسلسل عمل کیا جائے حتیٰ کہ یہ عادت غیر ارادی طور پر انسان کی شخصیت کا حصّہ بن جائے۔ دل اور اعضا کا آپس میں بہت گہرا تعلّق ہے، یعنی نفس اور جسم آپس میں مرتبط ہیں۔ لہٰذا جو چیز دل پر اثر انداز ہوتی ہے اس کا اثر باقی اعضا پر بھی ہوتا ہے اور انسان کے ہاتھوں کا کیا ہوا عمل اس کے دل پر بھی مؤثر ہوتا ہے۔ اس کی مثال یونہی ہے کہ ایک شخص خوش خطی میں مہارت حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ طویل مدت تک اس کی مشق کرتا ہے، ابتدا میں یوں ہوگا کہ اسے ارادی طور پر محنت کر کے لکھائی اچھی کرنی پڑے گی مگر کچھ عرصے کے بعد خود بخود یہ صفت اس کی ذات کا حصّہ بن جائے گی اور اس کا خط خوب صورت ہو جائے گا۔ سو اسی طرح اگر ابتدا میں بداخلاقی سے بچنے کی کوشش ارادتاً کی جائے اور کچھ عرصہ مسلسل اس عادت پر استقامت اختیار کی جائے تو یہ صفت آہستہ آہستہ اس قدر ذات کا حصّہ بن جائے گی کہ غیر ارادی طور پر بھی انسان سے بداخلاقی سرزد نہیں ہو گی۔ لیکن اگر ایک دن بھی برے اخلاق سے بچنے میں کوتاہی کی گئی تو نئے سرے سے محنت کرنا ہو گی۔ کیونکہ کم چیز ہی زیادہ کا باعث بنتی ہے، جیسا کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ:

> '' انسانی دل میں ایمان کی ابتدا ایک سفید نقطے سے ہوتی ہے، جوں جوں ایمان میں اضافہ ہوتا ہے یہ سفیدی بڑھتی جاتی ہے اور جب انسان ایمان میں کامل ہو جاتا ہے تو اس کا پورا دل سفید ہو جاتا ہے، جب کہ اس کے برعکس دل میں نفاق کی ابتداء ایک سیاہ نقطے سے ہوتی ہے، جیسے جیسے قلب میں نفاق بڑھتا جاتا ہے اس سیاہی میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے، حتیٰ کہ جب نفاق اپنی حد کو پہنچ جاتا ہے تو پورا دل سیاہ ہو جاتا ہے۔''

تو معلوم ہوا کہ اخلاق حسنہ کے حصول کے تین ذرائع ہیں:

۱۔ فطری اور طبعی طور پر اچھے اخلاق کا مالک ہونا۔

۲۔ اپنے نفس کو نیک اخلاق کی عادت ڈالنا۔

۳۔ نیک اور صالح حضرات کی صحبت۔

کیونکہ عادت چاہے اچھی ہو یا بری ایک انسان دوسرے کی صحبت سے ضرور متاثر ہوتا ہے۔

(جاری ہے)

☆☆☆☆☆

17 جولائی:: صوبہ قندھار............ضلع میوند..........نیٹو سپلائی کانوائے پر حملہ..........2 سپلائی گاڑیاں تباہ............6 سیکورٹی اہل کار............4 ڈرائیور ہلاک

دین کی خاطر قطعِ تعلّق

شاہ معین الدین احمد ندوی رحمہ اللہ

انسان، مال و دولت سے بے نیاز ہوسکتا ہے، اگر عزم و استقلال سے کام لے تو ابتلا و امتحان پر بھی صبر کرسکتا ہے لیکن ماں باپ، بہن بھائی، اعزہ و اقارب اور اہل و عیال کے تعلقات کو منقطع نہیں کرسکتا۔ یہی لوگ غربت و افلاس کی حالت میں اس کی دست گیری کرتے ہیں، تکلیف و مصیبت میں تسکین دیتے ہیں، عیش و عشرت میں لطف زندگی بڑھاتے ہیں.....غرض کسی حالت میں ان کے تعلقات کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا لیکن جو لوگ اپنا رشتہ صرف اللہ سے جوڑتے ہیں ان کو کبھی کبھی یہ رشتہ داریاں توڑنا پڑتی ہیں۔

صحابہ کرامؓ اسلام لائے تو حالات نے ان کو اس رشتے کے توڑنے پر مجبور کیا اور ایمان و سلام کے لیے انہوں نے آسانی کے ساتھ اس کو گوارا کرلیا۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ اسلام لائے تو ان کی ماں نے قسم کھالی کہ جب تک وہ اسلام کو نہ چھوڑیں گے وہ ان سے بات چیت کریں گی نہ کھائیں گی نہ پئیں گی۔ چنانچہ انہوں نے یہ قسم پوری کی یہاں تک کہ تیسرے دن فاقہ سے بے ہوش ہوگئیں۔ لیکن حضرت سعدؓ پر اس کا کچھ اثر نہ پڑا اور انہوں نے اپنی ماں سے صاف صاف کہہ دیا کہ اگر تمہارے قالب میں ہزار جانیں بھی ہوں اور ایک ایک کرکے ہر جان نکل جائے تب بھی میں اپنے اس دین کو نہ چھوڑوں گا۔

حضرت خالد بن سعیدؓ اسلام لائے تو ان کے باپ نے ان کو سخت سرزنش کی، کوڑے مارے، قید کیا، کھانا پینا بند کردیا اور اپنے دوسرے لڑکوں کو ان سے بات چیت کرنے کی ممانعت کردی۔ لیکن انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت نہ چھوڑی اور آخر کار حبش کی طرف ہجرت کرگئے۔ اب ان کے باپ کو اور بھی رنج ہوا اور کہا کہ مجھے ان صابیوں سے الگ ہوجانا پسند ہے لیکن یہ گوارا نہیں کہ اپنے باپ دادا اور معبودوں کے معائب سنوں۔ چنانچہ وہ طائف کے ایک مقام میں جہاں اس کی کچھ جائیداد تھی چلا گیا۔

دین و ایمان کے معاملہ میں صحابہ کرامؓ نے صرف معاشرتی بے تعلقی کو گوارا نہیں کیا بلکہ ان کو اعزہ و اقارب سے رشتۂ حیات منقطع کردینے میں بھی تامل نہ ہوا ایک غزوہ میں عبداللہ بن سلول نے انصار کو مہاجرین کے خلاف اشتعال دلایا تو اس کے بیٹے نے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اجازت دیں تو میں اس کو قتل کرڈالوں۔

عتبہ غزوہ بدر میں شمشیر بکف میدان میں آیا تو مقابلے کے لیے اس کے لختِ جگر حضرت ابوحذیفہؓ نکلے، چنانچہ عتبہ کی بیٹی ہندنے اس پر ان کی ہجو میں یہ اشعار لکھے:

فماشکرت ابا رباک من صغر حتی شیبت شبابا غیر محجون

تو نے اس باپ کا شکرادا نہیں کیا جس نے تجھے لڑکپن میں پالا یہاں تک کہ تو جوان ہوا

الاحوال الاثعل المشؤم طائرہ ابو خذیفہ شر الناس فی الدین

اور احوال کج دندان بد بخت، ابوحذیفہ جو مذہبی حیثیت سے بدترین شخص ہے

اسی غزوہ میں حضرت عبدالرحمٰنؓ (اس وقت وہ کافر تھے) صف جنگ سے نکلے تو ان کے والد بزرگوار حضرت ابوبکرؓ نے ان کا مقابلہ کیا۔

اسیران بدر گرفتار ہوکر آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ سے ان کے متعلّق مشوری کیا تو حضرت عمرؓ نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علیؓ کو ان کے بھائی عقیل (جو اس وقت مسلمان نہ ہوئے تھے) کی گردن مارنے کا حکم دیجیے اور مجھ کو میرا ایک عزیز حوالہ کیجیے کہ میں اس کی گردن اڑا دوں۔

یہود بنو قریظہ قبیلہ اوس کے حلیف تھے اور عرب میں حلیفوں میں بالکل برادرانہ تعلقات پیدا ہوجاتے تھے لیکن جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا فیصلہ حضرت سعد بن معاذؓ پر رکھ دیا جو قبیلہ اوس کے سردار تھے تو انہوں نے اس تعلّق کی کچھ پروا نہ کی اور بے لاگ فیصلہ کردیا کہ لڑنے والے قتل کردیے جائیں، عورتوں اور بچوں کو لونڈی غلام بنالیا جائے اور ان کا مال و اسباب مسلمانوں پر تقسیم کردیا جائے۔ صلح حدیبیہ کے بعد جب یہ آیت نازل ہوئی:

ولا تمسکوا بعصم الکوافر

''کافرہ عورتوں کو نکاح میں نہ رکھو''

اس کے ذریعہ سے صحابہ کرامؓ کو حکم دیا گیا کہ مکہ میں ان کی جو کافرہ عورتیں ہیں ان کو چھوڑ دیں۔ تو حضرت عمرؓ نے اسی وقت اپنی دو کافرہ بیویوں کو طلاق دے دی۔ بہت سی صحابیاتؓ اپنے اپنے شوہروں کو چھوڑ کر ہجرت کرآئیں اور ان میں سے ایک بھی اپنے دین سے برگشتہ نہ ہوئی۔ حضرت عائشہؓ فرمائی ہیں:

''ہم کو کسی ایسی مہاجرہ عورت کا حال معلوم نہیں جو ایمان لاکر پھر مرتد ہوئی ہو''۔

اعزہ و اقارب کے علاقہ اور قبائل کی یکجہتی بھی عرب کی سب سے بڑی طاقت تھی لیکن بعض صحابہؓ نے اسلام کے لیے قبیلہ سے تعلّق کو بھی منقطع کردیا۔ حضرت سعد بن معاذؓ اسلام لائے تو اپنے قبیلہ سے تمام تعلقات منقطع کرلیے اور کہا کہ مجھ پر تمہارے مردوں اور عورتوں سے بات چیت کرنا حرام ہے۔ لیکن ان تمام واقعات سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ اسلام نے صحابہ کرامؓ میں قساوت اور سنگ دلی پیدا کردی تھی اور اسی سنگ دلی کی وجہ سے انہوں نے تمام اعزہ و اقارب سے تعلقات منقطع کرلیے تھے (بقیہ صفحہ ۱۴ پر)

(آداب المعاشرت)

مجلس کے آداب

شیخ عبدالفتاح ابوغدہ رحمۃ اللہ علیہ

شیخ عبدالفتاح ابوغدہ رحمۃ اللہ علیہ عالم اسلام میں حدیث اور فقہ کی خدمت کے حوالے سے ایک معروف شخصیت ہیں۔ آپ ۱۹۱۷ء میں شام میں پیدا ہوئے۔ ازہر میں آپ کے اساتذہ میں شیخ راغب الطباخ، شیخ احمد الزرقا، شیخ مصطفیٰ الزرقا شامل ہیں۔ ۱۹۶۶ء میں شام کی حکومت نے آپ کو گرفتار کرلیا، گیارہ ماہ بعد آپ رہا ہوکر ۱۹۶۷ء میں سعودی عرب منتقل ہوگئے۔ آپ نے علم دین کے حوالے سے جامعہ ابن سعود (ریاض)، جامعہ ام درمان الاسلامیہ (سوڈان)، جامعہ صنعا (یمن) کے علاوہ دنیا کے اکثر مسلم خطوں میں درس وتدریس کی گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ آپ کو محدث عبدالفتاح الحلبی کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ مفتی محمد شفیعؒ آپ کے بارے میں کہتے ہیں ''ملک شام (حلب) کے عالم شیخ عبدالفتاح ابوغدہ جو علامہ زاہد کوثری مصری کے خاص شاگرد ہیں اور علوم قرآن وحدیث میں حق تعالیٰ نے اُن کو خاص مہارت عطا فرمائی ہے''۔ آپ کے شاگرد رشید مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر مدظلہ العالی نے آپ کی کتاب ''**من ادب الاسلام**'' کا اردو ترجمہ کیا ہے، جس کا ایک حصّہ نذر قارئین ہے۔

ادب: مجلس کے آداب میں یہ بھی ہے کہ جب آپ کا ہم مجلس آپ کو کوئی ایسی خبر سنا رہا ہے، جس کے بارے میں اس کا خیال ہے کہ وہ آپ کو معلوم نہیں، حالانکہ آپ کو معلوم ہے تو آپ یہ کہہ کر اسے شرمندہ نہ کریں کہ مجھے تو یہ بات معلوم ہے اور نہ ہی اس کی بات میں دخل اندازی کریں۔

جلیل القدر تابعی امام عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ فرماتے ہیں ''کبھی ایک نوجوان مجھے کوئی حدیث سناتا ہے تو میں اسے خوب غور سے سنتا ہوں۔ گویا کہ میں اسے جانتا نہیں حالانکہ اس کی پیدائش سے پہلے میں اس حدیث کو سن چکا ہوتا ہوں''۔ خالد بن صفوان تمیمیؒ جو خلیفہ راشد عمر بن عبدالعزیزؒ اور خلیفہ ہشام بن عبدالملک کے ہم نشین تھے، فرماتے ہیں ''جب آپ کسی محدث کو دیکھیں کہ وہ ایسی حدیث بیان کررہا ہے جو آپ سن چکے ہیں یا ایسی خبر سنا رہا ہے جو آپ کو معلوم ہے تو آپ اس میں شریک نہ ہوں، یعنی حاضرین پر یہ ظاہر نہ کریں کہ آپ اسے جانتے ہیں کیونکہ ایسا کرنا آپ کے لیے خفت کا باعث ہے اور ادب کے خلاف ہے''۔

جلیل القدر امام عبداللہ بن وہبؒ جو امام مالکؒ، امام لیث بن سعدؒ اور امام ثوریؒ وغیرہ کے صحبت یافتہ ہیں فرماتے ہیں ''بعض مرتبہ میں کسی شخص سے ایسی حدیث سنتا ہوں جو میں نے اس وقت سنی ہوتی ہے جب کہ اس کے ماں باپ آپس میں ملے بھی نہ تھے یعنی اس شخص کی ولادت اور وجود سے پہلے، تو میں اسے اس توجہ اور غور سے سنتا ہوں جیسے میں نے اسے پہلے نہیں سنا تھا''۔ حضرت ابراہیم بن جنیدؒ فرماتے ہیں ''ایک حلیم، عقل مند نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا: جیسے تم گفتگو کرنے کے آداب سیکھتے ہو ایسے ہی گفتگو سننے کے آداب سیکھو اور گفتگو سننے کے آداب یہ ہیں کہ آپ گفتگو کرنے والے کو پہلے اپنی بات پوری کرنے دیں اور پوری توجہ اور یک سوئی سے اس کی بات سنیں، اگر اس کی گفتگو میں آپ کو کچھ معلوم ہے تو آپ اس کا اظہار نہ کریں''۔

ادب: مجلس کے آداب میں یہ بھی ہے کہ جب گفتگو کرنے والے کی گفتگو میں آپ کو کوئی اشکال ہو تو آپ اس کے اظہار میں جلدی نہ کریں، بلکہ صبر کریں اور متکلّم کو اپنی بات پوری کرنے دیں۔ جب وہ اپنی بات مکمل کرلے تو اب آپ نہایت ادب واحترام، نرمی اور عمدہ تمہید کے ساتھ اس سے سوال کریں۔ لیکن گفتگو کے درمیان میں ہرگز اس کی بات کو نہ کاٹیں۔ کیونکہ یہ ادب کے خلاف ہے اور اس سے دلوں میں ناپسندیدگی کے جذبات پیدا ہوتے ہیں۔ ہاں اگر مجلس تعلیم اور تدریس کی ہے تو اس کی شان دوسری ہے۔ لیکن اس میں بھی بہتر یہ ہے کہ جب استاذ جملہ پورا کرلے یا کسی معنی اور مسئلہ کی شرح پوری کرلے تب سوال کریں اور اس میں بھی علمی مناقشہ میں ادب اور سمجھ داری ملحوظ رہنی چاہیے۔ خلیفہ مامون الرشید کا قول ہے: ''وہ علم جو مناقشہ کے بعد حاصل ہوتا ہے وہ زیادہ پائیدار ہوتا ہے اس علم سے جو صرف سننے سے حاصل ہو''۔ مشہور عالم ادیب او رمورخ خلیفہ ابوجعفر منصور، مہدی، ہادی اور رشید کے ہم مجلس ہیثم بن عدیؒ نے فرمایا ''حکما کا قول ہے کہ برے اخلاق میں سے یہ بھی ہے کہ دوسرے کی گفتگو میں اپنی گفتگو چھیڑ دینا اور دوسرے کی بات کاٹتے ہوئے دوران گفتگو اعتراض کردینا''۔

ادب: مجلس کے آداب میں یہ بھی ہے کہ اگر آپ کے ہم مجلس سے سوال پوچھا جائے تو آپ جواب دینے میں پہل نہ کریں بلکہ جن سے پوچھا گیا ہے اسے جواب دینے کا موقع دیں اور جب تک آپ سے پوچھا نہ جائے آپ خاموش رہیں۔ اس سے آپ کا ادب، آپ کی شخصیت اور آپ کا مقام بلند ہوگا۔ جلیل القدر تابعی مجاہد بن جبرؒ نے فرمایا کہ لقمان حکیم نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: ''خبردار اگر کسی دوسرے سے پوچھا جائے اور تم اس طرح جواب دینے لگو گے کہ جیسے تمہیں مالِ غنیمت یا کوئی تحفہ ملا گیا۔ پس اگر تم نے ایسا کیا یعنی جواب دیا تو تم نے جواب دینے کی تحقیر کی اور سائل کو بوجھل کیا اور لوگوں کو اپنی بے وقوفی اور بے ادبی پر مطلع کیا۔

18 جولائی: صوبہ سمنگان............صدر مقام ایبک شہر............نیٹو سپلائی کانوائے پر حملہ............4 سپلائی گاڑیاں............18 فیول بھرے ٹینکر تباہ............2 ڈرائیور زخمی

عیدالفطر کے موقع پر حضرت امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد نصرہ اللہ کا پیغام

الحمدللّٰہ نحمده ونستعينه ونعوذ بالله من شرور أنفسنا ومن سيّئات أعمالنا، من يهده الله فلا مضل له، ومن يضلله فلا هادى له، وأشهد أن لاإله إلاّ الله وحده لا شريک له وأشهد أنّ محمداً عبده ورسوله .أمّا بعد!

فأعوذبالله من الشيطن الرجيم

ومن يتولّ اللّٰه ورسوله والذين آمنوا فإنّ حزب الله هم الغالبون(المائدة : ۵۶)

میں افغانستان کی مجاہد عوام اور پوری امت مسلمہ کو عیدالفطر کے اس بابرکت موقع پر، عباداتِ رمضان کی ادائیگی اور پے در پے حاصل ہونے والی جہادی کامیابیوں پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کے صیام و قیام، صدقات، جہادی خدمات اور اپنے راستے میں پیش کی جانے والی قربانیاں قبول و منظور فرمائے۔ آمین

مجھے اللہ تعالیٰ سے قوی امید ہے کہ نیکیوں کے اس موسم میں آپ نے عبادات بجالانے اور فضائل سمیٹنے میں کوئی کوتاہی نہیں برتی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ ان تمام مجاہدین کو دنیا و آخرت میں کامیابی عطا فرمائے جو رمضان المبارک میں بھوکے پیاسے محاذوں اور مورچوں پر ڈٹے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جلد از جلد مسلمان قیدیوں کو کفار کی جیلوں سے آزادی سے عطا فرمائیں۔ اللہ بزرگ و برتر حق کی راہ میں اپنی جانیں قربان کرنے والے تمام شہدا کو جنت الفردوس نصیب فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے، زخمیوں کو فوری شفا عطا فرمائے، اللہ رب العزت ان خاندانوں کو صبر جمیل، عمدہ بدلہ اور دونوں جہانوں کی بھلائی سے سرفراز فرمائے جنھوں نے اللہ کے راستے میں خود کو بال بچوں سمیت قربان کر رکھا ہے۔ میں ان پرمسرت لمحات میں مبارک باد دینے کے ساتھ ساتھ کچھ اہم موضوعات کے حوالے سے چند ایک معروضات بھی پیش کرنا چاہوں گا جو درج ذیل ہیں:۔

جہادی سرگرمیوں کے کچھ احوال:

۱۔ ہماری جہادی سرگرمیاں تمام شہروں میں پہلے کی بہ نسبت زیادہ زور شور، منظم انداز، کامیاب اور زبردست منصوبہ بندی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہیں، ان عظیم کامیابیوں میں سب سے پہلے تو اللہ تعالیٰ کی نصرت و مدد شامل حال ہے، اور پھر یہ سب کچھ عام مسلمانوں کے تعاون، غیور افغان قوم کی وحدتِ ملی، مجاہدین کی ان تھک کاوشوں اور اللہ کی راہ میں نچھاور کی جانے والی قربانیوں کا نتیجہ ہے۔

۲۔ رواں سال آپریشن ''الفاروق'' کے نام سے جاری خصوصی کارروائیاں ملک کے کونے کونے تک پھیل چکی ہیں، منظم اور گہری منصوبہ بندی کی برکت سے مجاہدین کے نقصانات کم اور دشمن کے نقصانات اور پریشانی میں اضافہ ہوا ہے، دشمن بڑے شہروں، حتیٰ کہ اپنے قلعہ نما مراکز میں بھی سکھ کا سانس نہیں لے سکتا، مجاہدین نے دشمن کے پہل کرنے کی قوت مسدود کردی ہے اور اسے ہر جگہ دفاعی پوزیشن اپنانے پر مجبور کردیا ہے، حتیٰ کہ وہ اپنے مراکز اور ٹھکانے چھوڑ کر بھاگ رہا ہے۔ اور ان حقائق کا اعتراف گاہے بگاہے دشمن خود بھی کرتا رہتا ہے۔

۳۔ مجاہدین نے (گزشتہ سال کی منصوبہ بندی کے نتیجے میں) دشمن کی صفوں میں گھسنے اور نفوذ پکڑنے کی اچھی خاصی صلاحیت حاصل کرلی ہے، بہترین تدابیر اور موثر حکمت عملی کے سبب دشمن کی صفوں میں موجود بہت سے افغانی نوجوان حقائق کا ادراک کرتے ہوئے مجاہدین کی نصرت کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔ اور ان کی پوری توجہ غیر ملکیوں، ان کے حاشیہ نشینوں، ان کے فوجی مراکز اور اڈوں پر کاری ضرب لگانے پر لگی ہوئی ہے۔ ہم ان واجب التعظیم اور عالی ہمت نوجوانوں کی کارکردگی کو سراہتے ہیں اور پوری افغان قوم انہیں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھتی ہے، اور دوسروں سے بھی اس طرح کی ہمت اور جوان مردی کا ثبوت دینے کی توقع رکھتی ہے۔ دشمن کی صفوں میں اس بڑے پیمانے پر نفوذ پذیری کی بنا پر مجاہدین ان کے فوجی اڈوں، دفتروں اور خفیہ ایجنسیوں کے مراکز میں داخل ہوتے ہیں، وہاں مربوط اور تباہ کن حملے کرتے ہیں اور انہیں شدید جانی اور مالی نقصانات پہنچاتے ہیں۔ اسی طرح دشمن کے بہت سے اہل کار ہلکے اور بھاری ہتھیاروں سمیت مجاہدین سے آملتے ہیں، اور مجاہدین بھی انہیں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ حالیہ دنوں میں اس طرح کے بکثرت واقعات دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ **الحمدللہ علی ذلک**

۴۔ جنگ کی وجہ سے قابض افواج کو اپنے ممالک میں بڑے پیمانے پر اقتصادی بحران اور عوامی مخالفتوں کا سامنا ہے، یہاں تک کہ ان کے اپنے فوجی بھی غلط حکومتی پالیسیوں سے نفرت کررہے ہیں، اس کی زندہ مثال شکاگو کانفرنس ہال کے سامنے ان فوجیوں کے مظاہرے ہیں جنھوں نے افغانستان میں وقت گزارا ہے، اسی طرح بین الاقوامی سطح پر بھی ان کے خلاف نفرت اور مخالفت بڑھ رہی ہے جس کے نتیجہ میں وہ مجبور ہوگئے ہیں کہ افغانستان سے اپنی فوجیں نکال لیں یہ ہمارے جہاد فی سبیل اللہ کی بہت بڑی کامیابی ہے۔

۵۔ امریکی اور اتحادیوں کو نہ صرف سیاسی، اقتصادی اور فوجی میدانوں میں شدید ہزیمت کا سامنا ہے بلکہ دنیا پر واضح ہوچکا ہے کہ بیرونی قوتیں نہ تو انسانی جان قدر و قیمت سے

18 جولائی: صوبہ لوگر.....ضلع برکی برک.....فدائی مجاہد کا امریکی فوجی کیمپ پر استشہادی حملہ..........کیمپ منہدم..........درجنوں امریکی اور افغان فوجی اہل کار ہلاک اور زخمی

آ گاہ ہیں اور نہ ہی لڑائی کے آداب سے واقف ہیں، انہوں نے انسانی حقوق اور شرف کو روند ڈالا ہے، وہ اسلامی شعائر کی توہین کرتے ہیں، شہدا کی بے حرمتی کرتے ہیں اور بچوں اور نوجوانوں میں بدکاریاں پھیلاتے ہیں، رات کے اندھیروں میں گھروں پر چھاپے مارتے ہیں۔خواتین، بوڑھوں اور بچوں کو انتہائی وحشیانہ پن اور بے دردی سے قتل کرتے ہیں۔ زنگاوات، سجاوند[قندھار] اور لوگر میں پیش آنے والے الم ناک حادثات ہمارے سامنے ہیں۔اسی طرح دیہاتوں، گھروں، بازاروں، مساجد ومدارس، جنازوں اور شادی بیاہ کی تقریبات میں ان کی سنگ دلانہ اور وحشیانہ بم باری کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ (حقیقت حال یہ ہے کہ) ان سب جرائم کے ارتکاب کے باوجود یہی قوتیں انسانی حقوق اور انسانیت دوستی کے نعرے بھی لگاتی ہیں۔

۶۔تمام مسلمانوں کے لیے عموماً اور مجاہدین کے لیے خصوصاً دلوں کو ٹھنڈا کر دینے والی بات ہے کہ بدخشان سے ہلمند تک، اور ننگرہار سے ہرات تک کے تمام مجاہد بھائیوں کی طرح ایک ہی جھنڈے تلے اور ایک ہی امیر کے تحت علمِ جہاد بلند کیے ہوئے ہیں۔ اور اللہ تعالی کے فضل سے یہی کامیابی ونصرت کا سبب بھی ہے اور اسی اتحاد نے دشمن کو بوکھلاہٹ کا شکار اور حیرت میں مبتلا کر رکھا ہے۔

دشمن کی سازشوں پر ایک نظر:

۷۔ دشمن نے پچھلے گیارہ سالوں میں خوب زور لگایا ہے کہ اپنے میڈیا کے توسط سے افغانوں کے ذہن تبدیل کر دے، مگر نظر آتے حقائق (جن کا مشاہدہ افغان قوم اور پوری دنیا بخوبی کر رہی ہے) سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ دشمن کی تمام مکروہ چالیں ناکام ہو چکی ہیں، اور ''نام نہاد آزادی کے علم بردار میڈیا'' کے خفیہ ایجنسیوں سے تعلقات طشت از بام ہو چکے ہیں۔اور یہ میڈیا والے افغانوں اور دنیا بھر کے لوگوں کا اعتماد کھو چکے ہیں، اب لوگ ان پر بھروسہ نہیں کرتے بلکہ یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے یہ سب پروپیگنڈے مجاہدین کے خلاف نظریہ سازش کے پھیلاؤ کا ایک ذریعہ ہیں، عوام جان چکے ہیں کہ میڈیا خفیہ رقموں کے عوض قابضین کے نقصانات چھپاتا ہے۔ جب کہ مجاہدین کے نقصانات کو بڑھا چڑھا کر پیش کرتا ہے اور مجاہدین کی کامیابیوں پر سکوت اختیار کیا جاتا ہے۔

۸۔ دشمن چاہتا ہے کہ اپنی خفیہ ایجنسیوں کے ذریعے چند جاہل اور اوباش نوجوانوں کو استعمال کرتے ہوئے عوام کے اندر بے چینی اور فتنہ انگیزی پیدا کرے، کمیونسٹ حکومت کے زوال کے بعد ۱۹۷۰ء کی دہائی کی طرح عوام کو مختلف جماعتوں اور گروہوں میں تقسیم کر دے۔مگر الحمدللہ دشمن کا یہ مذموم منصوبہ ابتدا ہی سے ناکام ہو گیا ہے، اس طرح عوام الناس ان لوگوں کے جرائم دیکھتے ہوئے مجاہدین کے مزید قریب ہو گئے ہیں اور ان کی سازشوں سے ہر وقت باخبر رہتے ہیں۔

۹۔قابضین کی جانب سے اپنے افغانی ایجنٹوں کو نام نہاد انتقالِ اقتدار کا پروگرام وہ جھوٹا ڈرامہ ہے جس کے تحت ایک جانب تو وہ اپنی شکست چھپانا چاہتے ہیں اور دوسری طرف افغان عوام اور دنیا کو یہ باور کرانا چاہتے ہیں کہ ان پر افغانوں کا اعتماد ہے اور عوام چاہتے ہیں کہ انتظامی اور عسکری لحاظ سے ملک کا مستقبل انہی کے حوالے کیا جائے۔ یہ بھی قابضین کے دوسرے منصوبوں کی طرح ایک ناکام جستجو اور لوگوں کو جھانسہ دینے کی ایک بھونڈی کوشش ہے، دیکھا جائے تو جن علاقوں میں اس منصوبے پر عمل کیا گیا ہے وہاں اب بھی عملی طور پر ادارے فوجی اور انتظامی حوالے سے قابض افواج کے مکمل کنٹرول میں ہیں اور اپنے تمام وعدوں کے برخلاف رات کے وقت چھاپوں سمیت تمام وحشیانہ حملوں کا اختیار ان ہی کے پاس ہے۔

اسٹریٹیجک معاہدے ،فوجی اڈوں کا قیام اور ناکام کانفرنسوں کا انعقاد:

۱۰۔تزویراتی معاہدے کے نام پر افغانستان کو بیچنے کا جو کھیل کھیلا گیا یا کھیلا جا رہا ہے یہ کبھی بھی غیور افغان عوام کے لیے قابل قبول نہیں ہو سکتا اور نہ ہی قابضین کے مسلط کردہ بے اختیار اور کٹھ پتلی ایجنٹوں کے پاس اس طرح کے معاہدات پر دستخط کرنے کا کوئی قانونی جواز موجود ہے۔

۱۱۔افغانستان کی آزادی اور شرعی نظام کے نفاذ کی اہمیّت وہ اعلیٰ نصب العین ہے کہ امارت اسلامی کسی بھی قیمت پر ان پر سمجھوتے کے لیے تیار نہیں ہے، غیر ملکی قیام امن کے عنوان کے تحت موجود ہوں یا اسٹریٹیجک معاہدے کے تعاون کے نام پر، افغان عوام ان کے خلاف اس وقت تک جہاد جاری رکھیں گے جب تک افغانستان مکمل آزادی اور خودمختاری حاصل نہیں کر لیتا۔

۱۲۔امداد کے نام پر منعقد کی جانے والی کانفرنسوں کے توسط سے کابل کی رشوت خور حکومت کے ساتھ اربوں ڈالر کے جو وعدے کیے جاتے ہیں، یہ صرف اور صرف غیر ملکی قابض قوتوں کے اشارے پر ہو رہے ہیں تا کہ کابل کے بیمار اور منتشر نظام کو ایک مخصوص وقت تک زندہ رکھا جا سکے، امداد دینے والے ممالک اور اقوام کو سمجھنا چاہیے کہ یہ امداد کسی طرح بھی افغان عوام کے دکھوں کا مداوا نہیں ہو گی بلکہ یہ کابل کے رشوت خور، بیمار اور بیرونی مفادات کو تحفظ فراہم کرنے والے نظام میں شامل افراد کی ذاتی جیبوں اور بنکوں میں چلی جائے گی۔

بات چیت اور مذاکرات کا بیان:

۱۳۔ہم نے ہمیشہ ایک خودمختار اور مضبوط اسلامی قوت کی حیثیت سے افغانستان اور اس کے ساتھ منسلک تمام بین الاقوامی معاملات کے بارے میں واضح موقف اپنائے رکھا ہے، اور بتا دیا ہے کہ ہم اپنے عوام کی امیدوں اور تمناؤں کے مطابق اسلامی نظام کے نفاذ اور افغانستان کی وحدت کے تحفظ تک نبرد آزما رہیں گے، اس لیے کہ افغانستان تمام افغان قوم کا مشترکہ گھر ہے، سب اتفاق واتحاد کی فضا میں زندگی بسر کرنا چاہتے ہیں۔ امارت

19 جولائی: صوبہ پکتیکا.........ضلع مٹھا خان.........مجاہدین کی امریکی اور افغان فورسز سے جھڑپ..........6 امریکی اور 6 افغان فوجی ہلاک

اسلامیہ قابض افواج کے انخلا کے بعد باہم گفت وشنید کے ذریعے اسلامی شریعت کے قیام میں سب افغانوں کو شریک کرے گی اور ان کی چاہتوں کا خیال رکھے گی، یہ نظام (ان شاءاللہ) مجاہدین، شہدا، یتیموں اور بیواؤں کی امنگوں کی تکمیل ثابت ہوگا۔

۱۴۔امریکہ کے ساتھ چند مخصوص موضوعات پر جو ابتدائی مذاکرات ہوئے تھے (جو اب تعطل کا شکار ہیں)، ان کا انعقاد امریکہ کی خواہش پر ہی ہوا تھا، میں اس حوالے سے کہہ دینا چاہتا ہوں کہ ہم نے امریکہ کے ساتھ مذاکرات ہتھیار ڈالنے یا اپنے اہداف سے پیچھے ہٹنے کے لیے نہیں بلکہ قیدیوں کے تبادلے، سیاسی دفتر کھولنے اور اپنے اہداف تک پہنچنے کی غرض سے کیے ہیں۔

افغانستان کا مستقبل:

۱۵۔امارت اسلامیہ کو حکومتی اجارہ داری کا کوئی شوق نہیں ہے۔افغانستان تمام افغانوں کا مشترکہ گھر ہے، جس طرح سب پر اس کی تعمیر اور ترقی کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے اسی طرح اہلیّت و برابری کی شرط پر حکومت میں حصّہ لینا بھی ہر ایک کا حق ہے، امارت اسلامیہ کی بھرپور کوشش ہوگی کہ اختیارات اور اقتدار ایسے لوگوں کے سپرد کیا جائے جن میں پوری اہلیّت ہو اور خصوصی طور پر حکومتی اداروں سے کرپشن ختم کی جائے۔

۱۶۔امارت اسلامیہ حصول تعلیم کو اپنی قوم کی دنیاوی ترقی اور اخروی سعادت کا باعث گردانتی ہے، آپ کو معلوم ہوگا کہ امارت اسلامیہ نے اپنے دور اقتدار میں بجٹ کا بڑا حصّہ تعلیم کے لیے مختص کر رکھا تھا اور آج بھی اپنی تشکیلوں میں تعلیم اور تربیت کے لیے خصوصی کمیشن بنا رکھے ہیں تا کہ اپنی عوام کو تعلیمی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔لیکن بارہا دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض ادارے بند کر دیے جاتے ہیں، کچھ کو جلا دیا جاتا ہے یا طلبہ پر زہریلا مواد استعمال کر کے اس کا الزام مجاہدین کے سر تھوپ دیا جاتا ہے۔درحقیقت یہ کام شکست خوردہ دشمن کی خفیہ سازشوں کی ایک کڑی ہے، جو مجاہدین کو بدنام کرنے کے لیے بروئے کار لائی جاتی ہیں۔

۱۷۔ہم خواتین کو اسلامی اصولوں، قومی مفادات اور اپنی شرعی ثقافت کے مطابق تمام حقوق دینے کے لیے کمربستہ ہیں۔افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ قابض قوتوں کی آمد کے ساتھ ہی افغان عوام خصوصاً خواتین کو بہت سے مصائب اور تکالیف برداشت کرنا پڑے ہیں، یہاں تک کہ کئی خواتین مظالم سے تنگ آ کر خود کو جلا بیٹھیں، اور بعض مظلوم خواتین کو انتہائی بے دردی سے شہید کیا گیا، ان کی عزتیں پامال کی گئیں، اور آج بھی یہ جبر کسی طرح رکنے میں نہیں آ رہا ہے۔جب کہ امارت اسلامیہ کے دور میں افغان خواتین پر امن زندگی بسر کر رہی تھیں اور ان تمام مصائب سے محفوظ تھیں۔

۱۸۔امارت اسلامیہ ملک کے اندر اور باہر موجود افغانوں کے لیے ایسی سہولیات فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے کہ وہ اپنی پیشہ وارانہ مہارت اور تعلیمی استعداد کو ملکی تعمیر نو اور عوامی خوشحالی اور خدمت خلق کے لیے بروئے کار لاسکیں۔

۱۹۔اسی طرح امارت اسلامیہ نے ہر زاویے سے کوشش کر رکھی ہے کہ اسلامی شریعت کے زیر سایہ ملک کی تعمیر نو، زراعت کی ترقی (پیداوار)، سڑکوں، پلوں، ہسپتالوں کی تعمیر، ملک کے عمومی بنیادی ڈھانچے کا از سر نو قیام، معدنیات کا استخراج، بارودی سرنگوں کی صفائی، بنجر زمینوں کی آبادکاری، اور افغانستان کو ایک کامیاب ترین صنعتی ملک بنانے اور جدید ٹیکنالوجی کے حصول پر خصوصی توجہ دے۔

۲۰۔افغانستان کی تقسیم کے منصوبہ سازوں کو جان لینا چاہیے کہ امارت اسلامیہ اپنی عوام کے تعاون سے ہرگز کسی کو اجازت نہیں دیتی کہ وہ افغانستان کی بربادی اور تقسیم کی مذموم کوششوں کو پروان چڑھائیں۔

خارجہ پالیسی کا بیان :

۲۱۔امارت اسلامیہ ساری دنیا اور خصوصاً عالمِ اسلام اور ہمسایہ ممالک کے ساتھ اسلامی اصولوں اور ملکی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے باہمی احترام اور دلچسپی کے امور پر اچھے تعلقات کی خواہاں ہے، اور کسی ملک کے اندرونی معاملات میں مداخلت کا ارادہ نہیں رکھتی اور کسی دوسرے ملک کو بھی اجازت نہیں دیتی کہ وہ اس کے اندرونی معاملات میں مداخلت کرے، امارت اسلامیہ دنیا کو اطمینان دلاتی ہے کہ اسلامی تعلیمات کو سامنے رکھتے ہوئے اس کی سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہیں ہوگی۔اور ہر کس و ناکس پر یہ بات واضح کرتی ہے کہ اسلامی تعلیمات کو مدنظر رکھتے ہوئے بین الاقوامی قوانین و معاہدات کا احترام یقینی بنائے۔

۲۲۔ ہم عرب انقلابات کے نتیجے میں قائم ہونے والی حکومتوں، عرب اقوام کو حاصل نئی زندگی اور نئے حالات پر ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں، اور ہماری اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہر میدان میں آگے بڑھیں، ان کا مستقبل روشن ہو اور وہ اپنی زندگیوں میں اسلامی تعلیمات کو جاری و ساری کریں۔اور سب سے زیادہ فرحت و انبساط کی بات تو یہ ہے کہ ظلم واستبداد کی چکی میں پسے ہوئے کئی مسلمان طویل ترین غریب الدیاری کے بعد اپنے وطن اور اہل وعیال میں واپس لوٹ رہے ہیں۔

۲۳۔افغانستان کی مسلم عوام دیگر تمام مسلمانوں کی طرح برما کی حکومت کے زیر سایہ ہونے والے مسلمانوں پر مظالم کے بارے میں رنجیدہ ہے، ہم موتمر عالم اسلامی (اسلامی کانفرنس) اور دنیا بھر کی انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ کرتے ہیں ان مظالم کو روکنے کے لیے فوری اقدامات اٹھائے جائیں۔

مجاہد بھائیوں کے نام پیغام!

۲۴۔میرے محترم عزیز مجاہد بھائیو! یہ ہماری خوش بختی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سے اپنے دین کی خدمت لے رہا ہے اور ہمیں جہاد جیسی عظیم عبادت میں مشغول کر رکھا ہے۔یہ جو آپ ہر لمحہ اپنی

19 جولائی: صوبہ غزنی..........صدر مقام غزنی شہر..........امریکی فوجیوں پر ریموٹ کنٹرول بم حملے..........15 امریکی فوجی ہلاک اور متعدد زخمی

خواہش اور رضامندی سے تیاری پکڑے رکھتے ہیں اور اپنے دین، عوام اور ملک کے دفاع کے لیے قربانیاں پیش کرنے کے لیے کمربستہ رہتے ہیں، یہ آپ کے مضبوط ایمان، بلند ہمتی، پختہ عزم، دینی غیرت، بےلوثی اور شرافتِ طبع کی دلیل ہے۔ جی ہاں! آپ ساری دنیا اور، خاص طور پر عالم اسلام کے لیے باعث عزت وافتخار ہیں۔ بے شک آپ آزادی و خودمختاری کا ہراول دستہ اور اکیسویں صدی میں عظمت ومردانگی کے بطل جلیل ہیں۔

۲۵۔ میرے عزیز بھائیو! ہمارا جہاد اور ہماری قربانیاں تب ہی نفع بخش اور سودمند ثابت ہوسکتی ہیں جب تک ہم اس طریقے سے جہاد جاری رکھیں گے جیسا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کرتے رہے۔

۲۶۔ آپ پر لازم ہے کہ اپنے مظلوم عوام کی جان، مال اور عزت کے تحفظ اور حفاظت کے لیے پہلے سے زیادہ اہتمام کا مظاہرہ کریں۔ آپ کو چاہیے کو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاقِ عالیہ کی روشنی میں لوگوں کے ساتھ محبت، اکرام اور مہربانی والا سلوک کریں۔ اچھے رویے سے عوام کے دل جیتیں، عوام کو ایذا رسانی اور تکلیف دینے سے بہرصورت گریز کریں اور جو لوگ عوام الناس کی ایذا رسانی کا سبب بنتے ہیں ان کی اطلاع اپنے ذمہ داروں تک ضرور پہنچائیں۔

۲۷۔ جہادی کارروائیوں کے دوران ایسی حکمت عملی سے کام لیا جائے کہ لوگوں کو جانی اور مالی نقصان ہرگز نہ پہنچے، عوامی نقصانات سے اجتناب کی جو ہدایات 'لائحہ' میں آپ پر لازم کی گئی ہیں ان پر عمل کرنا آپ کا دینی فریضہ ہے اور ان کی مخالفت دنیا وآخرت کا نقصان ہے، لہٰذا میں دوبارہ تاکید کرتا ہوں اس معاملے میں انتہائی احتیاط سے کام لیں، اس لیے کہ دشمن تو جان بوجھ کر عام لوگوں کا نقصان چاہتا ہے۔ پس آپ کا فرض بنتا ہے کہ ان نازک حالات میں اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں سرانجام دیں۔

۲۸۔ اپنے تمام امور کو دیے گئے جہادی لائحہ عمل کے مطابق بجالائیں۔ اس لیے کہ اس طرح آپ اپنے کاموں سے باآسانی اور احسن طریقے پر عہدہ برآ ہوسکیں گے اور مطلوبہ اہداف کا حصول آسان ہوجائے گا۔ آپ پر سختی سے لازم ہے کہ ایک دوسرے کے معاملات اور ذمہ داریوں میں مداخلت سے باز رہیں، سب اپنی اپنی ذمہ داریوں کی طرف متوجہ رہیں، تاکہ ہر ایک اپنی ذمہ داری احسن طریقے سے نباہ سکے۔

۲۹۔ آپ پر اپنے امرا کی مکمل اطاعت فرض ہے۔ اور چاہیے کہ آپ قرآن پاک کی تلاوت کو اپنے اوپر لازم کریں، جنابِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کا مطالعہ کریں، ادعیہ ماثورہ کا اہتمام کریں، دینی کتب کے مطالعہ کو اپنی عادت بنالیں اور یہ سب روزانہ کی بنیاد پر ہونا چاہیے۔

کابل حکومت کے ملازمین اور منتظمین کے نام:

۳۰ میں ایک بار پھر کابل حکومت کے تمام کارندوں کو خصوصاً پولیس، فوجی اور خفیہ ایجنسی کے اہل کاروں اور ضابطہ کاروں کو دعوت دیتا ہوں کہ اپنے دین اور ملک کے خلاف بیرونی حملہ آوروں کی صفوں کو چھوڑ ڈالیں۔ اپنے ان باہمت نوجوانوں کی طرح مجاہدین کے ساتھ آملیں جو قابض افواج کے لیے شدید دھچکہ ثابت ہوئے ہیں۔ غاصب بیرونی دشمن کو بھگانے اور اپنے ملک کی آزادی کے لیے جاری معرکہ میں جوان شاء اللہ عنقریب کامیابی سے ہم کنار ہونے والا ہے، شریک ہوجاؤ۔ تاکہ دنیا میں کامیابی اور عزت سے بھرپور زندگی نصیب ہو اور آخرت میں اپنے خالق اور مالک کے نیک اور صالح بندوں کی جماعت میں اٹھائے جاؤ۔

۳۱۔ تمہیں چاہیے کہ اس موقع سے فائدہ اٹھاؤ کیونکہ وہ دن اب ان شاء اللہ دور نہیں کہ جب غاصب دشمن افغانستان سے بھاگ جائے گا، امارت اسلامیہ نے اسی مقصد کے پیشِ نظر پورے ملک میں دعوت وارشاد سے منسلک تشکیلات جاری کی ہیں جن کا کام فوجیوں کو دشمن کی صف سے نکلنے اور مجاہدین کے ساتھ آملنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔

بین الاقوامی برادری اور حملہ آور ممالک کے نام:

۳۲۔ امریکہ کی افغانستان پر چڑھائی درحقیقت لمبے عرصے تک سیاسی اور اقتصادی مفادات کے حصول کے لیے ہے۔ یہ سب اس خطے اور دنیا بھر میں اپنے مخالفین کی سرکوبی کے لیے ہے، مگر افسوس کہ بعض ممالک امریکی مفادات کے تحفظ کے لیے قربانی کا بکرا بنے ہوئے ہیں، اور یہاں امریکی فوجیوں کے شانہ بشانہ انسانیت سوز مظالم ڈھا رہے ہیں۔

۳۳۔ اسی طرح تمہاری فوجیں ہمارے ملک میں خواتین اور بچوں کو بے دردی سے قتل کررہی ہیں، ہماری بستیوں اور گھروں کو مسمار وتباہ کیا جارہا ہے، ہمارے دینی شعائر کی توہین کی جارہی ہے، ہماری ثقافت اور ملی اقدار کی تضحیک کی جارہی ہے۔ وہ ہمارے گھروں اور سرسبز باغات کو جلا رہے ہیں اور انہیں بلڈوز کررہے ہیں، پس تمہارا یہ فرض بنتا ہے کہ فرانسیسی عوام کی طرح اپنی حکومتوں کو ان جرائم کے ارتکاب سے روکو، تاکہ تمہارے بچے اور وسائل مزید امریکی خواہشات کی خاطر قربان ہونے سے بچ جائیں۔

۳۴۔ تمہارے علم میں ہونا چاہیے کہ ہمارے ملک میں تمہارے لاتعداد فوجی مارے جاچکے ہیں اور بہت سے مستقل معذوری کا شکار ہورہے ہیں، اور کئی جنگی دباؤ کی وجہ سے نفسیاتی بیماریوں میں مبتلا ہوگئے ہیں، مگر تمہاری حکومتیں یہ تلخ حقائق تم سے اور تمہارے میڈیا سے چھپارہی ہیں۔

۳۵۔ امارت اسلامیہ خاص طور پر موتمر العالم الاسلامی (ورلڈ مسلم کانگریس)، عالمِ اسلام، امت مسلمہ اور مسلم ممالک کے حکمران، اسلامی حلقوں سے پرزور اپیل کرتی ہے اور امید رکھتی ہے کہ وہ افغان مظلوم عوام کی خودمختاری اور ظلم سے نجات کی کاوشوں میں امارت اسلامی کے ساتھ فوری اور وسیع پیمانے پر تعاون کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کریں گے۔

(بقیہ صفحہ ۴۴ پر)

19 جولائی: صوبہ میدان وردک .... ضلع جلگہ .... مجاہدین کا افغان چیک پوسٹوں پر حملہ .... 3 چوکیاں جل کر خاکستر .... 12 اہل کار ہلاک اور زخمی

اے سرزمین شام کے شیرو! آگے بڑھو

شیخ ایمن الظواہری حفظہ اللہ

الحمدللّٰہ ،والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللّٰہ و علیٰ الہ و صحبہ ومن والاہ

ساری دنیا کے مسلمان بھائیو! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! امابعد!

شام کے زخموں سے بہنے والا خون ہر آنے والے دن کے ساتھ تیز ہورہا ہے اور قصاب ابن قصاب بشار بن حافظ اپنے مظالم میں اور بڑھتا جارہا ہے۔لیکن الحمدللہ یہ بے گناہ مسلمانوں کا بہنے والا خون، آلام اور قربانیاں اہلِ شام کی مزاحمت کو اور بھی ترقی اور نمو دے رہی ہیں۔شام کے بہادر اور مجاہد عوام اب بیدار ہوچکے ہیں اور اس وقت تک پیچھے نہیں ہٹیں گے جب تک اللہ کے اذن اور مدد سے ان مجرم قصابوں سے نجات حاصل کر کے شام کی سرزمینِ جہاد و رباط میں ایک ایسا نظام قائم نہ کرلیں جو اسلام اور ساری امتِ مسلمہ کی محافظ اور ملت کی حرمت کی پاسبان ہو۔

اس لادین نظام کے بڑھتے ہوئے جرائم ہمارے مجاہدینِ ابطال کے صبر و استقامت اور جرأت و استقلال میں اور بھی اضافہ کرتے جارہے ہیں۔وہ اس لادین نظام کے خلاف عزت وشرف کا معرکہ لڑ رہے ہیں، گویا کہ عطا کا ایک سمندر ہے جو چلے جارہا ہے، قربانیوں کا اک سیل رواں ہے جو تھمنے کو نہیں آتا اور حمیت کا اک آتش فشاں ہے جو اُبل رہا ہے۔اے ہمارے اہلِ شام! تم ہرگز مغرب، امریکہ، ترکی اور عرب حکومتوں پر اعتماد نہ کرنا۔تمہیں اچھی طرح معلوم ہے کہ یہ تمہارے بارے میں کیا سوچتے ہیں اور عرب لیگ اور اس کے تابع فاسد حکومتوں سے محتاط رہنا کہ موقع جب ہاتھ سے نکل جائے تو دوبارہ ہاتھ نہیں آتا۔

تم ترکی اور مغرب پر بھروسہ نہ کرنا جو گزشتہ کئی دہائیوں سے اس فاسد نظام کے حامی اور مشیر رہے ہیں اور اب اس سے پیچھے ہٹ کر لاتعلقی کا ڈھونگ رچا رہے ہیں، بلکہ تم اللہ وحدہ لاشریک کی ذات پر اور اس کے بعد اپنی قربانیوں اور صبر و استقلال پر بھروسہ رکھو۔ان سب کو اسرائیل کے مدمقابل آزاد مسلم مجاہد سوریا ہرگز گوارا نہیں ہے بلکہ یہ ایک ایسے غلام اور کمزور سوریا کے خواہشمند ہیں جو اپنے دین اور شاندار تاریخی ورثے سے لاتعلق ہو اور اسرائیل کو قابلِ قبول ہو۔جو عالمی ظلم جسے بین الاقوامی قانون کہا جاتا ہے، کے سامنے سر جھکا دے اور اسرائیل کے ساتھ قدم ملا کر چلے۔

اے ہمارے اہلِ شام! تم ہرگز غمگین اور پریشان مت ہونا اور ہمت نہ ہارنا۔تمہیں خوش خبری ہو کہ اس متعفّن فاسد نظام نے پسپائی شروع کردی ہے اور اپنے منطقی انجام کو پہنچنے والا ہے۔تم اپنی تحریک اور غضب کو قائم رکھو اور ایسی شریف مستقل حکومت کے علاوہ کسی چیز پر سمجھوتہ نہ کرنا جو اسلام کی حاکمیت کو قائم کرنے والی، زمین سے فساد ختم کرنے والی اور امت کے دشمنوں کے سامنے ڈٹ جانے والی ہو۔

میں ترکی، عراق، اردن اور لبنان کے ہر شریف، آزاد اور باشعور مسلمان کو پکارتا ہوں کہ وہ حتی المقدور اپنے شامی بھائیوں کی مدد کرے اور جان و مال اور قیل وقال سے جہاں تک ہوسکے اس معرکے میں شرکت کرے، کیونکہ شام میں مسلط شدہ یہ جابرانہ نظام ساری امتِ مسلمہ کے لیے خطرہ ہے۔یہی نظام ہے جو گزشتہ کئی دہائیوں سے شام اور اس سے باہر اسلام اور امت مسلمہ پر حملہ آور ہے۔مسلمانوں کے جان و مال اور عصمت و آبرو کو پامال کررہا ہے۔جس نے امتِ مسلمہ کے بہترین نوجوانوں کو قیدخانوں میں ڈال رکھا ہے اور اذیّتیں دے دے کر قتل کررہا ہے۔جو تقریباً چالیس سال سے اسرائیل کی سرحدوں کا محافظ ہے اور امریکہ کی اسلام کے خلاف دہشت گردی کے نام پر جاری جنگ میں اس کا حلیف ہے۔یہی سفاک نظام ہے جو مسلسل کئی دہائیوں سے حمص وحماء، جسر الشغور اور درعا میں بے گناہ مسلمانوں کا بے دریغ خون بہا رہا ہے۔یہ ٹھگوں اور چوروں کا ٹولہ ہے جو شام کی دولت اور وسائل کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہا ہے۔

یہ وہ شریر نظام ہے جو شام اور سارے عالم اسلام پر مسلّط ہے۔یہ ایک خبیث سرطان (کینسر) ہے جس نے اہلِ شام کا سانس بند کر رکھا ہے اور ساری امت کو اپنی لپیٹ میں لے رہا ہے۔بے شک اس کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے علاوہ اس کا کوئی علاج نہیں۔اس لیے اہلِ شام اور ساری امت کا فرض ہے کہ اس نظام کی بیخ کنی کے لیے اپنے سارے وسائل جھونک دیں۔کیونکہ یہ معرکہ ظلم کے خلاف عدل، قہر کے خلاف حریت، غلامی کے خلاف استقلال اور فساد کے خلاف امن کا معرکہ ہے اور بے شک یہ اسلام کا اپنے دشمنوں کے خلاف معرکہ ہے۔

اگر ہم حقیقی آزادی چاہتے ہیں تو ہمیں اس نظام سے آزادی حاصل کرنی ہوگی، اگر ہمیں عدل و استقلال چاہیے تو ہمیں اس نظام کو ختم کرنے کے لیے اس کے سامنے سینہ سپر ہونا ہوگا، اگر ہمیں بیت المقدس کو آزاد کروانا ہے تو ہمیں اس نظام سے چھٹکارا حاصل کرنا ہوگا۔

اے شام کے شیرو! فتح ونصر کی طرف بڑھو اور اس کے ثمرات کو سمیٹ لو، تردّد اور غم کا شکار مت ہونا اور کمزور مت پڑنا، حق تبارک وتعالیٰ کا قول یاد رکھو:

وَ لَا تَهِنُوا وَ لَا تَحزَنُوا وَ اَنتُمُ الاَعلَونَ اِن کُنتُم مُّؤمِنِینَ۔اِن یَّمسَسکُم قَرح فَقَد مَسَّ القَومَ قَرح مِّثلُه وَ تِلکَ الاَیَّامُ نُدَاوِلُهَا بَینَ النَّاسِ وَ لِیَعلَمَ اللّٰهُ الَّذِینَ اٰمَنُوا وَ یَتَّخِذَ مِنکُم شُهَدَآءَ وَ اللّٰهُ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِینَ ۔وَ لِیُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِینَ اٰمَنُوا وَ یَمحَقَ الکٰفِرِینَ۔اَم حَسِبتُم اَن تَدخُلُوا الجَنَّةَ وَ لَمَّا یَعلَمِ اللّٰهُ الَّذِینَ جٰهَدُوا مِنکُم وَ یَعلَمَ الصّٰبِرِینَ (آل عمران:۱۳۹۔۱۴۴)

اور (دیکھو) بے دل نہ ہونا اور نہ کسی طرح غم کرنا اگر تم مومن (صادق) ہو تو تم ہی غالب رہو گے۔اگر تمہیں زخم (شکست) لگا ہے تو ان لوگوں کو بھی ایسا زخم لگ چکا ہے اور یہ دن ہیں کہ ہم ان کو لوگوں میں بدلتے رہتے ہیں اور اس سے یہ بھی مقصود تھا کہ خدا ایمان والوں کو متمیز کردے اور تم میں سے گواہ بنائے اور خدا بے انصافوں کو پسند نہیں کرتا۔اور یہ بھی مقصود تھا خدا ایمان والوں کو خالص (مومن) بنادے اور کافروں کو نابود کردے۔کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ (بے آزمائش) بہشت میں جا داخل ہوگے حالانکہ ابھی خدا نے تم میں سے جہاد کرنے والوں کو تو اچھی طرح معلوم کیا ہی نہیں اور (یہ بھی مقصود ہے) کہ وہ ثابت قدم رہنے والوں کو معلوم کرے۔

اے شام کے شیرو!اپنی نیت کو اسلام، مستضعفین اور اسیروں کی نصرت اور شہدا کے خون کے بدلے کے لیے جہاد فی سبیل اللہ کے لیے خالص کرو۔نیتوں کو ایسی اسلامی حکومت کے قیام کی خاطر جہاد فی سبیل اللہ کے لیے خالص کرو جو مسلم سرزمینوں کا دفاع کرے، گولان کی آزادی کی جنگ لڑے اور ان شاء اللہ مقبوضہ القدس پر فتح کا پرچم نصب کرنے تک جہاد کو جاری رکھے گی۔

اے شام کے شیر دل عوام!امت کے تفرقے کے دور میں اپنے تاریخی کردار کو فراموش نہ کرنا۔اپنے ان جری اسلاف کو یاد کرو جنہوں نے اسلام اور امتِ مسلمہ کی حرمت کا دفاع کیا تھا۔اے عرب وعراق اور مصر و ترکی کے جری اور شجاع مجاہدین!تم سب 'لا الٰہ الا اللہ' کے پرچم تلے متحد ہوجاؤ،جس کے سائے میں ماضی میں صلاح الدین ایوبیؒ نے فتح و نصرت اور بیت المقدس کی آزادی کی طرف تمہاری قیادت کی تھی۔بے شک اس اتحاد کے علاوہ تمہیں فتح نصیب نہیں ہوسکتی اور یاد کرو کہ صلاح الدینؒ کی بیت المقدس کی فتح ، نورالدین زنگیؒ کے دمشق اور صلاح الدین کے قاہرہ فتح کرنے سے ہی شروع ہوئی تھی۔

اپنی نیتوں کو خالص کرو کہ تم اپنی مبارک تحریک کے ذریعے بیت المقدس اور تمام مقبوضہ مسلم سرزمینوں کو آزاد کراؤ گے۔اگر تم اپنی نیت اللہ کے لیے سچّی کرلوگے تو اللہ تمہارے ساتھ ہوجائے گا،تمہاری قربانیوں میں برکت ڈال دے گا اور اپنے اذن سے تمہارے لیے فتح ونصرت کے دروازے کھول دے گا۔یاد رکھو ہم سب ایک ہی امت ہیں اور غاصب کفار اور ان کے کاسہ لیس ظالم و جابر حکمرانوں کے خلاف ایک ہی معرکے میں شریک ہیں۔تم سائیکس پیکو کے معاہدے کے غلام مت بنو، بلکہ اللہ کی غلامی اختیار کرو جس نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے:

و ماالنصر الا من عنداللہ

''اور نصرت صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے''۔

اور جس کی محکم آیات ہیں:

ان تنصروا اللّٰہ ینصرکم و یثبت اقدامکم

''اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ تمہیں فتح عطا کرے گا اور تمہارے قدم جما دے گا''۔

اے اہلِ شام!اس موت کی طرف بڑھو جس میں تمہاری حیات ہے۔

تأخرت استبقی الحیاۃ فلم أجد لنفسی حیاۃ مثل ان اتقدما

''میں زندگی بچانے کے لیے تاخیر کرتا رہا پر بچا نہ سکا،زندگی کی بقا تو آگے بڑھنے میں تھی''

پس اے شام کے شیرو!قدم بڑھاؤ اللہ تمہارا حامی و ناصر ہو اور اللہ حمایت و نصرت کے لیے کافی ہے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للّٰہ رب العالمین، وصل للّٰہ علیٰ سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم

والسلام علیکم ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ۔

☆☆☆☆☆

بقیہ: دین کی خاطر قطعِ تعلّق

بلکہ اس کے برعکس اسلام نے صحابہ کرامؓ کے جذبہ محبت کو اور بھی زیادہ مشتعل کردیا تھا۔اس لیے جب وہ اپنے اعزہ واقارب بالخصوص اپنی اولاد اور اپنی شریک زندگی بی بی کو دیکھتے تھے کہ وہ کفر کی بدولت جہنّم کا ایندھن بن رہے ہیں تو فطری محبت کی بنا پر ان کا دل جلتا تھا اور وہ سخت اضطراب کی حالت میں اللہ سے دعا کرتے تھے:

ربنا ھب لنا من ازواجنا وذریتنا قرۃ اعین وجعلنا للمتقین اماما

''اے ہمارے رب!ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عنایت فرما اور ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا بنا''

یعنی ہماری ہی طرح ہماری بیویوں اور بچوں کو بھی ایمان واسلام کی دولت عطا کر اور وہ اس معاملہ میں ہماری پیروی کریں تاکہ ان کو دیکھ کر ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ہم پرہیزگاروں کے پیشوا بن سکیں۔

☆☆☆☆☆

20 جولائی:صوبہ غزنی.........ضلع مقر.........امریکی فوج کے پانچ ٹینک میں مجاہدین کے نصب کردہ بموں سے ٹکرا کر تباہ.........14 امریکی فوجی ہلاک.........6 زخمی

قومی مفاد اور ملکی سلامتی کی قربان گاہ پر ایک اور چڑھاوا!

نیٹو اور امریکی افواج کی رسد کی بحالی کے پس منظر میں استاد احمد فاروق حفظہ اللہ کا بیان

بسم اللہ و الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ و بعد،

میرے محبوب پاکستانی بھائیو! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

۸ ماہ پر محیط ڈرامہ بالآخر اختتام کو پہنچا۔ اختتام عین ویسا ہی ہوا جیسا متوقع تھا۔ پاکستانی فوجی جرنیلوں اور اعلیٰ حکومتی عہدے داران نے مل بیٹھ کر نیٹو افواج کی رسد بحال کرنے کا اعلان کر دیا۔ نہ امریکی حکومت کی طرف سے ریاستی سطح پر کوئی رسمی معافی مانگی گئی نہ ڈرون حملے رکے لیکن امریکی فوج کی رسد پھر بھی بحال ہوگئی۔ قومی مفاد اور ملکی سلامتی کی منطق ایک بار پھر قومی غیرت اور ملی وقار کے نعروں پر غالب آ گئی۔ ۸ ماہ کے دوران بھولے سے جو غیرت و وقار کی باتیں منہ سے نکل گئی تھیں، ان سے بھی توبہ کر کے ہمارا حکمران طبقہ چپ چاپ، دست بستہ، امریکی غلاموں کی صفِ اوّل میں واپس آن کھڑا ہوا۔ قلم کی حرمت بیچنے والے صحافی و تجزیہ نگار بھی یہ کفریہ جملے پھر سے دہرانے لگے کہ پاکستان امریکہ کے بغیر نہیں چل سکتا، امریکہ سے تعلّق خراب کر لیا تو بھوکے مر جائیں گے گویا کہ ان کا رازق، مالک اور الہ امریکہ ہی ہو! آئی ایس پی آر اور حکومتی ایوانوں سے جاری کردہ بیانات بھی قوم کو یہی سبق پڑھانے لگے کہ ملکی مفاد اسی میں ہے کہ امریکہ بہادر سے تعلّق ٹھیک رکھا جائے، خواہ اس کی خاطر دین کے کتنے ہی احکامات توڑنے پڑیں، امریکہ کو راضی کرتے کرتے رب کو ناراض کر لینا پڑے۔ قرآن کے احکامات اور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامینِ مبارکہ کو پسِ پشت ڈال کر ہر شے کو محض عارضی مادی مفادات کی بنا پر جانچنے والی یہ غلامانہ ذہنیت ہی ہماری بربادی کی ذمہ دار ہے۔ اقبال نے شاید انہی حکمرانوں کے بارے میں کہا تھا :

ع ان غلاموں کا یہ مسلک ہے کہ ناقص ہے کتاب
کہ سکھاتی نہیں مومن کو غلامی کے طریق

مومن تو ہمیشہ آخرت کو دنیا پر، دائمی گھر کو فانی مفادات پر اور اللہ کے احکامات کو ہر غیر اللہ کی بات پر مقدم رکھتا ہے۔ ہر قسم کی اقدار، اخلاق، وقار کو، رب کی پسند و ناپسند کو پسِ پشت ڈال کر محض مفادات کی بنا پہ فیصلے اور تجزیے کرنے والی متعفن عقلوں کے بارے میں اللہ کی کتاب یہی حکم دیتی ہے کہ ان کے پیچھے نہ چلا جائے، ان کی رہنمائی نہ قبول کی جائے:

فَأَعْرِضْ عَنْ مَنْ تَوَلَّى عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ إِلَّا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ذَٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدَىٰ (النجم: ۲۹، ۳۰)

پس تم اس سے منہ پھیر لو جس نے ہماری نصیحت سے منہ موڑا اور دنیا کی زندگی کے سوا کچھ نہ چاہا۔ ان کے علم کی پرواز بس یہیں تک ہے، یقیناً تیرا رب ہی جاننے والا ہے اسے جو اس کے رستے سے بھٹک گیا اور وہی زیادہ جاننے والا اسے جو ہدایت پا گیا۔

میرے عزیز بھائیو! یقیناً ہماری سول و فوجی قیادت کا یہ فیصلہ کسی تعجب کا باعث نہیں۔ پاکستان کے حکمران طبقے کے امریکہ سے تعلقات تقریباً اتنے ہی پرانے ہیں جتنا پاکستان خود۔ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد ابتدائی چند سال تو پاکستان باقاعدہ طور پر برطانوی دولتِ مشترکہ کا جز و اور ملکۂ برطانیہ کا ماتحت رہا۔ ملکہ نے حلف اٹھاتے ہوئے پاکستان کو بھی اپنی رعایا میں شمار کیا۔

پھر چند سال بعد برطانیہ نے ہمارے حکمران طبقے کا تعارف اس کے نئے آقا، امریکہ سے کروایا۔ ۵۰ء کی دہائی کے آغاز میں پاکستان سیٹو، سینٹو معاہدات میں داخل ہو کر ہمیشہ کے لیے سیاسی و معاشی میدان میں امریکہ کا دستِ نگر بنا۔ اسی دہائی میں امریکی فوج نے پاکستانی فوج کی تربیت اور جدید امریکی خطوط پہ اس کی تنظیمِ نو کا کام شروع کیا، جس نے عسکری میدان میں بھی امریکہ کی تابع داری کو یقینی بنایا۔ پس ساٹھ سال قبل ہمارے ملک کے حکمران اور فوجی جرنیل جس طاغوتِ اکبر کی چوکھٹ پر سجدہ ریز ہوئے تھے آج بھی پوری عقیدت و وفاداری سے اسی چوکھٹ پہ سجدہ ریز ہیں۔ یہ رذیل طبقہ قیامِ پاکستان سے پہلے بھی جو کچھ بنا برطانوی سرکار کی کرم نوازی سے بنا اور اس کے بعد بھی اس کا اقتدار امریکی دستِ شفقت کے سبب ہی مضبوط رہا۔ اسی لیے یہ طبقہ کسی ایسی زندگی کا تصور بھی نہیں کر سکتا جس میں کوئی بیرونی آقا اس کی پشت پر نہ کھڑا ہو۔ گزشتہ آٹھ ماہ میں جو کچھ ہوا اس کی حقیقت اس سے زیادہ کچھ نہیں تھی کہ حکمران طبقہ اپنے ذاتی مفادات کی خاطر، ڈرون حملوں اور نیٹو رسد میں غلامانہ فدویانہ تعاون کے بدلے بہتر دام وصول کرنے کی خاطر، سجدے سے اٹھ کر رکوع تک کی حالت میں آ گیا لیکن غلام کی یہ مجال کہاں کہ وہ آقا کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے یا اس کی غلامی سے باہر نکل کر جینے کا سوچے۔

رہی بات قومی مفاد کی، تو ہم حکومت، فوج اور بیوروکریسی کے بڑے مشکور ہوں گے اگر وہ خالص دنیوی پیمانوں سے بھی ہمیں سمجھا پائیں کہ افغانی بھائیوں کو قتل کرنے کے لیے امریکہ و نیٹو کو درکار اسلحہ اور دیگر ضروری سامان اپنی زمین سے گزرنے دینے میں اور ڈرون حملوں میں امریکہ سے تعاون کرنے میں پاکستان کے مسلمانوں کا

21 جولائی: صوبہ پکتیا.........ضلع زرمت.........بارودی سرنگ دھماکہ.........امریکی بکتر بند ٹینک تباہ.........6 امریکی فوجی ہلاک اور زخمی

کون سا مفاد پوشیدہ ہے؟ کیا امریکہ کی شکست کھلی آنکھوں سے نظر نہیں آ رہی؟ کیا اس نے افغانستان سے نکلنے کی حتمی تاریخ کا اعلان نہیں کر دیا؟ کیا نیٹو اتحاد میں شامل بعض اہم ممالک اسی سال کے اواخر سے اپنے وطن واپس نہیں لوٹ رہے؟ افغانستان نے تو بہر حال یہیں باقی رہنا ہے اور طالبان نے بھی اللہ کے اذن سے جلد کابل میں اسلامی امارت کا جھنڈا دوبارہ لہرانا ہے۔ پھر سات سمندر پار بیٹھے کافروں کی خاطر پڑوس میں بیٹھے افغانی مسلمانوں سے دشمنی لگا لینا خالص دنیوی پیمانوں سے بھی کون سی دانش مندی ہے؟ کیا افغانستان کے مسلمان اور وہاں کے غیور مجاہدین سقوطِ امارتِ اسلامیہ سے لے کر آج تک کی جانے والی غداریوں کے اس طویل سلسلے کو اتنی آسانی سے بھلا دیں گے؟

ہم یہ بھی جاننا چاہیں گے کہ امریکہ کی رضا کی خاطر اپنے ہی قبائلی علاقہ جات میں فوجی آپریشن کرنے اور ڈرون حملوں میں معاونت کے لیے جاسوسی کا ایک وسیع جال بچھانے میں پاکستان کا کون سا مفاد پوشیدہ ہے؟ کیا ہماری اسٹیبلشمنٹ قبائل کی تاریخ سے غافل ہے؟ کیا وہ نہیں جانتی کہ اس غیور پشتون قوم نے وزیرستان تا سوات پھیلے وسیع علاقے میں ان کے فرنگی آقا کی کیسی درگت بنائی تھی؟ کیا فوج کو اس لامتناہی جنگ میں دھکیلنے والے جرنیل بتا سکتے ہیں کہ کس قومی مفاد کی خاطر انہوں نے نام نہاد دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا تھا؟ آج دس سال بعد بھی اپنے عوام کے خلاف یہ جنگ جاری رکھنے کا فیصلہ کرنے سے ہماری ملکی سلامتی کا کیا تعلّق ہے؟

حقیقت یہ ہے کہ قومی مفاد اور ملکی سلامتی دو گمراہ کن اصطلاحیں ہیں جن کے نام پہ ہمیں سالوں سے بے وقوف بنایا جا رہا ہے۔ ان اصطلاحوں کی آڑ میں یہ حکمران طبقہ دراصل اپنی کرسی کی سلامتی اور اپنے شخصی مفاد کا تحفظ کرتا ہے۔ یہ کوئی نیا طرز نہیں، ہر دور کے فرعون اپنی قوم کو ایسی ہی اصطلاحوں سے بے وقوف بناتے ہیں اور انہیں یہ باور کرواتے ہیں کہ ان کے اقدامات قوم ہی کی بھلائی کی خاطر ہوتے ہیں۔ قرآن 'فرعونِ مصر' جیسے ظالم اور قاتل حکمران کا حال بھی یہی بتلاتا ہے کہ وہ اپنی قوم سے کہتا تھا:

قَالَ فِرْعَوْنُ مَا أُرِيكُمْ إِلَّا مَا أَرَى وَمَا أَهْدِيكُمْ إِلَّا سَبِيلَ الرَّشَادِ (غافر: ۲۹)

فرعون نے کہا کہ میں تمہیں وہی بات بتا رہا ہوں جسے میں خود (صحیح) سمجھتا ہوں اور میں تمہیں عقل مندی ہی کا رستہ دکھا رہا ہوں۔

پس ان مفاد پرستوں کی باتوں پر یقین کرنے اور ان کے ہاتھ میں اپنے فیصلے دیئے رکھنے کا مطلب ہے کہ ہم کبھی بھی غیروں کی غلامی سے باہر نہیں آ سکیں گے۔ اگر ہمیں بحیثیت ایک قوم غلامی سے نکلنا ہے، ایک آزاد قوم کے طور پہ جینا ہے جو ایک اللہ کے سوا کسی کے حکم پہ سر نہ جھکاتی ہو تو آگے بڑھ کر ان سفہاء کے ہاتھ سے اقتدار چھیننا ہوگا اور موجودہ فاسد نظام کو الٹانا ہوگا۔ رہے پاکستان کے غیور مجاہدین تو اس موقع پر ان کے دلی جذبات کی عکاسی اقبال کا یہ شعر کرتا ہے کہ:

؎ لیکن مجھے پیدا کیا اس دیس میں تو نے
جس دیس کے بندے ہیں غلامی پہ رضا مند

مجاہدینِ فی سبیل اللہ تو یہ فیصلہ کر چکے ہیں کہ وہ اس غلامانہ زندگی پر راضی نہیں اور وہ اپنی جانوں کے نذرانے دیتے رہیں گے یہاں تک کہ ان کی محبوب قوم فوجی جرنیلوں، بیوروکریٹ افسروں اور سیاسی خاندانوں کی اس شیطانی تکون سے نجات پا جائے، پاکستان امریکہ کی بالواسطہ و بلاواسطہ غلامی سے آزاد کرا لیا جائے، مظلوم افغان بھائیوں کی پشت میں خنجر گھونپنے والے خائن ہاتھ توڑ دیے جائیں، اور موجودہ ظالمانہ فاسد نظام کی جگہ شریعت کا عادلانہ نظام نافذ کر دیا جائے۔

میں اس موقع پر کراچی و مکران سے لے کر خیبر تک بکھرے مجاہد بھائیوں سے یہ درخواست کروں گا کہ وہ امریکہ و نیٹو افواج کی رسد کو نشانہ بنانے کا خاص اہتمام کریں، افغانی بھائیوں کے لیے موت کا سامان لے جانے والے کنٹینروں کو بارودی سرنگوں کے ذریعے تباہ کریں، چھاپہ مار کارروائیوں کے ذریعے ان قافلوں کو نیست و نابود کریں، جن کمپنیوں کے پاس رسد کی فراہمی کے ٹھیکے ہیں ان کے مالکان کو نشانہ بنائیں غرض ہر ممکن ذریعے سے امارتِ اسلامیہ افغانستان کو پشت سے محفوظ بنائیں۔ اللہ آپ کی نصرت فرمائے، آپ کے نشانے ٹھیک ہدف پر بٹھائے!

میں اس ملک کے علمائے کرام، داعیانِ دین، اور تمام اہلِ خیر اور اہلِ حمیت افراد سے بھی یہ درخواست کروں گا کہ وہ جہادِ افغانستان سے کی جانے والی اس خیانت سے اپنی برأت کا عملی اظہار کریں۔ اگر اب بھی ہم نے پاکستان کو اسلام کے خلاف جاری اس عالمی جنگ سے باہر نہ نکالا اور اس کی خاطر اپنی استطاعت کے مطابق اقدامات نہ اٹھائے، تو اللہ کے دربار میں ہم بطور ایک قوم مجرم اور قاتل قرار پائیں گے۔ اس ملک کی دینی جماعتوں اور اہلِ مدارس کے پاس اور اس ملک کے عام عوام کے پاس ابھی بھی اتنی قوت موجود ہے کہ اگر وہ اللہ سے مدد مانگ کر سنجیدگی سے یہ عزم کریں کہ وہ تمام شرعی وسائل اختیار کرتے ہوئے جہادِ افغانستان سے خیانت کا یہ سلسلہ روک کر دم لیں گے اور ڈرون حملوں اور نیٹو کی رسد کے خلاف عوامی تحریک برپا کریں گے تو ان شاء اللہ حکومت و فوج چند دنوں میں گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہو جائے گی۔ یاد رکھیے! اس بار صلیبی افواج کو رسد فراہم کرنے کا یہ فیصلہ پہلے کی نسبت کہیں زیادہ سنگین اور خطرناک ہے۔ گیارہ ستمبر کے بعد تو ایک فردِ واحد نے اس قوم پر یہ فیصلہ مسلط کیا تھا، لیکن اب کی بار قوم کی نمائندہ کہلانے والی پارلیمان اور اس کی ذیلی کمیٹیوں نے اس خیانت کو دستاویزی شکل دے کر اس پہ دستخط کیے ہیں۔ یقیناً یہ معاملہ نہایت سنگین اور اللہ کے یہاں جواب دہی کے اعتبار سے نہایت مشکل ہے! اللہ ہمیں حکمرانوں کے اس جرمِ عظیم کے وبال سے دنیا اور آخرت میں محفوظ فرمائیں، آمین!

وصلی اللہ علی نبینا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم

21 جولائی: صوبہ ہرات.....ضلع گذرہ.....ڈسٹرکٹ پولیس چیف اور انٹیلی جنس سربراہ پر مجاہدین کا حملہ.....انٹیلی جنس چیف دو محافظوں سمیت ہلاک..... پولیس چیف زخمی

غزنی کے اکثر اضلاع کا ساٹھ فیصد سے زائد رقبہ مکمل طور پر مجاہدین کے زیر کنٹرول ہے

صوبہ غزنی میں امارت اسلامیہ کی طرف سے جہادی امور کے نگران مولوی رحمت اللہ حفظہ اللہ سے انٹرویو

صوبہ غزنی کا شمار افغانستان کے مرکزی صوبوں میں ہوتا ہے جو لوگر، میدان وردگ، بامیان، دایکنڈی، اروزگان، زابل، پکتیکا اور پکتیا صوبوں کے درمیان واقع ہے، صوبہ غزنی افغانستان کا ایک تاریخی صوبہ ہے جو گنجان آبادی پر مشتمل ہے۔ یہ صوبہ سترہ اضلاع پر مشتمل ہے اور اس کا مرکز غزنی شہر ہے جس کا شمار افغانستان کے اہم شہروں میں ہوتا ہے۔ مولوی رحمت اللہ صاحب کا تعلّق صوبہ غزنی کے مرکز سے ہے۔ آپ کافی عرصے سے صوبہ غزنی میں امارت اسلامیہ کی طرف سے جہادی امور کی نگرانی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں اور جہادی امور کا آپ ایک طویل تجربہ رکھتے ہیں، اس سے پہلے آپ ایک طویل عرصے تک صوبہ غزنی کے ایک بڑے جہادی محاذ کی کمانڈ کرتے رہے ہیں، پھر اس کے بعد کچھ عرصہ تک صوبہ غزنی کے مشیر کی حیثیت سے بھی آپ نے فرائض سرانجام دیے۔

صوبہ غزنی میں جاری جہادی کارروائیوں اور دشمن کو پہنچائے جانے والے نقصانات کے بارے میں مولوی رحمت اللہ سے ہونے والی گفتگو قارئین کے لیے پیش خدمت ہے۔

سوال : محترم مولوی صاحب! سب سے پہلے ہم اس ملاقات کے لیے آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں، اس کے بعد آپ سے درخواست ہے کہ صوبہ غزنی میں جاری جہادی کارروائیوں کے بارے میں ہمیں تفصیل فراہم کریں کہ وہاں دشمن کے خلاف جاری کارروائیوں کی آج کل کیا صورت حال ہے؟

جواب :**الحمد للّٰہ والصلوۃ علی اھلھا اما بعد** :صوبہ غزنی میں مجاہدین کی جانب سے جاری کارروائیوں کے بارے میں، آپ کو مختصر بتانا چاہوں گا کہ وہاں سترہ اضلاع میں سے ضلع ناور، مالستان، جاغوری کے مراکز اور اس کے علاوہ باقی چودہ اضلاع میں مجاہدین کی موجودگی اور منظّم عملیات مسلسل جاری ہیں۔

ان اضلاع میں ضلع ناوہ وہ ضلع ہے جو مکمل طور پر مجاہدین کے کنٹرول میں ہے اور یہاں سے دشمن کا مکمل صفایا ہو چکا ہے۔ باقی اضلاع میں سے ضلع زنہ خان، رشیدان اور گیرو وہ اضلاع ہیں جہاں دشمن مکمل طور پر مجاہدین کے محاصرے میں گھرا ہوا ہے۔ ان مذکورہ بالا تین اضلاع میں دشمن کو ساری رسد ہوائی راستے سے فراہم کی جارہی ہے جب کہ زمینی راستہ سے مجاہدین کی رکاوٹ کی وجہ سے ان کے لیے فراہمی ناممکن ہے۔

باقی رہا مرکز اور دیگر اضلاع جیسا کہ انڈر، دہ یک، خواجہ عمری، خوگ یانی، قرہ باغ، آب بند، گیلان اور مقر تو ان کے بارے میں آپ کو بتاتا چلوں کہ ان علاقوں کا ساٹھ فیصد سے زائد رقبہ مکمل طور پر مجاہدین کے زیر کنٹرول ہے، یہاں تک کہ ان میں کچھ اضلاع ایسے بھی ہیں جہاں دشمن کا صرف دس فیصد علاقے پر کنٹرول ہے۔

سوال : صوبہ غزنی میں دشمن کی موجودگی کے بارے میں ہمارے قارئین کے لیے کچھ معلومات فراہم کیجیے کہ وہاں دشمن کتنی تعداد میں موجود ہے اور وہ کس صورت حال سے دوچار ہے۔

جواب : ہماری اطلاعات کے مطابق صوبہ غزنی میں تقریباً دس ہزار غیرملکی فوجی موجود ہیں جن میں سے ڈھائی ہزار پولینڈ کے فوجی ہیں اور باقی آٹھ ہزار امریکی ہیں۔ بہت سے علاقوں میں ان کے ٹھکانے موجود ہیں جس میں سے زیادہ تر ان اضلاع کے مرکزی مقامات پر واقع ہیں۔ صوبہ غزنی میں ان کے بڑے ٹھکانے تین ہیں ایک مرکز کے مغربی جانب، دوسرا قرہ باغ کے گومیشک کے مقام پر جب کہ تیسرا گیلان کے مرکز میں واقع ہے۔

اگر مجموعی اعتبار سے دیکھا جائے تو صوبہ غزنی کے قرہ باغ، انڈر، گیلان اور دہ یک کے مقامات پر دشمن کی موجودگی وسیع پیمانے پر ہے۔ لیکن باقی اضلاع میں صرف سمبولیک کے مقام پر دشمن کی موجودگی ہے جو صرف اس ضلع کی مقامی آبادی کی حفاظت کا ڈرامہ رچا کر یہاں ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں اور وہاں ان کی چند دفاعی چیک پوسٹ قائم ہیں، باقی سارے علاقے ان کے ناپاک وجود سے پاک ہیں۔

صوبہ غزنی کے مرکزی شہر کی صورت حال یہ ہے کہ اطراف کے سارے علاقے مجاہدین کے زیر کنٹرول ہیں جس کی وجہ سے مجاہدین شہر کے اندر بڑی آسانی سے اپنی کارروائیاں سرانجام دیتے ہیں، مثال کے طور پر شہر کے مغربی جانب دگوڈلی اھوگاڑان نامی گاؤں جو آدھے کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے، اسی طرح مشرقی جانب خداداد گاؤں اور جنوب کی طرف سب سے قریبی گاؤں قلعہ امیر محمد خان یہ سارے علاقے مجاہدین کے زیر کنٹرول ہیں، جس کی وجہ سے دشمن ان میں آسانی سے داخل نہیں ہو سکتا۔

سوال : کچھ عرصہ پہلے امارت اسلامیہ کے قائدین کی جانب سے دشمن کے خلاف سال رواں کے الفاروق نامی آپریشن کے آغاز کا اعلان کیا گیا، اس بارے میں صوبہ غزنی میں اس آپریشن کی کیا صورت حال ہے؟

جواب : صوبہ غزنی میں الفاروق آپریشن کی کارروائیاں بڑی منظّم اور وسیع پیمانے پر سر

22 جولائی :صوبہ نورستان ....ضلع کامدیش..........مجاہدین نے افغان نیشنل آرمی کا ہیلی کاپٹر مار گرایا..........ہیلی کاپٹر میں سوار 18 افغان فوجی ہلاک

انجام دی گئیں۔ہم نے پہلے ہی سے ان کارروائیوں کے لیے تیاری مکمل کر لی تھی چنانچہ جس دن کارروائی کا اعلان کیا گیا تو میری اپنی آنکھوں کا مشاہدہ ہے کہ اس دن مجاہدین نے صوبہ غزنی کے تمام اضلاع میں دشمن کے خلاف باقاعدہ عملیات کا آغاز کر لیا، اوراس کے بعد بھی بغیر کسی وقفے کے مجاہدین کی یہ عملیات اب تک جاری ہیں۔ان کارروائیوں کے دوران میں مختلف اضلاع میں دشمن کے ٹینکوں کو بموں سے اڑایا گیا، مثال کے طور پر خواجہ عمری کے مقام پر صرف چوبیس گھنٹوں میں دشمن کے چھ ٹینک اور قرہ باغ کے مقام پر آٹھ ٹینک ان کارروائیوں میں تباہ کیے گئے۔

صوبہ غزنی کے مرکزی شہر میں گورنر کے دفتر اور پولیس کے ذمہ دار پر بھی مجاہدین کی طرف سے باقاعدہ فائرنگ کی گئی، اسی طرح ضلع قرہ باغ میں امیر محمد خان نامی گاؤں کے مقام پر دشمن کا ایک ہیلی کاپٹر مجاہدین کے راکٹ کا نشانہ بنا جس میں دشمن کے کئی فوجی واصل جہنّم ہوئے۔کچھ عرصہ پہلے صوبہ غزنی میں ضلع اندڑ اور ضلع دہ یک کے مقام پر مجاہدین کے ہاتھوں دشمن کا ایک خطرناک منصوبہ ناکام ہوا جس میں انہوں نے مجاہدین کی جاسوسی کے لیے مقامی لوگوں کو بھرتی کرنا تھا۔

سوال: صوبہ غزنی کے قریب سے دشمن کے سپلائی کے دو اہم راستے گزرتے ہیں، جس میں سے ایک کابل سے قندھار کا راستہ ہے جب کہ دوسرا پکتیکا کے قریب سے گزرتا ہے ، ان دونوں راستوں کو کنٹرول کرنے کے لیے آپ لوگوں نے کیا منصوبہ بندی کی ہے؟

جواب: یقیناً یہ دونوں راستے دشمن کے لیے بڑی اہمیّت کے حامل ہیں اسی وجہ سے ان دونوں راستوں پر ہماری توجہ زیادہ ہے۔قندھار اور کابل کے راستے پر تو تقریباً ہر وقت دشمن پر دھماکے اور براہ راست فائرنگ کی جاتی ہے، جب کہ غزنی شہر سے جب دشمن کا کوئی قافلہ نکلتا ہے تو اپسندی، نوغی اور اس کے ساتھ لگے ہوئے اندڑ کے نانی مقام اور اسی طرح ملا نوح بابا کے علاقے، قرہ باغ، گیلان اور مقر کے اضلاع میں بھی جگہ جگہ دشمن کے قافلوں کو نشانہ بنایا جاتا ہے جس کی وجہ سے انہیں شدید نقصانات اٹھانا پڑتے ہیں۔ اسی طرح پکتیا کے مقام پر بھی دشمن کے قافلے جگہ جگہ مجاہدین کی عملیات کا نشانہ بنتے رہتے ہیں۔ حاصل یہ کہ ان دونوں راستوں پر دشمن کئی طرح کے جانی اور مالی نقصانات سے دوچار ہوتا ہے اور ان کا کوئی بھی قافلہ صحیح سالم منزل مقصود تک نہیں پہنچ پاتا۔

سوال: آپ نے ضلع اندڑ میں مقامی جاسوسوں کی بھرتی کی بات کی، جب کہ اس کے بارے اخبارات نے مختلف رپورٹس شائع کی ہیں۔کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ یہاں نئے اسلحہ بردار لوگ پیدا ہو گئے ہیں جو اپنے آپ کو مجاہدین ظاہر کر رہے ہیں، جب کہ پارلیمنٹ میں صوبہ غزنی کے پرانے نمائندے خیال محمد کا کہنا ہے کہ اس کے کہنے پر یہ مقامی لوگوں کا ایک لشکر ہے، اسی طرح کچھ اور لوگوں کا کہنا ہے کہ یہ مقامی جاسوس ہیں، اس واقعہ کی اصلیت کے بارے میں کیا آپ ہمیں کچھ بتا سکتے ہیں؟

جواب: اس بارے میں آپ کو بتاتا چلوں کہ یہ اسلام دشمن قوتوں کا ایک شیطانی منصوبہ تھا جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے مکمل طور پر ناکام بنا دیا۔اس واقعہ کی اصل حقیقت یہ تھی کہ چند برس قبل صوبہ غزنی میں اغیار کے دو زرخرید غلاموں نے،'جن میں سے ایک سابق گورنر فیضان تھا اور دوسرا سابق رکن پارلیمنٹ مامور جبار تھا' یہ کوشش تھی کہ کسی طرح صوبہ غزنی میں قومی لشکر کا نظام شروع کیا جائے جسے 'اربا کی' بھی کہتے ہیں تا کہ یہ لوگ مجاہدین کی راہ میں مشکلات اور رکاوٹ پیدا کر سکیں، لیکن ان کی کوششوں کا ابھی تک کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکلا۔ ہماری معلومات کے مطابق صوبہ غزنی کے دو سابقہ حکومتی عہدے داروں اسد اللہ خالد اور فیضان نے صوبہ غزنی میں موجود لشکر بنانے کا ٹھیکہ امریکہ سے لیا۔ گزشتہ موسم سرما میں جب اس علاقے میں مجاہدین کی موجودگی کم تھی انہوں نے اپنی کوششوں کا باقاعدہ آغاز کیا، اور اس منصوبہ پر بہت سا پیسہ خرچ کیا، اس منصوبہ کا ذمہ دار خود فیضان اور اسد اللہ خالد کے نمائندے کے طور پر مسعود غور بندی نامی ایک شخص تھا ، انہوں نے غزنی شہر کے وسط میں فرخی نامی ہوٹل میں ایک دفتر کھولا ، لیکن لوگوں کو دھوکہ دینے کے لیے اس کے باہر ''دفتر حزب اسلامی'' کا بورڈ لگایا، چنانچہ یہاں سے انہوں نے ضلع اندڑ کے آس پاس واقع گاؤں دیہات اور دیگر علاقوں میں جیسا کہ گانڈہ پیر، گوڈلی، قدم خیل، پایندئی، صاحب خان اور عبد الرحیم جیسے علاقوں میں اپنے کام کا باقاعدہ آغاز کیا، ان مذکورہ علاقوں میں انہوں نے چیک پوسٹ بھی بنائے اور ساتھ ہی موٹر سائیکلوں پر باقاعدہ گشت کا آغاز بھی کر دیا۔

یہ لوگ مبینہ طور پر صوبہ غزنی کے مرکز کے جانب سے استعمال ہو رہے تھے اور ملک کے مختلف علاقوں سے ان کے پاس جنگ جوؤں کو بھیجا جانے لگا۔ یہ لوگ دن بہ دن پھیلتے جا رہے تھے اور ساتھ ہی انہوں نے مجاہدین کے خلاف ایک زہریلے پروپیگنڈے کا بھی آغاز کیا اور علی الاعلان یہ کہا کہ ہم کسی کو کرزئی حکومت کے اہل کاروں پر حملہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔

یہ مذکورہ گاؤں کے لوگوں کو یہ دھوکہ دیتے رہیں کہ ہم مجاہدین ہیں لیکن عوام واضح طور پر دیکھ رہی تھی کہ انہوں نے گنڈہ پیر کے گاؤں میں سابقہ حکومتی عہدے دار فیضان کے قلعے میں اپنی چیک پوسٹ بنائی ہوئی ہے اور حکومت کی طرف سے انہیں ہر قسم کا راشن اور اسلحہ فراہم کیا جا رہا ہے اس کے علاوہ انہوں نے بیس مجاہدین کو گرفتار کر کے حکومت کے سپرد کیا اسی طرح ایک دوسری کارروائی میں انہوں نے دو مجاہدین کو شہید اور تین کو زخمی کیا لیکن بعد میں مجاہدین کی کارروائیوں کے نتیجے میں زیادہ تر علاقہ ان سے خالی کر دیا گیا اور ان کے اسلحہ اور ساز و سامان کو مجاہدین نے مال غنیمت کے طور پر اپنے قبضہ میں لے لیا۔ابھی صرف ضلع کے آدھے کلومیٹر پر ڈ گوڈ نامی گاؤں میں ان کی چند چیک پوسٹیں ہیں باقی سارا علاقہ ان سے خالی کر دیا گیا ہے اسی طرح انہوں نے صوبہ غزنی کے

22جولائی: صوبہ کاپیسا..........ضلع آلہ سائی..........مجاہدین اور امریکی فوجیوں کے مابین جھڑپ..........6امریکی فوجی ہلاک

ضلع دہ یک میں بھی پولیس سسٹم قائم کرنے کی کوشش کی لیکن کوئی خاطر خواہ کامیابی حاصل نہ کر سکے۔ یہ لوگ رات کو چند گاڑیوں میں اسلحہ سے لیس ہو کر آئے اور مذکورہ مقام پر ڈیرہ ڈال دیا، لیکن جب مجاہدین کو ان کے بارے میں علم ہوا تو اسی صبح ان کے خلاف کارروائی کی اور ایک گھنٹے کے لڑائی کے دوران وہ سارا اسلحہ مجاہدین کے پاس چھوڑ کر راہ فرار اختیار کر گئے۔ الحمدللہ یہ تمام مشکلات جھیلنے کے بعد کامل طور پر ان سے جان چھوٹ گئی ہے۔ یہ منصوبہ اس لحاظ سے انتہائی خطرناک تھا کہ دشمن مجاہدین کے نام پر قوم کو دھوکہ دے کر مقامی لوگوں کے ہاتھوں مجاہدین کے خلاف کارروائی کر کے امریکی مقاصد کو پایہ تکمیل تک پہنچانا چاہ رہا تھا۔

اسی وجہ سے مذکورہ مسلح گروہ کو یا تو مجاہدین کا نام دیا گیا اور یا مقامی مسلح لوگوں کے لشکر کا۔ لیکن حقیقت میں یہ امریکہ کے کرایہ کے ٹٹو تھے جو امریکی دولت، اسلحہ اور منصوبہ کے ذریعے اسد اللہ خالد، فیضان، اور مامور جبار جیسے امریکی ایجنٹوں کے زیر قیادت استعمال کیے جا رہے تھے تاکہ ضلع انڈڑ میں مجاہدین کے لیے مشکلات پیدا کی جاسکے اور اس طرح امریکی حملے کے لیے زمین ہموار کر سکیں۔

سوال: پچھلے دنوں صوبہ غزنی عصری تعلیمی اداروں کی بندش کی وجہ سے موضوع سخن رہا جسے دشمن میڈیا نے خوب کوریج دی۔ اس بارے میں آپ قارئین کو اصل حقیقت کے بارے میں کچھ بتانا پسند کریں گے؟۔ نیز صوبہ غزنی میں تعلیمی اداروں کی مجموعی کیفیت کے بارے میں بھی آگاہ فرمائیں کہ آج کل وہاں کیا صورتحال ہے؟۔

جواب: تعلیمی اداروں کی بندش کے بابت بتاتا چلوں کہ یہ بھی دشمن کی طرف سے خالص پروپیگنڈہ تھا وہ اس بات کو پرنٹ میڈیا کے ذریعے دنیا کے سامنے اس طرح پیش کر رہے تھے کہ مذکورہ تعلیمی ادارے مجاہدین کی جانب سے بند کیے گئے ہیں حالانکہ یہ بات بالکل حقیقت کے برخلاف اور سفید جھوٹ ہے۔

اصل بات یہ تھی کہ اس سال موسم سرما کے دوران کرزئی حکومت اور امریکیوں نے مجاہدین کے خوف سے موٹر سائیکل اور سائیکل کی سواری پر پابندی عائد کی اور صوبہ غزنی کے مرکز اور ضلع انڈڑ اور دہ یک کے رہنے والوں کو وارننگ دی گئی کہ اگر کسی کو موٹر سائیکل پر سوار دیکھا گیا تو اسے مار دیا جائے گا دشمن اس بارے میں اس قدر سنجیدہ تھا کہ ایک مرتبہ ضلع دہ یک کے علی قلعہ نامی مقام پر ایک موٹر سائیکل سوار پر جیٹ طیاروں سے بم بھی گرائے گئے۔ صوبہ غزنی میں عام لوگ اور طلبہ و اساتذہ انہی سواریوں سے استفادہ کیا کرتے تھے مثال کے طور پر ضلع دہ یک کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ اور طلبہ تعلیمی اداروں میں آنے کے لیے موٹر سائیکل استعمال کرتے تھے۔ اس پابندی سے اساتذہ اور طلبہ کی آمدورفت تقریباً ناممکن رہی جس کا براہ راست اثر تعلیمی اداروں پر پڑا اور یوں اکثر تعلیمی ادارے بند ہو گئے مثلاً غزنی کے کئی ادارے ہمارے زیر انتظام چل رہے ہیں، اس پابندی کے بعد وہاں موجود تعلیمی اداروں کے اساتذہ ہمارے پاس آئے اور کہا کہ ہمیں سخت مشکلات کا سامنا ہے اگر ہم احتجاجاً تعلیمی ادارے بند رکھیں تو آپ کی طرف سے تو کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ ہم نے جواب میں صرف اتنا کہا کہ ہمیں آپ کے احتجاج پر کوئی اعتراض نہیں ہے چنانچہ اس طرح انہوں نے مذکورہ اضلاع میں تمام تعلیمی ادارے بند کر کے غزنی شہر میں باقاعدہ مظاہروں کا آغاز کیا جس پر ''الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے'' کے مصداق دشمن نے یہ الزام بھی طالبان کے سر تھوپ دیا اور کہا کہ طالبان نے تعلیمی ادارے بند کر دیے ہیں۔

لیکن میں بتانا چاہتا ہوں کہ یہ سراسر جھوٹ ہے کوئی شخص یہ ثابت نہیں کر سکتا کہ کوئی مجاہد کبھی کسی معلم یا طالب علم کی راہ میں رکاوٹ بن کر کھڑا ہوا ہو۔ یا اس نے کسی تعلیمی ادارے کو بند کیا ہو، یہ مذکورہ تعلیمی اداروں کے اساتذہ کا اپنا احتجاج تھا جسے انہوں نے پایہ تکمیل تک پہنچایا اگر یہ بات حقیقت ہوتی کہ یہ تعلیمی ادارے مجاہدین نے بند کیے ہیں، تو پھر وہ تعلیمی ادارے جو صوبہ غزنی کے مرکز میں دشمن کے زیر انتظام علاقوں میں واقع ہیں کیوں بند پڑے تھے۔ مجموعی طور پر صوبہ غزنی میں تعلیمی اداروں کی صورتحال اطمینان بخش ہے تمام اضلاع میں دینی مدارس اور عصری تعلیم گاہیں فعال ہیں۔ اس سال ان اضلاع میں بھی جہاں پہلے تعلیمی ادارے نہیں تھے اب وہاں بھی تعلیمی ادارے فعال ہو چکے ہیں۔ جن میں سیکڑوں طلبہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں جہاں ابتدائی تعلیم سے لے کر اعلیٰ تعلیم تک کے تمام مراحل کامیابی سے طے کیے جاتے ہیں۔

صوبہ غزنی میں جاری جنگ کے دوران مجاہدین کی طرف سے تعلیمی اداروں کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچا لیکن دشمن کی طرف سے ان تعلیمی اداروں کو بہت سی مشکلات کا سامنا ہے صوبہ غزنی میں ایسے سیکڑوں مدارس جو پہلے فعال تھے دشمن کے ہاتھوں منہدم ہو چکے ہیں یا بند پڑے ہیں جب کہ بعض کو فوجی چھاؤنی کے طور پر استعمال کر رہے ہیں مزید برآں غزنی میں موجود ستر سال سے فعال مدارس میں بھی دشمن کے چھاپوں اور تشدد سے بھرپور کارروائیوں کی وجہ سے تعلیمی سرگرمیاں ماند پڑ گئی ہیں۔

آخر میں محترم مولوی صاحب ہم اپنے ان سوالوں کے جوابات دینے کے لیے اپنا قیمتی وقت نکالنے پر آپ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ آپ اور آپ کے تمام مجاہدین ساتھیوں کو اپنے مقصد میں کامیاب اور سرفراز فرمائے۔

مولوی صاحب: آپ کا بھی بہت بہت شکریہ اللہ تعالیٰ آپ کی کاوش کو بھی قبول فرمائے۔

☆☆☆☆☆

22 جولائی: صوبہ میدان وردک.........صدر مقام میدان شہر.........مجاہدین کا امریکی بیس کے محافظوں پر حملہ.........امریکی بیس کے 5 محافظ ہلاک

جہاد فی سبیل اللہ اور اس کا مقصد

مولانا منظور احمد نعمانی رحمہ اللہ تعالیٰ

۲ محرم الحرام سے ۹ محرم الحرام ۱۳۶۰ھ تک مسلسل آٹھ دن تک بمبئی میں ایک ہی مقام پر حضرت مولانا منظور احمد نعمانی رحمۃ اللہ علیہ کے خطابات ہوئے تھے، ذیل میں اس سلسلہ کا چھٹا خطبہ پیش خدمت ہے، جس میں مولانا رحمہ اللہ نے جہاد فی سبیل اللہ اور اس کے مقاصد کو واضح انداز میں پیش کیا ہے۔

جہاد کی اس غرض پر مزید روشنی اسلام کے قانونِ جہاد سے بھی پڑتی ہے۔ اسلام کا مشہور مسئلہ ہے کہ جس قوم کی طرف اسلامی لشکر پیش قدمی کرے پہلے اس کے سامنے اسلام کی دعوت پیش کی جائے اگر وہ اس کو قبول کرنے پر آمادہ نہ ہو تو اس سے جزیہ کا مطالبہ کیا جائے یعنی اس کو دعوت دے دی جائے کہ وہ حکومت الٰہیہ کی ماتحتی منظور کرلیں۔ یا آج کل کی اصطلاح میں یوں سمجھئے کہ اسے کہا جائے کہ حکومت الٰہیہ کے سیاسی نظام سے وہ اپنے کو منسلک کردیں (بالفاظ دیگر معاشرہ کی اجتماعی قیادت کے حق سے دست بردار ہوجائیں تاکہ بلا کسی تفریق کے سب کو انصاف دلانے کا کام کیا جاسکے)، پھر اگر وہ اس سے بھی انکار کرے تو آخر کار جنگ کی جائے...... اس ترتیب سے ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ اسلام کی جنگ کا مرکزی نقطہ زبردستی اسلام قبول کروانا نہیں ہے بلکہ قانون الٰہی کی ماتحتی اور اسلام کے سیاسی نظام سے وابستگی کا مسئلہ اصل مدار جنگ ہے...... پھر جب جنگ شروع ہوجائے تو اس کے متعلّق جو ہدایات اسلام دیتا ہے وہ بھی ''اسلامی جہاد'' کو ''قوموں کی باہمی جنگوں'' سے ممتاز کردینے والی چیز ہے۔ احادیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جہاد کے لیے کسی لشکر کو روانہ فرماتے تو پہلے ان کو خوف خدا اور تقویٰ کی پابندی کی نصیحت فرماتے، اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہوتا **اغزوا بسم اللّٰہ وفی سبیل اللّٰہ قاتلوا من کفر باللّٰہ اغزوا و لاتعدروا و لاتغلوا**...... ''بڑھو اللہ کا نام لے کر، بڑھو خدا کی راہ میں جنگ کرو اُن سے جو خدا کے منکر اور قانونِ خدا کے باغی ہیں، جنگ کرو، لیکن خبردار! کوئی عہد شکنی اور دھوکہ، فریب نہ ہو، اور خیانت نہ ہو''۔ **ولا تمثلوا ولاتقتلوا ولیدا** ''اور دیکھو! کسی کا مثلہ نہ کیا جائے یعنی اس کے ناک کان وغیرہ اعضا نہ کاٹیں جائیں اور کسی بچے کو خبردار قتل نہ کرو''۔

نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم تاکید فرماتے کہ کسی بوڑھے کو جنگ میں قتل نہ کیا جائے۔ عورتوں پر ہاتھ نہ اٹھایا جائے، کسی قوم کے راہبوں (سنیاسیوں) اور درویشوں کو نہ مارا جائے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفۂ اول حضرت ابوبکر صدیقؓ نے جب شام میں جہاد کے لیے لشکر روانہ فرمایا تو اس کو دس ہدایتیں دی تھیں جو حدیث اور تاریخ کی کتابوں میں آج بھی موجود ہیں، وہ یہ تھیں:

۱۔ عورتیں، بچے اور بوڑھے قتل نہ کیے جائیں۔

۲۔ کسی کا مثلہ نہ کیا جائے۔

۳۔ راہبوں اور عابدوں کو ستایا نہ جائے اور ان کے عبادت خانے نہ گرائے جائیں۔

۴۔ کوئی پھل دار درخت نہ کاٹا جائے اور کھیتیوں میں آگ نہ لگائی جائے۔

۵۔ آبادیاں ویران نہ کی جائیں۔

۶۔ جانور جو اپنی غذا نہ ہوں ان کو ہلاک نہ کیا جائے۔

۷۔ بدعہدی سے ہر حال میں پرہیز کیا جائے۔

۸۔ جو لوگ اطاعت قبول کرلیں ان کی جان و مال کا ویسا ہی احترام کیا جائے جیسا مسلمانوں کے انفس و اموال کا کیا جاتا ہے۔

۹۔ مال غنیمت میں خیانت نہ کی جائے۔

۱۰۔ جنگ میں پیٹھ نہ پھیری جائے۔

ان ہدایات سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ اسلامی جہاد اور ''قوموں کی باہمی جنگوں'' میں کیا جوہری فرق ہے...... پھر یہ صرف زبانی ہدایتیں ہی نہیں تھیں بلکہ عمل بھی بالکل ان ہی حدود میں تھا۔ ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ ایک غزوہ میں اسلامی فوج کے بعض سپاہیوں نے غیر قانونی طور پر جنگل سے کچھ بکریاں پکڑ لیں اور ذبح کر کے ان کا گوشت بھی پکانا شروع کردیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب اس کا علم ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھری دیگچیاں الٹوا دیں اور فرمایا **ان النھبة لیست بأحل من المیتة** (یعنی اس طرح لوٹ مار کر کے جو حاصل کیا جائے وہ مردار جانور کی طرح ہی حرام ہے)۔

حضرات! ان تمام چیزوں سے اسلامی جہاد کی حقیقت آپ پر واضح ہوگئی ہوگی۔ اب میں مزید صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اسلام میں اس جہاد کا کیا مقام ہے اور اس کی کتنی فضیلت ہے۔ قرآن پاک میں فرمایا گیا ہے:

إِنَّ اللَّـهَ يُحِبُّ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِهِ صَفًّا كَأَنَّهُم بُنيَانٌ مَّرْصُوصٌ (الصف: ۴)

''اللہ تعالیٰ ان مجاہدوں کو پیار کرتا ہے جو اس کی راہ میں اس طرح ڈٹ کر جہاد کرتے ہیں گویا کہ وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں''۔

ایک دوسرے موقع پر ارشاد فرمایا گیا:

إِنَّ اللَّـهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ

23 جولائی: صوبہ ہلمند............صدر مقام لشکر گاہ شہر............بارودی سرنگ دھماکے............2 امریکی ٹینک تباہ............11 فوجی ہلاک اور زخمی

يُقَاتِلُونَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ وَعْداً عَلَيْهِ حَقّاً فِيْ التَّوْرَاةِ وَالإِنجِيْلِ وَالْقُرْآنِ وَمَنْ أَوْفَى بِعَهْدِهِ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُواْ بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُم بِهِ وَذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (التوبة: ۱۱۱)

''اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے اموال اور ان کی جانیں جنت کے عوض میں خرید لی ہیں۔ وہ راہ خدا میں جہاد کریں پس ماریں اور مریں، یہ خدا کا حتمی وعدہ ہے جو مجاہدین سے کیا گیا ہے توریت میں بھی، انجیل میں بھی اور قرآن میں بھی، اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ اپنے وعدہ کو پورا کرنے والا اور کون ہوسکتا ہے؟ پس تم خرید وفروخت کے اس معاملہ پر خوش ہو جائے جو تمہارا خدا سے ہوا ہے اور یہ بہت بڑی فلاح اور کامیابی ہے''۔

حضرات! اگر ان دو آیتوں کے علاوہ جہاد کی فضیلت میں کچھ بھی وارد نہ ہوا ہوتا تو یہی دو آیتیں کافی تھیں...... خدا کی محبت اور جنت جس قیمت اور جس قربانی سے بھی حاصل ہوسکے بہت سستی ہے لیکن واقعہ یہ ہے کہ جہاد کے فضائل اس سے بھی بہت زیادہ ہیں۔ حدیث کی کتابوں میں آپ کو سیکڑوں ایسی حدیثیں ملیں گی جن میں جہاد اور مجاہدین فی سبیل اللہ کے نہایت فضائل بیان کیے گئے ہیں۔ میں صرف چند حدیثیں اس وقت آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ ایک حدیث میں ہے:

غدوة اوروحة فی سبیل اللّٰہ خیر من الدنیا ومافیھا

''اللہ کے راستے میں جہاد کے لیے ایک دفعہ صبح کو یا شام کو نکلنا دنیا اور دنیا کی ساری کائنات سے زیادہ بہتر اور قیمتی ہے''۔

ایک دوسری حدیث میں ہے کہ

ان مقام احدکم فی سبیل اللّٰہ ساعة افضل من صلوته فی بیته سبعین عاما

''تھوڑی سی دیر جہاد میں کھڑا ہونا اپنے گھر میں ستر سال نماز پڑھنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے''۔

ایک اور حدیث میں ہے:

من قاتل فی سبیل اللّٰہ فواق ناقة وجبت له الجنة

''جس نے اتنی دیر اللہ کے راستے میں جہاد کیا جتنی دیر میں اونٹنی پیائی جاتی ہے تو جنت اس کے لیے واجب ہوگئی''۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ

لا یجمع علی عبد غبارفی سبیل اللّٰہ ودخان جھنم

''اللہ کے کسی بندے پر دو چیزیں جمع نہ ہوں گی، ایک جہاد فی سبیل اللہ کا غبار اور دوسرے جہنّم کا دھواں''۔

یعنی جس پر جہاد کے سلسلہ میں کبھی بھی ذرا سا بھی غبار پڑ گیا وہ بھی جہنّم کی آگ سے محفوظ رہے گا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

الجنة تحت ظلال السیوف

اور ایک روایت کے الفاظ ہیں:

الجنة تحت بارقة السیوف

''جنت تلوار کی چھاؤں یا تلواروں کی باڑ کے نیچے ہے''۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض شہدا کے متعلّق فرمایا کہ شہادت کے بعد جب خدائی دربار میں ان کی پیشی ہوئی تو ان سے باصرار پوچھا گیا کہ تم کیا چاہتے ہو یعنی اپنے منہ سے کوئی مراد مانگو تو انہوں نے بس یہی درخواست کی کہ ہم کو پھر سے زندہ کر کے دنیا میں بھیج دیا جائے تاکہ ہم پھر تیری راہ میں جہاد کریں اور پھر شہید کیے جائیں۔ گویا ان کے لیے اس سے بڑھ کر کسی اور لذت کا تصور ہی نہ تھا۔ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں یہ تمنا ظاہر فرمائی:

لوددت أنی أقتل فی سبیل اللّٰہ ثم أحی ثم أقتل ثم أحی ثم أقتل

''میرا جی چاہتا ہے کہ مجھے اللہ کے راستے میں شہید کیا جائے اور پھر میں زندہ کیا جاؤں، پھر شہید کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں اور پھر شہید کیا جاؤں''۔

اب میں ایک وعیدی حدیث پر اس سلسلہ کو ختم کرتا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

من مات ولم یغز ولم یحدث به نفسه فقد مات علی شعبة من النفاق

''جو شخص اس حال میں مر گیا کہ نہ تو اس نے جہاد میں کبھی عملی حصّہ لیا اور نہ کبھی اس کے دل میں جہاد کی آرزو اور اس کا ولولہ پیدا ہوا تو وہ ایک قسم کی منافقت کی حالت میں مرا''۔

حضرات! یہ ہے اسلام میں جہاد کا مقام اور یہ ہیں اس کے فضائل ومراتب **وفی ذلک فلیتنافس المتنافسون**

اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والوں اور راہ خدا میں سر کٹانے والوں کی ایک ممتاز فضیلت اور یاد آئی، بات ناتمام رہ جائے گی اگر اس کو ذکر نہ کروں۔ اور وہ فضیلت قرآن کریم میں بیان کی گئی ہے۔ ارشاد ہے:

وَلاَ تَقُولُواْ لِمَنْ يُقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتٌ بَلْ أَحْيَاء وَلَكِن لاَّ تَشْعُرُونَ (البقرة: ۱۵۴)

(بقیہ صفحہ ۲۸ پر)

24 جولائی: صوبہ غزنی............ صدر مقام غزنی شہر............ بارودی سرنگ کا دھماکہ............ پولش فوج کے ٹینک تباہ............ 6 پولش فوجی مردار

وہ حالتیں کہ جن میں کفار کے عام لوگوں کا قتل جائز ہوتا ہے

شیخ یوسف العییری رحمہ اللہ تعالیٰ

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک سوال کے جواب میں اس آیت کی عمومیت کے تقاضے کے مطابق فتویٰ دیا۔ لہٰذا آپ نے ''الفتاوی'' ۳۶۲/۳۰ میں فرمایا:

''اُس آدمی کے بارے میں کیا خیال ہے کہ جس کا مال ناحق ظلم کرتے ہوئے چھینا گیا اور اس کی عزت پامال کی گئی یا اس کے جسم کو کوئی نقصان پہنچایا گیا تو اُس نے یہ جانتے ہوئے کہ جو کچھ اللہ کے ہاں ہے وہ بہتر ہے اور باقی رہنے والا ہے دنیا میں بدلہ نہ لیا۔ تو کیا اس کا اپنے ظالم کو معاف کرنے سے اللہ کے ہاں اس کے اجر کو ختم یا کم کردے گا یا نہیں کرے گا یا پھر اس کا مکمل اور پورا اجر رہے گا۔ اور کیا چیز اس کے لیے بہتر ہوگی اس ظالم سے قیامت کے دن انتقام لینا اور اس کے لیے اللہ کے عذاب کا مطالبہ کرنا یا اسے معاف کرنا اور اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنے کو قبول کرنا؟''۔

آپؒ نے جواب دیا:

''ظالم کو معاف کرنے خواہ اس کا حق تھوڑا ہی ہو، اللہ تعالیٰ کے ہاں مظلوم کا اجر ختم نہیں ہوتا اور نہ کم ہوتا ہے بلکہ ظالم کو معاف کرنے سے اُس کا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہوجاتا ہے کیونکہ اگر وہ اپنے حق کو معاف نہیں کرتا تو اس صورت میں اس کا حق ظالم پر ہوتا کہ اس سے اپنے اوپر کیے گئے ظلم کے برابر بدلہ لے۔ اور اگر اس نے معاف کیا اور صلح کی تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ پر ہے اور ظاہر ہے کہ اس کا جو اجر اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ بہتر اور باقی رہنے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ (الشوریٰ: ۴۰)

''اور برائی کا بدلہ ویسی ہی برائی ہے پھر جو کوئی معاف کردے اور صلح کرلے تو اس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے وہ ظالموں کو قطعاً پسند نہیں کرتا''۔

تو اللہ تعالیٰ نے خبر دی کہ برائی کا بدلہ اسی کی مانند برائی بغیر زیادتی کے ہے اور یہ خون اور اموال اور عزتوں وغیرہ کے قصاص میں ہے۔ پھر فرمایا:

فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ

''پھر جو کوئی معاف کردے اور صلح کرلے تو اس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے''۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُواْ بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُم بِهِ (النحل: ۱۲۶)

''اور اگر تمہیں بدلہ لیا ہو تو اتنا ہی بدلہ تو جتنی تم پر زیادتی ہوئی''۔

اور اللہ تعالیٰ نے ان (مسلمانوں) کے لیے یہ چیز مباح کی کہ وہ جب ظالم کو سزا دیں تو اسے اس کی سزا کے برابر سزا دیں۔ پھر فرمایا:

وَلَئِن صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصَّابِرينَ (النحل: ۱۲۶)

تو معلوم ہوا کہ بالمثل سزا دینے سے صبر کرنا اس کی سزا سے بہتر ہے۔ تو کیونکر یہ چیز اس کے اجر کو ختم یا کم کرسکتی ہے؟''

جب کسی زیادتی کرنے والے مسلمان سے قصاص میں برابر (بالمثل) بدلہ لینا جائز ہے تو پھر زیادتی کرنے والے کافر محارب کا بدلہ کیا ہوگا؟

نوویؒ نے ''المہذب ۱۸۶/۲'' میں لکھا:

''جب کوئی تلوار سے قتل کرے تو اس سے صرف تلوار کے ساتھ ہی بدلہ لیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وجہ سے کہ

فَمَنِ اعْتَدَى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُواْ عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَى عَلَيْكُمْ (البقرۃ: ۱۹۴)''۔

''لہٰذا اگر کوئی تم پر زیادتی کرے تو تم بھی اس پر اتنی ہی زیادتی کرسکتے ہو جتنی اس نے تم پر کی ہے''۔

چونکہ تلوار قتل کرنے کے آلات میں تیز ترین آلہ ہے سو اگر اُس نے اس کے ساتھ قتل کیا مگر اس سے قصاص اس کے علاوہ کسی اور چیز کے ذریعے لیا گیا تو اس سے اس کے حق میں زیادہ لیا گیا کیونکہ اس کے قتل میں تلوار کا حق ہے۔ ہوسکتا ہے کہ قاتل نے اُس نے اُسے جلایا ہو یا پانی میں غرق کیا ہو یا پتھر مارا ہو یا اُسے بلند جگہ سے گرایا یا لکڑی سے مارا ہو یا اسے حبس میں رکھا ہو اور اس سے کھانا اور پانی وغیرہ روکا ہو حتیٰ کہ وہ مرگیا تو اس صورت میں وارث کو حق پہنچتا ہے کہ اس سے اسی طریقے سے بدلہ لے۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وجہ سے کہ:

وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُواْ بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُم بِهِ (النحل: ۱۲۶)

''اور اگر تمہیں بدلہ لیا ہو تو اتنا ہی بدلہ تو جتنی تم پر زیادتی ہوئی''۔

اس حدیث کی وجہ سے کہ جو سیدنا براء رضی اللہ عنہ نے بیان کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

24 جولائی: صوبہ پکتیکا...... ضلع سر حوضہ..... مجاہدین کا امریکی اور افغان فوج کی مشترکہ پیدل گشتی پارٹی پر گھات لگا کر حملہ..... 12 امریکی اور افغان فوجی اہلکار ہلاک

''جس نے جلایا ہم اسے جلائیں گے اور جس نے غرق کیا ہم اسے غرق کریں گے''۔ (جلانے کے حوالے سے فقہا میں اختلاف ہے جیسا کہ اس کا ذکر کیا جاچکا ہے)۔

اس لیے بھی قصاص کی بنیاد مماثلت پر ہے اور مماثلت میں یہ اسباب بھی ممکن ہیں لہٰذا انہی اسباب کے ساتھ قصاص کا پورا کرنا جائز ہے مگر اس کے لیے تلوار کے ساتھ بدلہ لینا بھی جائز ہے کیونکہ اس (قاتل) پر تو قتل واذیت دینا ثابت ہو چکا ہے لہٰذا اگر وہ (مقتول کا وارث) تلوار کے ذریعے بدلہ لینے کو اختیار کرتے ہوئے اپنے بعض حقوق سے دست بردار ہوتا ہے تو یہ اُس کے لیے جائز ہے''۔

الشوکانیؒ نے ''نیل الأوطار ۶/۳۹'' میں لکھا ہے کہ:

''اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان کہ:

وَجَزَاء سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا (الشوریٰ: ۴۰)

''اور برائی کا بدلہ ویسی ہی برائی ہے''۔

اور اس کا یہ فرمان کہ

وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُواْ بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُم بِهِ (النحل: ۱۲۶)

''اور اگر تمہیں بدلہ لیا ہو تو اتنا ہی بدلہ تو جتنی تم پر زیادتی ہوئی''۔

اور اس کا یہ فرمان کہ

فَمَنِ اعْتَدَى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُواْ عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَى عَلَيْكُمْ (البقرة: ۱۹۴)''۔

''لہٰذا اگر کوئی تم پر زیادتی کرے تو تم بھی اس پر اتنی ہی زیادتی کر سکتے ہو جتنی اس نے تم پر کی ہے''۔

ان سے معلوم ہوتا ہے کہ آدمی کے خون، مال اور اس کی عزت کی حرمت پر دلالت کرنے والی دلیلوں کی عمومیت کو یہ تین آیتیں مخصوص کرتی ہیں۔ یعنی یہ کہ قصاص کی صورت میں آدمی کی عزت و مال وخون کی حرمت ان تین آیات کی وجہ سے باقی نہیں رہتی''۔

ابن القیمؒ نے ''اعلام الموقعین ۱/۱۳۸'' میں لکھا ہے:

''اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان کہ

فَمَنِ اعْتَدَى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُواْ عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَى عَلَيْكُمْ (البقرة: ۱۹۴)''۔

''لہٰذا اگر کوئی تم پر زیادتی کرے تو تم بھی اس پر اتنی ہی زیادتی کر سکتے ہو جتنی اس نے تم پر کی ہے''۔

اور اس کا یہ فرمان کہ

وَجَزَاء سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا (الشوریٰ: ۴۰)

میں نے ابوزید کو اطلاع دی کہ القاعدہ کے اہم رہنماؤں کے ٹھکانوں کا میں نے سراغ لگالیا ہے چنانچہ انہوں نے خود علاقے میں آنے کا فیصلہ کیا۔ ابوزید نے مجھے بتایا کہ وہ پشاور آرہا ہے چنانچہ ہم نے انہیں پشاور میں گرفتار یا قتل کرنے کا منصوبہ بنایا لیکن ایک روز انہوں نے اطلاع دی کہ وہ افغانستان کے راستے خوست کے علاقے غلام خان آرہا ہے جب کہ سی آئی اے کی پوری ٹیم بھی وہاں آکر مجھ سے ملنا چاہتی ہے۔ ان کی یہ اطلاع ہمارے لیے بے انتہا خوشی کا موجب بنی۔ ہم سوچ رہے تھے کہ پہلے تو ہدف صرف ابوزید تھا لیکن اب تو اس سے کئی گنا بڑا شکار ہاتھ آرہا ہے۔ ابوزید کے ساتھ اصل دشمن یعنی سی آئی اے کے بڑے بڑے افسر بھی ہاتھ آجائیں تو اس سے بڑی خوشی اور کیا ہوسکتی ہے۔ اب ان شاء اللہ میں ابوزید کے ساتھ ساتھ سی آئی اے کے کئی اہلکاروں کو بھی موت کے گھاٹ اتاردوں گا''۔

یہ اس اردنی نوجوان ڈاکٹر کے خیالات ہیں جنہیں ابودجانہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اور جنہوں نے سال ۲۰۱۰ء میں افغانستان کے صوبہ خوست کے سی آئی اے سینٹر کے اندر سی آئی اے کے نصف درجن سے زائد اہم اہلکاروں اور اردنی خفیہ ایجنسی کے افسر ابوزید (جو اردن کے شاہ کا کزن بھی تھا) کو ایک خودکش حملے میں اڑادیا۔ اپنے اور اپنے مشن کے بارے میں یہ تفصیلات انہوں نے اس مشن پر جانے سے قبل ایک ویڈیو میں بتائیں جب کہ جانے سے قبل انہوں نے تحریک طالبان پاکستان کے سربراہ حکیم اللہ محسود کے ساتھ بھی ایک ویڈیو پیغام ریکارڈ کرایا تھا۔

(بقیہ صفحہ ۵۴ پر)

3اگست: صوبہ لغمان............صدر مقام............مجاہدین کے حملے............10افغان فوجی ہلاک

شمالی وزیرستان آپریشن......پسپائی نہ کہ چڑھائی

کاشف علی الخیری

وزیرستان کا خطہ' تاریخ میں آج کے پرفتن اورآزمائشوں بھرے دور میں مجاہدین کی نصرت کے حوالے سے یاد کیا جائے گا......موجودہ صلیبی جنگ کے دوران میں وزیر،محسوداورداوڑ قبائل نے نصرت جہاد کے فریضہ کی ادائیگی میں کسی بھی موقع پر تساہل کوقریب نہ پھٹکنے دیا۔مہاجرین کوپناہ کی فراہمی،قائدینِ جہاد کی حفاظت،ایک دوسرے سے بڑھ کر دین کی نصرت وتائید'ایسی بھاری بھلائیاں اورنیکیاں ان آزاد قبائل کے غیوروجسورافراد کے نامہ ہائے اعمال میں پائی جاتی ہیں۔ان انصارانِ دین وجہاد کوان بھلائیوں اورنیکیوں کےعوض بدلے اور صلے کی امید صرف اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات سے ہی ہے۔حقیقت بھی یہی ہے کہ دین کی راہ میں ایسی لازوال قربانیوں کی جزائے حقیقی اورصلۂ اصلی کی توقع رب کائنات کےعلاوہ اورکسی سے کی بھی نہیں جاسکتی۔

وزیرستان کے مجاہد مسلمانوں کاتحریک جہاد کی پشت پناہی کرنا اورعرب وعجم کے مجاہدین کی نصرت وحمایت کرنا ہی اُن کا ایسا''جرم'' ہے جو عالمی کفر کی آنکھوں میں بُری طرح کھٹک رہا ہے۔یہی وجہ ہے کہ یہ دنیا کا واحد خطہ ہے جہاں ڈرون طیارے ہمہ وقت محوِ پرواز رہتے ہیں......جہاں جاسوس طیاروں سے داغے گئے میزائل چند ساعتوں میں بستیوں کوویران کھنڈر میں تبدیل کردیتے ہیں......جہاں مقیم مہاجروانصار مجاہدین افغانستان میں صلیبی افواج کے لیے کی شکست اور ہزیمت میں اہم ترین کردار ادا کررہے ہیں۔اس بنا پروزیرستان کا ایک حصّہ(علاقہ محسود)ساڑھے تین سالوں سے امریکی غلاموں کے جابرانہ فوجی آپریشن کی زد میں ہے......اوردوسرے حصّے(شمالی وزیرستان)میں مجاہدین کے خلاف فوجی آپریشن کےامریکی احکامات سننے کے بعدغلامانِ صلیب کامل فرماں برداری کے ساتھ بھاری بوٹ زمین پر مارکراورسرجھکا کر'اوکے سر' کہتے ہیں لیکن جب''زمینی حقائق'' کی طرف اُن کی نظرجاتی ہےتو کہیں اُنہیں کامرہ میں تباہ شدہ اربوں روپے مالیت کے ساب طیارے نظرآتے ہیں اورکہیں پرعزم مجاہدین کے یہ اعلانات کہ''ہرشہرکوکامرہ بنانے میں زیادہ دیرنہیں لگائی جائے گی''۔اس پران کی کپکپاتی ٹانگیں اُن کے وجود کوسہارا دینے سے انکارکردیتی ہیں اوروہ چکراتے سرکوتھامے،خودکودھڑام سے گرنے سے بچاتے ہوئے کسمساتے ہیں کہ''آپریشن نہیں کریں گے،ترقیاتی کام کریں گے''......

شمالی وزیرستان میں فوجی آپریشن کی حالیہ تکرار اگست کے ابتدا میں آئی ایس آئی کے سربراہ جنرل ظہیر کے دورہ امریکہ اورافغانستان میں ایساف کے کمانڈر جنرل ایلن کے دورہ پاکستان سے شروع ہوئی۔اسی دورے کے دوران میں جنرل ظہیر'ایک اوردور کی کوڑی لایا اوراپنے''بگ باس'' کومشورہ دیا کہ وہ ڈرون حملوں کو بند کرکے مجاہدین پر جیٹ طیاروں کے ذریعے بم باری کرے۔ظہیر کی اس تجویز کے پیچھے جو جہاد دشمنی،اللہ کے پاک باز بندوں سے عداوت اورصلیب کی حد سے بڑھی ہوئی چاکری والی ذہنیت موجود ہے وہ پاکستانی فوج کا فطری خاصہ ہے۔پاکستانی فوج''ایمان،تقویٰ،جہاد'' کی نمائش توکرتی ہے لیکن اپنی اصل میں یہ دین سے بدترین بَیر رکھتے اور یہودونصاریٰ کی تلوے چاٹنے کوفخراوراعزاز گردانتے ہیں۔امریکہ یاترا کے دوران میں ظہیر کی ملاقات سی آئی اے کے سربراہ ڈیوڈ پٹریاس سے ہوئی توامریکی اخبار'وال سٹریٹ جرنل' نے اپنی ۴ اگست کی اشاعت میں دعویٰ کیا کہ''شمالی وزیرستان میں حقانی نیٹ ورک کے خلاف پاکستان امریکہ مشترکہ کارروائی پراتفاق ہوا ہے۔حقانی نیٹ ورک کے خلاف کیے جانے والے مشترکہ آپریشن کو''آپریشن نائٹ اسکرو'' کا نام دیا گیا ہے جب کہ امریکہ افغانستان میں موجود طالبان شدت پسندوں کوسرحد پارکرکے پاکستان میں حملوں سے روکے گا''۔

ظہیرکےاس دورے کے بعدتو یوں لگ رہا تھا جیسے اُس کے امریکی آقاؤں کی ساری مرادیں برآنے والی ہیں......۱۴اگست کوامریکی وزیردفاع لیون پینٹا نے امریکی خبر رساں ایجنسی اے پی کو انٹرویو دیتے ہوئے صاف الفاظ میں کہا کہ''جنرل کیانی نے وزیرستان میں آپریشن کا منصوبہ تیار کرلیاہے''۔اُس نے مزید کہا کہ''پاکستان،افغان سرحد کےقریب قبائلی علاقے میں طالبان جنگ جوؤں کےخلاف فوجی کارروائی شروع کرنے کی منصوبہ بندی کررہا ہے۔امید ہے شمالی وزیرستان میں آپریشن جلد ہوگا لیکن کارروائی کب ہوگی اس کے بارے میں نہیں بتاسکتا،ہدف صرف حقانی نیٹ ورک کی بجائے تمام طالبان خصوصی طورپر پاکستانی طالبان ہوں گے،ہم نے توامید ہی چھوڑ دی تھی لیکن حالیہ پیش رفت اورنئے ہونے والے فیصلے کا خیرمقدم کرتا ہوں۔جنرل کیانی نے اس منصوبے کے بارے میں افغانستان میں تعینات ایساف افواج کےکمانڈر جنرل ایلن سے حالیہ گفت وشنید میں بھی تبادلہ خیال کیا تھا''۔۱۵اگست کوامریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان وکٹوریہ نولینڈ نے کہا کہ''امریکہ حقانی نیٹ ورک کے خلاف پاکستان،افغانستان اورایساف کی مربوط کارروائی کا خواہش مند ہے''۔اس سے قبل ۲۲ جولائی کو جنرل ایلن نے پاکستانی فوج کو''سنہری پیش کش'' کرتے ہوئے کہا تھا کہ''پاکستان شمالی وزیرستان میں آپریشن کرے،ہم سرحد پار سے حملے روکیں گے''۔پاکستان میں امریکہ کی طرف سے نامزد کردہ نئے سفیر(یعنی وائسرائے)رچرڈ اولسن نے بھی اپنے ابتدائی بھاشن میں کہہ دیا کہ''حقانی نیٹ ورک کے

3اگست:صوبہ لوگر......صدرمقام پل عالم شہر......بارودی سرنگ دھماکہ......صلیبی فوج کا ایک ٹینک تباہ......5 صلیبی مردار

خلاف گھیرا تنگ کرنے کے لیے پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنا اولین ترجیح ہوگی''۔

''جس کا کھاؤ، اُسی کے گُن گاؤ'' کے اصول کی پاکستانی نظام کو چلانے والوں نے ہمیشہ ''پاس داری'' کی ہے۔اسی لیے اپنے آقاؤں کی 'خوشی' کو دوبالا کرنے کے لیے نوکر چاکر بھی اپنی اپنی اوقات کے مطابق فوجی آپریشن کے بارے میں ہانک لگانے لگے۔ ۱۷ اگست کو شیطان ملک نے کہا'' جنوبی اور شمالی وزیرستان پورے ملک کے لیے وبال جان بن گیا ہے۔وہاں آپریشن سے متعلّق سنجیدگی سے سوچنا پڑے گا، وزیرستان دہشت گردوں کا گڑھ بن چکا ہے''۔ ۲۰ اگست کو خیبر پختون خواہ کے گورنر مسعود کوثر نے کہا '' شمالی وزیرستان میں آپریشن کے لیے افواج پاکستان کی تیاریاں مکمل ہیں، ہم کسی کے کہنے پر نہیں بلکہ ملک کی سلامتی کے لیے آپریشن کرتے ہیں''۔

۱۰ اگست کو جی ایچ کیو میں ہونے والی کور کمانڈر کانفرنس' جو روایات سے ہٹ کر رات کو طلب کی گئی' میں بھی یہی طے ہوا کہ '' عیدالفطر کے بعد شمالی وزیرستان میں عسکریت پسندوں کے ٹھکانوں کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن شروع کیا جائے گا جو کہ قبائلی علاقوں میں ایک بڑا آپریشن کلین اپ ہوگا۔اس آپریشن کے دو مراحل ہوں گے، پہلے مرحلہ میں فوج وہاں گھسنے کی حکمت عملی طے کرے گی جس میں شدت پسندوں کے حملوں کی سمت کا تعیّن کیا جائے گا۔دوسرے مرحلے میں ایساف کی انٹیلی جنس شیئرنگ کے ساتھ فضائی بمباری کی جائے گی''۔

تحریک طالبان پاکستان کے ترجمان احسان اللہ احسان نے پاکستانی افواج کے حلقوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ '' اگر پاکستانی فوج نے شمالی وزیرستان میں کوئی آپریشن شروع کیا تو پہلے سے ہی ترتیب دیے گئے فدائی حملہ آور جتھوں کے ذریعے انہیں نشانہ بنایا جائے گا''۔ایک ای میل پیغام میں انہوں نے کہا کہ مجاہدین نے آرمی ہیڈ کوارٹر (جی ایچ کیو) میں موجود اپنے ذرائع سے ایک خاص انٹیلی جنس رپورٹ حاصل کی ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شمالی وزیرستان میں آپریشن کا منصوبہ بنایا جارہا ہے، جسے ۲۶ اگست کو شروع کیا جانا تھا۔متذکرہ ای میل میں اُن یونٹس، رجمنٹس اور ان کے ممکنہ کمانڈرز کا بھی ذکر کیا گیا جنہوں نے اس آپریشن میں حصّہ لینا تھا۔

کفار اور اُن کے 'فرنٹ لائن اتحادی' مجاہدین کے خلاف کارروائی کی منصوبہ بندی اور انتظامات میں مصروف تھے لیکن اللہ نے اُن کے سارے منصوبے اور سازشیں ناکام بنا دیں۔جب ۱۸ اگست کو کامرہ ایئر بیس پر مجاہدین نے تاریخی فدائی عملیات سرانجام دیں۔پھر ہوا یوں کہ جو مجاہدین کو دھمکاتے تھے اور '' آپریشن آپریشن'' کی گردان لگا کر طالبان کا ناطقہ بند کرنے کے دعوے کرتے تھے، ان عملیات کے نتیجے میں اُن پر سکوتِ مرگ طاری ہوگیا۔مجاہدین نے اپنے عمل و کردار سے پاکستانی نظام کو یہ حقیقت واشگاف انداز میں سمجھائی کہ تم جب آؤ گے سو آؤ گے، اپنی تیاریاں بھی کرو، منصوبہ بندی بھی کرو اور تمام وسائل بھی بروئے کار لاؤ.....لیکن دیکھو ہم تو آچکے! ہمیں اپنے مقابل پر فتح حاصل کرنے اور اُس پر کاری ضربیں لگانے کے لیے لمبی چوڑی پلاننگ اور بے تحاشا وسائل کی ضرورت نہیں ہوتی.....بس استطاعت بھر تیاری اور اعداد اور پھر اللہ رب العزت کی ذات پر توکل اور بھروسہ کرتے ہوئے ہم کسی بھی وقت اور کہیں بھی تمہیں ایسا نشانہ بنا سکتے ہیں کہ جس کے بعد تم اپنے نقصان اور تباہی کو بھی چھپاتے پھروگے اور ہونق چہروں کے ساتھ ایسے اعلانات کرنے پر بھی خود کو مجبور پاؤ گے۔جیسا کہ کیانی نے کہا کہ '' شمالی وزیرستان میں آپریشن یا مشترکہ کارروائی کا کوئی ارادہ نہیں!!!''۔

اگرچہ پاکستانی فوج نے فی الحال اپنا پینترا بدل لیا ہے اور مجاہدین کے پراثر، زوردار اور مسکت جواب نے اُسے 'تھوک کر چاٹنے' پر مجبور کیا ہے لیکن اس فوج کے حوالے سے مجاہدین کسی قسم کی خوش فہمی میں مبتلا ہونے والے نہیں.....وہ بخوبی جانتے ہیں کہ اس فوج کی سرشت میں اللہ احکم الحاکمین کے دین سے غداری اور کفار سے وفاداری بھری ہوئی ہے.....اور یہ اپنی اسی سرشت اور فطرت کے ہاتھوں مجبوری کی بنا پر مجاہدین کے خلاف نہ کبھی اپنی سازشیں چھوڑیں گے اور نہ ہی مجاہدین کو زک پہنچانے کو کوئی موقع گنوائیں گے۔ ان کے شیطانی مکروفریب کے مقابلے میں مجاہدین کے پاس صرف ایک سہارا اور آسرا ہے اور وہ ہے خالق کائنات کا سہارا.....یقیناً اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے راستے میں جانیں کھپانے اور گردنیں کٹوانے والوں کو ذلیل ورسوا نہیں فرماتے اور نہ ہی کسی خائن، شقی، بدبخت، غدار، اسلام دشمن اور کفار کے حواریوں کے لیے لقمۂ تر بننے کے لیے چھوڑتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

بقیہ: معرکہ گیارہ ستمبر.....مغرب میں بڑھتی ہوئی قبولیتِ اسلام کا اہم سبب

لوگوں تک پہنچا۔ایک طرف کفر کے حربے ہیں جو اسلام کے خلاف منظّم ومربوط مہم چلا رہے ہیں اور ۱۱ ستمبر کے بعد صلیبیوں کا بغض وعناد اور زہریلا پروپیگنڈہ عروج پر تھا ایسے میں اسلام قبول کرنے والے افراد میں اضافہ کافروں کے لیے نہ صرف حیرت واستعجاب کا باعث بنا۔ جس طرح ۱۹ مجاہدین نے اللہ کی نصرت سے 'فول پروف سیکورٹی' رکھنے والے طاغوتی نظام کے پرخچے اڑادیے اور ساری دنیا میں کفر کی طاقت کو مذاق بنادیا۔اسی طرح شدید ترین نفرت بھری مہم بھی اسلام کے پیغام کے پھیلنے میں کوئی روک اور رکاوٹ پیدا نہ کرپائی۔کلیسا اور اہل مغرب مل کر اربوں ڈالر اسلام کے خلاف خرچ کررہے ہیں لیکن اسلام کا پیغام حق دلوں کو روشن کررہا ہے۔ان اعداد وشمار اور دلائل کو دیکھنے کے بعد ہمیں اپنے اس سوال کا جواب واضح طور پر مل جاتا ہے کہ ان معرکوں کا فائدہ اسلام کو ہوا یا کفر کو؟ اہل ایمان کا دوٹوک موقف یہ ہے کہ گیارہ ستمبر کا معرکہ اسلام اور اہل اسلام کے حق میں نہایت مبارک اور ایمان واسلام میں اضافے کا سبب بنے ہیں۔اور اس کا انکار علمی وعقلی شہادت کی بنیاد پر ممکن نہیں۔

☆☆☆☆☆

3 اگست: صوبہ بادغیس............ضلع مرغاب.........ایساف کے قافلے پر بارودی سرنگ دھماکے..........2 ٹینک تباہ..........7 فوجی ہلاک..........متعدد زخمی

چین میں اسلام اور مسلمانوں کی سرگزشت

استاذ خلیل احمد حامدیؒ

مسجدوں میں ماؤ کے نظریات کی تعلیم:

انڈونیشیا کے روزنامہ ''دوتاماشہرکات'' کے ایڈیٹر مسٹر آسابا قناع نے ۱۹۵۶ء میں چین کا دورہ کیا تھا۔ اُس نے وہاں کے حالات اپنے اخبار میں بتفصیل بیان کیے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب انڈونیشیا میں چین کے اثرات تیزی سے پھیل رہے تھے۔ مسٹر آسابا قناع لکھتا ہے:

''مذہبی تعلیم صرف چند مخصوص مسجدوں کے اندر دی جاتی ہے۔ مسلمان بچوں کے اندر روزانہ مادی نظریات کا بیج بویا جاتا ہے۔ ہم نے مسجد قانق سیز کو دیکھا، مردوں کے کئی گروہ کونوں میں بیٹھے پڑھائی میں منہمک تھے۔ پہلی نظر میں ہم نے خیال کیا کہ یہ لوگ دین کی تعلیم میں مشغول ہیں، بعد میں یہ بات کھلی کہ انہیں اشتراکیت کے نظریات، اشتراکی اقتصادیات کے اصول اور ماؤ کی تعلیمات پڑھائی جارہی ہیں''۔

اسلامک اکیڈمی کی حقیقت؟

اسی وفد کے ہمراہ انڈونیشیا کے ایک اور مشہور سیاسی لیڈر صالح سویدی بھی تھا۔ اُس نے چین کے کلاسیکل اسلامک انسٹی ٹیوٹ کے بارے میں لکھا:

''بیجنگ میں ایک اسلامی اکیڈمی ہے جس کے اساتذہ چینی مسلمان ہیں۔ ان میں بیشتر وہ اساتذہ ہیں جنہوں نے مصر اور چین میں تعلیم پائی ہے۔ سنا ہے کہ یہ لوگ اسلامی عقائد اور عربی زبان کی تعلیم دیتے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ اسلامی عقائد کی تعلیم کس انداز سے دی جاتی ہے؟ ہم نے اکیڈمی کا نصاب دیکھنے کا مطالبہ کیا لیکن اکیڈمی کے کارپرداز ہمارے سوال پر خاموش رہے۔ نیز ہمیں یہ اجازت بھی نہ دی گئی کہ ہم کسی ایک استاذ کو کلاس کے اندر لیکچر دیتا ہوا دیکھیں۔ بیجنگ یونی ورسٹی میں عربی زبان کی تعلیم دی جاتی ہے۔ اسلام کی تعلیم کا انتظام نہیں۔ عربی زبان کی تدریس بھی اُنہی خطوط پر ہوتی ہے جو حکومت طے کرتی ہے''۔

''دوسری عالمی جنگ سے پہلے چین کے اندر اسلامی اخبارات اور تنظیمیں موجود تھیں۔ اب یہ تنظیمیں اور اخبارات بند ہو چکے ہیں۔ واحد اسلامی تنظیم ''جمعیت اسلامیہ چین'' باقی ہے۔ اس کا سربراہ نور محمد تابوسونگ ہے جو بیجنگ کا رہنے والا ہے۔ اس تنظیم کا کوئی آرگن نہیں ہے اور نہ آج چین کے اندر کوئی اسلامی رسالہ نکلتا ہے''۔

''عوامی معاشرہ'' کے خدوخال:

ایک مسلمان چینی مصنف نے ٦ سال چین کے کمیونسٹ نظام کے اندر گزارے ہیں۔ ۱۹۵۸ء میں اُس نے ''سابقہ کارڈ سے خبردار رہیں'' کے عنوان سے ایک کتاب شائع کی۔ اس میں وہ دلائل کے ساتھ لکھتا ہے کہ چین کے اندر بڑے بڑے شہروں میں کوئی امام اور خطیب نہیں ہے۔ بیرونی زائرین کے لیے حکومت نے چند امام رکھے ہوئے ہیں۔ ''عوامی معاشرہ'' کے نام سے جو نیا نظام بروئے کار لایا جارہا ہے اُس میں مسلمان بہت بری طرح سے پس رہے ہیں۔ (بحوالہ ہفت روزہ ''الدعوۃ'' ریاض، ۵ جون ۱۹٦۸ء) الدعوۃ ۵ ستمبر ۱۹٦٦ء کے شمارے میں ترکستانی مہاجر اپنے چشم دید حالات بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے:

''۱۹۴۹ء میں چینیوں نے ترکستان پر غلبہ پاتے ہی لوگوں کا مال چھیننا شروع کردیا۔ خوش حال گھرانوں سے ایک ہزار کلوگرام فی گھر آٹا وصول کیا جاتا۔ اور نادار گھروں سے ۵۰ کلوگرام۔ بہت سے مسلمانوں کو ملک سے بھگا دیا گیا اور اُن کی جائیدادیں ضبط کر لی گئیں۔ چینی کمیونسٹ ترک مسلمانوں کو مجبور کرتے کہ وہ اپنی لڑکیاں چینیوں کے حوالے کریں۔ کمیونسٹ حکومت نے مسلمانوں کو تکفین اور تدفین سے منع کر رکھا ہے۔ انہیں کہا جاتا ہے کہ کفن کے لیے کپڑا نہیں ہے۔ مُردے جلاؤ اور ان کی کھاد بناؤ''۔

ظلم و ستم:

ترکستان کے ایک عالمِ دین ابراہیم شیونگ نے اپنی تازہ کتاب ''کمیونسٹ چین کے مسلمانوں پر کیا گزری؟'' میں ایک ترکستانی مسلمان کا خط نقل کیا ہے جو اُس نے اپنی مہاجر خالہ کو لکھا، خط کا اقتباس ملاحظہ ہو:

''میری پیاری خالہ! میں شدید تنہائی محسوس کر رہا ہوں۔ بدقسمتی نے گھیر رکھا ہے، شب و روز تکالیف میں رہتا ہوں، میں مٹی ڈھونے کا کام کرتا ہوں، کوئلے صاف کرنے کی ڈیوٹی بھی مل جاتی ہے۔ میرا ایک ہاتھ ناکارہ ہو چکا ہے۔ یہاں ایک تحریک برپا ہے جس کا نام ہے کمیون۔ ہمارے گھر اور ہماری اولاد ریاست کی مِلک ہیں۔ لوگوں کو دور دراز مقامات پر کام کے لیے بھیج دیا جاتا ہے۔ مقصد لوگوں کے اندر تفریق پیدا کرنا ہے۔ تمام اثاثہ حکومت کی تحویل میں ہے کمیون کے نام سے اجتماعی کمرے بنادیے گئے

4 اگست: صوبہ قندھار.........افغان فوج کی 3 چیک پوسٹوں پر مجاہدین کے حملے.........11 افغان فوجی ہلاک.........6 زخمی

ہیں۔ایک ایک کمرے میں سوسوافراد بھر دیے جاتے ہیں۔گھنٹی بجنے پر کھانا ملتا ہے،بہت خوف ناک حالات ہیں۔مقررہ وقت کے علاوہ جب بھوک لگتی ہے تو کھانے کو کچھ نہیں ملتا۔ ہر بستی کمیون میں تبدیل ہو چکی ہے۔سب لوگ زندگی سے بےزار ہیں،مردوں کو عورتوں سے جدا رکھا جاتا ہے،خاوند کے لیے بیوی کو دیکھنا محال ہے''۔(بحوالہ الدعوۃ،ریاض ۵ ستمبر ۱۹۶۶ء)

انڈونیشیا کا اخبار''ابراسی'' لکھتا ہے:

''اب تک ہزار ہا مسلمان ریڈ گارڈز کے ہاتھوں قتل و غارت اور زدوکوب کا نشانہ بن چکے ہیں۔مسجدیں توڑ دی گئی ہیں،مذہبی کتابیں جلا دی گئی ہیں۔دسمبر ۱۹۶۶ء کے وسط میں ترکستان کے اندر ۷۵ ہزار مسلمان شہید کیے گئے۔یہ رمضان شریف کا مہینہ تھا۔کمیونسٹ حکام نے ان خبروں کو چھپانے کی بہت کوشش کی ہے مگر اس کے باوجود خبریں باہر نکل رہی ہیں۔یہ اُسی نوعیت کا المیہ ہے جو روسی مسلمانوں کے ساتھ پیش آیا تھا۔روس میں جب سرخ انقلاب آیا تو ۵۰ لاکھ مسلمان آناً فاناً مارے گئے۔۱۹۲۱ء میں خود کمیونسٹ پارٹی کی رپورٹ یہ تھی کہ اب تک ۷ لاکھ مسلمانوں کی اجتماعی نسل کشی کی جا چکی ہے''۔(بحوالہ ندوۃ مکہ،۲۶ اپریل ۱۹۶۷ء)

چین کے تین بڑے مذاہب:

چین کی کمیونسٹ پارٹی کو ملک کے اندر تین بڑے مذاہب سے سابقہ پیش تھا۔ایک بدھ مت ، دوسرے کیتھولک اور تیسرے مسلمان۔بدھ مذہب نے ایک مصالحت پسند اور گوشہ گیر مذہب ہونے کی وجہ سے کیمونزم کی مزاحمت نہیں کی۔البتہ عیسائیت اور اسلام دونوں کیمونزم کے خلاف پوری طاقت کے ساتھ برسر پیکار ہیں۔چینی کمیونسٹوں نے بھی ان دونوں مذاہب کو اپنے تند و تیز حملوں کا ہدف بنایا۔چنانچہ چینی کمیونسٹوں نے کیتھولک چرچ کے پیروکاروں سے مطالبہ کیا کہ وہ ویٹی کن سے اپنا رابطہ ختم کر کے اپنا الگ قومی چرچ قائم کریں جس کا پوپ پیکنگ میں رہتا ہو۔اس مطالبے سے ان کا مقصد کیتھولک چرچ کو چین کی کمیونسٹ پارٹی کی تحویل میں دینا تھا،چینی اب تک اپنے اس مطالبے میں کامیاب نہیں ہوئے۔

اصل مقابلہ اسلام سے ہے:

چینی کمیونسٹوں کے راستے میں اصل رکاوٹ اسلام تھا اور ہے۔اس مذہب کو ختم کرنے کے لیے انہیں شدید دشواریوں کا سامنا ہے۔اس کی متعدد وجوہ میں سے ایک اہم وجہ یہ ہے کہ کیتھولک عیسائیوں کی آبادی یک جا نہیں ہے بلکہ پورے ملک میں بکھری ہوئی ہے جب کہ چین میں چار کروڑ مسلمان سرحدی علاقوں میں یک جا آباد ہیں۔چینی اخبارات کے بیانات کے مطابق وہاں کے مسلمان برابر اپنی مذہبی آزادی کے لیے لڑ رہے ہیں۔چنانچہ چینی اخبارات مسلسل مذہب پرستی اور نسلی اور ملی رجحانات کے خلاف پروپیگنڈا کر رہے ہیں۔پیکنگ کا مجلّہ''فلاسوفیکل ریسرچ'' لکھتا ہے:

''تمام مذہب پرستوں کو سوشلزم قبول کرنا ہوگا۔ہر وہ شخص جو وطن کی غیرت رکھتا ہے اُسے چاہیے کہ وہ سوشلزم کو پسند کرے اور کمیونسٹ پارٹی کے زیر قیادت نئے چین کو قبول کرے۔جو مذہب پرست ہمارے اس مطالبے کو قبول نہیں کرتا وہ انقلاب کا دشمن ہے۔اُسے کسی ہمدردی کی توقع نہیں رکھنی چاہیے۔وہ آج نہیں تو کل عوام کے غضب کا نشانہ بن جائے گا''۔(فلاسو فیکل ریسرچ میگزین،۱۵ فروری ۱۹۵۸ء مطبوعہ پیکنگ)۔

اس طرح کی دھمکیوں سے مسلمانوں کو اندازہ ہو گیا کہ چین جس مذہبی رواداری کا ڈھنڈورا پیٹتا رہا ہے وہ نام نہاد رواداری بھی ختم ہونے والی ہے۔مذہب کے خلاف مسلسل پروپیگنڈے اور مذہبی عناصر کی متواتر گرفتاریوں نے اس خیال کو یقین سے بدل دیا۔چنانچہ مسلمانوں نے مذہب کے خاتمہ کو ٹھنڈے دل سے قبول کرنے کے بجائے کمیونسٹوں کا سرفروشانہ مقابلہ کیا اور آج تک کرتے چلے آرہے ہیں۔چینی اخبارات میں گاہے بگاہے ایسی خبریں چھپتی رہتی ہیں جن سے مسلمانوں کی تڑپ اور بے چینی کا اندازہ ہو جاتا ہے۔چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

مسلمانوں کی شورشیں اور ان کی سر کوبی:

مسٹر سیف الدین گورنر سنکیانگ نے ۲۶ جولائی ۱۹۵۵ء کو نیشنل پیپلز کونسل میں تقریر کرتے ہوئے کہا:''باغیانہ تحریکوں کی سرکوبی کی شدید ضرورت ہے۔ان تحریکوں کے لیڈر ختن (جو کاشغر یعنی شولی سے چار سو کلومیٹر کے فاصلے پر ہے) میں مخالفانہ انقلاب برپا کرنے کی کوشش کر رہے تھے''۔چین کا روزنامہ ہسین چیانگ یہ باؤ اپنی ۲۳ ستمبر ۱۹۵۶ء کی اشاعت میں ایسے سرکش عناصر کی نشان دہی کرتے ہوئے لکھتا ہے''یہ عناصر ختن کے اندر مخالفانہ انقلاب کے لیے کوشش کر رہے تھے۔بلکہ ہر صوبے میں اُن کے اثرات موجود تھے او رلوگوں کے اندر مذہبی اور قومی تعلیمات کا پرچار کر رہے تھے۔مارچ ۵۶ء کے فسادات میں انہی عناصر کا ہاتھ تھا''۔چین کے ایک اور اخبار''من چوہوان'' نے تن بن یاؤ نامی ایک مسلمان کی گرفتاری کی خبر شائع کی اور اس کے بارے میں بتایا کہ یہ دائیں بازو کا مسلمان ہے اور شانتونگ کا رہنے والا ہے اور یہ افواہیں پھیلا رہا ہے کہ کیمونسٹ پارٹی مذہب ختم کرنے پر تلی ہوئی ہے۔ایسے عناصر کی تطہیر کے لیے وسیع پیمانے پر پروگرام منظم کیا جا چکا ہے۔کچھ لوگوں کی صفائی آنے والے موسم سرما میں ہو جائے گی اور باقی موسم خزاں میں صاف کر دیے جائیں گے۔

(جاری ہے)

☆☆☆☆☆

4 اگست :صوبہ ہلمند ....ضلع مرجاہ..........مجاہدین کا 2 چیک پوسٹوں پر حملہ..........4 فوجی ہلاک..........3 زخمی

مجاہدین کی اسرائیلی صیہونیوں کے خلاف کارروائیاں

خباب اسماعیل

یہودِ بے بہبود کی شر پر فطرت اور مکروہ سازشوں نے اللہ کی زمین کو فساد سے بھر دیا ہے۔اسرائیل کی صورت میں ایک شیطانی ریاست' یہود کی پشت پر ہے اوراس ریاست کواپنے قیام سے لے کر انتظام وانصرام چلانے تک تمام معاملات میں عالمی کفر کے سردار امریکہ کا بھر پور تعاون حاصل رہا ہے۔امریکہ اور اسرائیل ہی مسلم امہ کے خلاف صلیبی و صیہونی یلغار میں پیش پیش ہیں۔ایسے میں 'حرم کے بیٹے' بھی الہ العالمین کی ذات پر توکل اور بھروسہ کرتے ہوئے یہود ونصاریٰ کے اِن ائمہ اور اُن کے مفادات کو دنیا بھر میں ہدف بنا رہے ہیں۔اس معرکہ کے نتیجے میں ہر محاذ پر چھڑنے والی جنگ حق وباطل کی واضح پہچان اورانصارانِ طاغوت کے چہروں کو پوری طرح عیاں کر رہی ہے۔آج دنیا بھر میں مجاہدین حقیقی معنوں میں چومکھی لڑائی لڑ رہے ہیں......امریکہ، اسرائیل کی قیادت میں عالمی کفر کے تمام چھوٹے بڑے لشکر بھی مجاہدین کے مقابل ہیں اوران لشکروں کی معاونت کے لیے ہر جگہ پر 'کلمہ گوفرنٹ لائن اتحادی' بھی شیاطین کی افواج کے شانہ بشانہ کھڑے مجاہدینِ اسلام سے برسرِ جنگ ہیں۔ایسے میں 'ہوا ہے گوتند وتیز لیکن چراغ اپنا جلا رہا ہے' کے مصداق اللہ کا لشکر اپنے رب کی مدد اور رحمت سے ان تمام ابلیسی طاقتوں کی بیخ کنی کرنے میں سرگرم عمل ہے۔مجاہدین دنیا کے ہر خطے میں موجود بھی ہیں اوراللہ تعالیٰ کی غیبی نصرت کے ذریعے اپنے اوراللہ کے دشمنوں کو کاری سے کاری ضربیں لگا رہے ہیں۔

اسی سلسلے میں ۱۸ جولائی ۲۰۱۲ء کو بلغاریہ کے ساحلی شہر برگس میں اسرائیلی سیاحوں سے بھری بس پر القاعدہ سے تعلّق رکھنے والے مجاہد کے شہیدی حملے میں ۷ صیہونی ہلاک اور ۳۳ سے زائد زخمی ہوئے۔یہ کارروائی اس وقت عمل میں لائی گئی جب بس برگس کے ہوائی اڈے کے باہر بس اڈے سوفووو(Srfovo) پر کھڑی تھی کہ فدائی مجاہد اس میں سوار ہوا اوراس نے یہودیوں پر بارودی جیکٹ کو اڑا کر شہیدی حملہ کر دیا،جس سے بس مکمل طور پر تباہ ہوگئی جب کہ پاس کھڑی دواوراسرائیلی سیاحوں کی بسوں کو بھی شدید نقصان پہنچا۔

اس کارروائی کوانجام دینے والے مجاہد بھائی کا نام مہدی غزالی اورکنیت ابو صہیب الجزائری تھی۔مغربی میڈیا میں یہ مجاہد سویڈی کوبا(Swede-Cuba) کے نام سے معروف تھے۔مہدی غزالی رحمہ اللہ سویڈن کے باشندے تھے جو ۵ جولائی ۱۹۷۹ء کو پیدا ہوئے۔اُنہوں نے افغانستان میں امریکہ کے خلاف جہاد کیا اور تورابورا کے معرکے میں گرفتار ہوکر جنوری ۲۰۰۲ء سے جولائی ۲۰۰۴ء تک بدنام زمانہ امریکی عقوبت خانہ گوانتاناموجیل میں قید رہے۔مہدی غزالیؒ اُسی قافلہ کے راہی تھے جس قافلہ کا ہر فرد صلیبی وصیہونی فساد کے تدارک اورامت کی حفاظت کے لیے مختلف مورچوں میں موجود ہیں۔امت توحید کے یہ فرزند اپنی پیاری امت کواندھیروں سے نور کی طرف لانے اورسر بلندی اورعزت ووقار کا راستہ دکھانے کے لیے اپنے کاسۂ سرکو چراغ بنائے اسے اپنے لہو سے روشن کیے ہوئے ہیں۔جب کہ دوسری جانب اس امت کی گردنوں پر اولیائے شیطان مسلط ہیں......جن کی تمام تر ہمدردیاں، ہر طرح کا تعاون اور ہر قسم کی مدد یہود ونصاریٰ کے لیے ہے۔چاروں طرف سے مسلمان ممالک کے درمیان گھرا ہوا چھوٹا سا اسرائیل اپنی تمام فتنہ انگیزیوں اوراسلام دشمنی کے باوجود اِنہی مسلمان ممالک کی ''جود وسخا'' کی بدولت اپنے وجود کو برقرار رکھے ہوئے ہے۔مصر سے اسرائیل کو ملنے والی قدرتی گیس (جو تاریخی صحرائے سینا سے ہوتے ہوئے اسرائیلی حدود میں داخل ہوتی ہے) سے اسرائیلی ریاست اپنی کل توانائی کی ۴۰ فی صد سے زائد ضروریات پوری کرتی ہے۔

صحرائے سینا کا علاقہ ساٹھ ہزار مربع کلومیٹر پر محیط ہے۔مجاہدین نے صحرائے سینا کے وسیع وعریض علاقے میں اپنی قوت کو مجتمع کیا اورگزشتہ سوا سال کے دوران میں اسرائیل کو گیس فراہم کرنے والی پائپ لائن کو ۱۵ مرتبہ تباہ کیا۔جس کی وجہ سے اسرائیلی معیشت کو شدید نقصان پہنچا اوراسرائیل کو اربوں ڈالرز کا نقصان اٹھانا پڑا ہے جب کہ اسرائیل کی تاریخ میں پہلی مرتبہ گیس اور بجلی انتہائی مہنگی ہوئی ہیں۔مجاہدین کی گیس پائپ لائن کو تباہ کرنے والی کارروائیوں کے بعد اسرائیل کوایک سال تک گیس کی سپلائی بند رہی۔مجاہدین کی ان کارروائیوں کا ہی نتیجہ تھا کہ اسرائیل میں بسنے والے یہودیوں کے لیے حکومت نے بجلی ۲۰ فی صد تک مہنگی کر دی۔'چمڑی جائے پر دمڑی نہ جائے' کی خصلتِ بد رکھنے والے یہودیوں کے لیے یقیناً یہ بہت بڑا نقصان اورصدمہ ہے۔مجاہدین کی طرف سے اب تک کیے گئے ۱۵ حملوں میں سے آخری حملہ ۲۲ جولائی ۲۰۱۲ء کو کیا گیا۔جب کہ ۲۲ جولائی ۲۰۱۲ء ہی کو مجاہدین نے صحرائے سینا میں اسرائیلی فوجیوں کی ایک بس پر بھی گھات لگا کر حملہ کیا،جس کے نتیجے میں متعدد اسرائیلی فوجی ہلاک اور زخمی ہوئے۔۸ مارچ ۲۰۱۲ء کواس گیس پائپ لائن کو مجاہدین نے تیرہویں مرتبہ اپنی کارروائی نشانہ بنا کر تباہ کیا تو اس موقع پر شیخ ایمن الظواہری حفظہ اللہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ''القاعدہ ان مجاہدین کو مبارک باد پیش کرتی ہے جوظلم وذلت پر راضی نہیں ہوتے ہیں اور انہوں نے تیرہویں مرتبہ گیس پائپ لائن کو تباہ کیا ہے''۔

مصر میں 'اسلام پسند' حکومت کے لیے بھی یہ امر نا قابلِ برداشت ٹھہرا اور

4اگست:صوبہ اُورزگان......ترین کوٹ............بارودی سرنگ دھماکہ............پولیس کی ایک گاڑی تباہ............ایک کمانڈر سمیت 11 پولیس اہل کار ہلاک

اسرائیل کا ناطقہ بند کرنے کے لیے گیس پائپ لائن کو تباہ کرنے والے مجاہدین کی کارروائیوں میں رخنے ڈالے جانے لگے۔جس کے نتیجے میں مجاہدین نے ۶ اگست کو مصر اسرائیل سرحد پر قائم مصری چیک پوسٹ پر حملہ کر کے ۱۵ مصری فوجیوں کو ہلاک کر دیا۔ یہ چیک پوسٹ مجاہدین کی آمد و رفت اور اسرائیل کے خلاف اُن کی عملیات کو روکنے کے غرض سے بنائی گئی تھی۔اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا کہ مذکورہ چیک پوسٹ پر حملہ کرنے والے ''دہشت گرد'' ۲ گاڑیوں پر سوار تھے جنہیں اسرائیلی فضائیہ نے نشانہ بنا کر تباہ کر دیا۔

۸ اگست کو مصری فضائیہ کے جیٹ طیاروں نے سینا میں موجود مجاہدین کے ٹھکانوں پر بم باری کی جس میں ۲۰ مجاہدین کو شہید کرنے کا دعویٰ کیا گیا۔مصری چیک پوسٹ پر مجاہدین کا حملہ روکنے پر ناکام رہنے کی پاداش میں ۱۳ اگست کو مصر کے نو منتخب صدر محمد مرسی نے مصری آرمی چیف حسین طنطاوی (جو کہ ملک کا وزیر دفاع بھی تھا)، چیف آف سٹاف جنرل سمیع عدنان اور دیگر کئی جرنیلوں کو برطرف کر دیا۔مرسی نے اپنے اس اقدام کے ذریعے'ایک پنتھ دو کاج' کے مصداق ایک جانب مجاہدین کے ساتھ مزید سختی سے نمٹنے کا پیغام دیا جب کہ دوسری جانب اپنے اس اقدام کو اقتدار پر''اسلام پسندوں'' کی مضبوط گرفت کے طور پر پیش کیا۔ ۲۱ اگست کو مصری حکومت نے اسرائیل کے لیے دردِ سر بن جانے والے مجاہدین کے خلاف آپریشن کے غرض سے صحرائے سینا میں جنگی جہاز اور ٹینک بھیجنے کا فیصلہ کیا۔یاد رہے کہ ۱۹۷۳ء کی عرب اسرائیل جنگ کے بعد یہ پہلا موقع ہے کہ اس علاقے میں مصری فوج کی طرف سے جنگی جہاز اور ٹینک بھیجے جا رہے ہیں۔

یہ بھی طُرفہ تماشا ہے کہ مجاہدین جو ہر جگہ یہود و نصاریٰ کی اسلام کے خلاف جنگ میں دفاعِ دین اور امت کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں......اُن کے خلاف 'کلمہ گو افواج' کی جانب سے آپریشن در آپریشن کا سلسلۂ دراز تھمنے کا نام نہیں لیتا۔مصر، صومالیہ، الجزائر، یمن، پاکستان، عراق، افغانستان اور نائیجیریا سمیت جس خطے میں بھی دیکھیں آپ کو کفر کی 'فرنٹ لائن اتحادی' افواج مجاہدین کے خلاف کارروائیوں میں مصروف نظر آئیں گی۔ایک جانب فرزندانِ اسلام' اللہ کے دشمنوں کے حملوں کو اپنے سینوں پر روک رہے ہیں تو دوسری طرف متحدہ کفر کی رکھوالی کرنے اور اُن کے مفادات کے تحفظ کی خاطر ایمان و اسلام سے قطعی بے زاری کا عملی کردار پیش کرنے والے اِن مجاہدین کی راہ کو کھوٹا کرنے نکلے ہیں......لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے اُس کے دین کی خاطر آزمائشوں، تکالیف اور کلفتوں کو جھیلنے والوں کی راہ کھوٹی نہ پہلے کبھی ہوئی نہ آئندہ کبھی ہوگی......البتہ کفر، گمراہی اور ضلالت کے گڑھوں کے لیے 'حفاظتی حصار' کا کام کرنے والی 'کلمہ گو' افواج کے مقدر میں بھلائی، فتح اور آبرومندی کا اللہ کے اذن سے کوئی نام و نشان نہیں......صرف ذلت، رسوائی اور دنیا و آخرت کی بربادی ہی ان کا مقدر ہے۔

☆☆☆☆☆

بقیہ: القاعدہ......نائن الیون کے دس سال بعد

یہ دونوں ویڈیوز میرے پاس ہیں اور دونوں میں ان کا اطمینان قابل دید ہے۔

میرے نزدیک یہی اصل القاعدہ ہے جو ہنوز دنیا کے لیے خطرہ ہے۔اس کارروائی سے قبل کسی نے ابو دجانہ کا نام سنا تھا اور نہ ان کے آس پاس کے لوگوں کو کوئی اندازہ تھا کہ یہ ڈاکٹر اسی طرح کی کوئی کارروائی کر سکتا ہے۔نہ جانے ابو دجانہ کی طرح کتنے اور نوجوان مختلف ملکوں کے اندر، مختلف شکلوں میں اسی طرح کی کارروائیوں کی تیاریاں کر رہے ہوں گے۔گزشتہ روز نائن الیون کی برسی کے موقع پر تقریبات کے دوران صدر اوبامہ اور مختلف امریکی عہدیدار یہ دعوے کرتے رہے کہ انہوں نے القاعدہ کی کمر توڑ دی ہے اور یقیناً نہ صرف ایبٹ آباد میں اسامہ بن لادن کو مارا گیا بلکہ اس تنظیم کے درجنوں اہم رہنما ڈرون حملوں میں بھی مارے گئے ہیں۔

اسی طرح پاکستان نے سیکڑوں کی تعداد میں گرفتار بھی کیے۔اس حوالے سے دیکھا جائے تو امریکہ نے القاعدہ کو بہت کمزور کر دیا ہے لیکن سوال یہ ہے کہ القاعدہ کی اصل قوت یعنی ابو دجانہ جیسے لوگوں کے ساتھ کیا کیا جائے۔نائن الیون ۲۰۰۱ء کو ابو دجانہ القاعدہ سے واقف تھے اور نہ اس کا حصّہ۔عراق اور فلسطین کی صورت حال کی وجہ سے اس راستے پر گامزن ہوئے۔جب تک امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی غیر منصفانہ پالیسیاں برقرار ہیں تب تک اگر القاعدہ کی موجودہ پوری قیادت کو ختم کیا جائے، تب بھی یہی خود رو القاعدہ موجود رہے گی۔تب بھی ابو دجانہ جیسے لوگ پیدا ہوتے رہیں گے اور جب تک ابو دجانہ جیسے لوگ پیدا ہوتے رہیں گے تب تک دنیا کو محفوظ سمجھنا بے وقوفی اور اپنے آپ کو دھوکہ دینے کے مترادف ہے۔

☆☆☆☆☆

''ہمیں لڑنا ہے حتّی کہ ہم تمام مسلمان سرزمینوں کو قابض افواج سے پاک کر دیں اور مسلمان ممالک سے ظالم و فاسد حکمرانوں کو بے دخل کر کے ایک ایسی شرعی حکومت قائم کریں جو فساد کو ختم کر کے عدل کو عام کرے۔ہمارے لیے عسکری قتال، دعوتی جدوجہد، سیاسی نظام کی تبدیلی اور اجتماعی اصلاح کی شکل میں جہاد کے متنوع محاذ کھلے ہوئے ہیں اور ہم پر لازم ہے کہ ہم امت کے ساتھ مل کر اس کے دفاع اور دشمن کی تباہی کی جنگ لڑیں۔بلاشبہ مجاہدین اگر دشمنانِ اسلام کے خلاف قتال کی صفِ اوّل میں کھڑے ہیں اور اسلام اور مسلمین کے دفاع کے لیے جانیں قربان کر رہے ہیں اس کے باوجود وہ امتِ مسلمہ کا ہی ایک جزو ہیں اور اس سے جدا نہیں ہیں۔وہ نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں معاون و مددگار رہیں، نصیحت کرتے اور مشورہ قبول کرتے ہیں حق اور ہدایت کے ہر کام میں ہر مسلمان کے ساتھ تعاون کرتے ہیں اور اختلافی معاملات میں باہم اصلاح کے لیے کوشاں ہیں''۔

(شیخ ایمن الظواہری حفظہ اللہ)

5 اگست: صوبہ بامیان............مجاہدین کے گھات لگا کر حملے............4 صلیبی فوجی اور اُن کے 4 ایجنٹ ہلاک............10 فوجی زخمی

شام، مالی، چیچنیا کے محاذ

علی حمزہ

سرزمین شام:

شام کے بیش تر قصبے اور شہر ''شام غریباں'' کا منظر پیش کر رہے ہیں۔ حمص، ادلب، ریف، دمشق، حماہ، درعا، حلب، دیرالزور کے گلی کوچوں میں ہر طرف لاشیں، زخمی اور خون ہی خون نظر آ رہا ہے۔ خوف اور دہشت کے مناظر ہیں اور لوگ جائے پناہ کی تلاش میں شہر کے ایک حصّے سے دوسرے حصّے اور ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف بھاگ رہے ہیں جب کہ بڑی تعداد ہمسایہ ممالک میں نقل مکانی کر چکی ہے۔

تیونس اور مصر کے بعد مارچ ۲۰۱۱ء میں شام میں ''عرب بہار'' پہنچی تو خیال یہی تھا کہ عوامی احتجاج کے سامنے بشارالاسد حکومت ہتھیار ڈال دے گی لیکن اس نے احتجاجی تحریک کو بزورقوت دبانے کی پالیسی اپنا لی۔ جس کے نتیجے میں روزانہ بیسیوں لاشیں گرنے لگیں۔ ارکان پارلیمنٹ کی بڑی تعداد نے احتجاجاً استعفے دے دیے، حکمران پارٹی کے ارکان کی بھی بڑی تعداد مستعفی ہوگئی لیکن بشارالاسد حکومت پر اس کا کوئی اثر نہ ہوا۔ ایران، روس اور چین کھل کر اسد حکومت کی حمایت میں آ گئے اور انہوں نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے شام کے خلاف کوئی سخت قرارداد پاس نہ ہونے دی۔

شام میں دن بدن ریاستی تشدد بڑھتا گیا۔ جسرالشغور پر ہونے والے حملے اور سفاکانہ قتل عام نے اسد حکومت کے لیے اسلامی برادری کی کسی قسم کی ہمدردی کو بھی ختم کر دیا۔ جو اسد حکومت کے مظالم پر مبنی جو تصاویر اور داستانیں سوشل میڈیا پر جاری ہوئیں، ان سے پوری دنیا میں اسد حکومت کے خلاف نفرت پھیل گئی۔ برطانیہ میں قائم ابزرویٹری فار ہیومن رائٹس کے مطابق اب تک ۱۹۱۰۶ افراد شام کی خانہ جنگی میں مارے جا چکے ہیں۔ ان میں ۱۳۲۹۶ عام شہری، ۴۸۶۱ سیکورٹی اہل کار اور ۹۴۹ منحرف فوجی شامل ہیں۔ جب کہ شامی حکومت کے مطابق جون تک کل ۷۶۹۴ اموات ہوئیں، جس میں ۳۲۱۱ شہری اور ۲۵۶۶ سیکورٹی اہل کار شامل ہیں۔ اپوزیشن کی ویب سائٹ کے مطابق ۲۳ جولائی تک ۲۱۳۶۹ اموات ہوئیں۔ ان میں ۱۶۱۲ عورتیں ہیں، ۱۶۳۶ بچے بھی مارے گئے جن میں ۴۲۹ لڑکیاں ہیں۔

عالمی میڈیا میں آنے والی ایک رپورٹ کے مطابق شام کے مختلف علاقوں میں ۲۷ تشدد خانے قائم ہیں جہاں قیدیوں کو تفتیش کے نام پر بدترین تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ شام کے تفتیش کار جن کا تعلق ملٹری انٹیلی جنس، پولیٹیکل سیکورٹی ڈائریکٹوریٹ، جنرل انٹیلی جنس ڈائریکٹوریٹ اور ایئر فورس انٹیلی جنس ڈائریکٹوریٹ سے ہے، روس کی کے جی بی کے تربیت یافتہ ہیں۔ یہ کے جی بی ہی کے سکھائے ہوئے تشدد کے ۲۰ طریقے استعمال کرتے ہیں جن میں قیدیوں کو بے رحمی سے پیٹا جاتا ہے، گرفتاری کے فوراً بعد کپڑے اتار کر برہنہ کر دیا جاتا ہے، انگلیوں، سینے اور کانوں میں کیل ٹھونکے جاتے ہیں، نازک اعضا کو برقی جھٹکے دیے جاتے ہیں۔

۱۸ جولائی کے حملے نے شامی حکومت کو ہلا کر رکھ دیا۔ اس حملے میں وزیر دفاع داؤد راجحہ، نائب وزیر دفاع جنرل آصف شوکت، کرائسس مینجمنٹ سیل کا سربراہ جنرل حسن ترکمانی، وزیر داخلہ محمد ابراہیم اور نیشنل سیکورٹی آفس کا سربراہ ہشام بختیار دیگر کئی اہم فوجی اور حکومتی اہل کاروں سمیت ہلاک ہوگئے۔ دن بدن بگڑتے حالات اور اقتدار پر کمزور ہوتی گرفت کے باعث بشار کی بیوی نے روس میں پناہ لے لی ہے جب کہ خود بشار بھی روپوش ہے۔

امارت اسلامی مالی:

شمالی افریقہ میں واقع مالی کے شمالی حصّے میں قائم 'امارت اسلامی مالی' جو ''انصار الدین'' کے زیر اقتدار ہے، سے امریکہ، یورپ بالخصوص فرانس اور مغربی افریقہ کے ممالک سخت خوفزدہ ہیں اور اس پر حملہ کر کے قبضہ کے لیے سازشوں میں مصروف ہیں۔ گزشتہ اپریل میں انصار الدین نے شمالی مالی کے کئی اہم شہروں پر قبضہ کر کے شریعت اسلامیہ کے نفاذ کا اعلان کیا تھا۔ ۱۵ افریقی ممالک پر مشتمل ''اکنامک کمیونٹی آف ویسٹ افریقن سٹیٹس (Ecowas)''، نائیجر اور فرانس اس خطے میں شریعت کا نفاذ برداشت کرنے کو تیار نہیں۔ فرانس ماضی کے تلخ تجربات کے باعث براہ راست فوجی مداخلت سے گریزاں ہے اور اس کے خیال میں فوجی مداخلت کے نتیجے میں مجاہدین مقبولیت حاصل کریں گے۔ وہ امریکہ اور افریقی ممالک کے ذریعے مالی کے شمالی حصّے سے مجاہدین کے اقتدار کو ختم کرنا چاہتا ہے۔

۲۸ جون کو مغربی افریقہ کے ممالک کے رہنما Yamoussoukro میں اکٹھے ہوئے اور سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا کہ وہ شمالی مالی میں غیر ملکی مداخلت کے حق میں جلد از جلد قرارداد پاس کرے۔ امریکہ اور فرانس اس کے لیے نقل و حمل کے ذرائع فراہم کریں۔ ۱۱ جولائی کو موریطانیہ، الجیریا، مالی اور نائیجر کے لیڈر ایک بار پھر اکٹھے ہوئے اور ''جہادی خطرہ'' سے نمٹنے کے لیے تبادلۂ خیال کیا۔ مجاہدین کے زیر اقتدار شمالی مالی کا رقبہ فرانس سے زیادہ ہے اور یہ ممالک خوف زدہ ہیں کہ مجاہدین پورے مالی پر قبضہ کر سکتے ہیں

5 اگست: صوبہ کنڑ.........ضلع سرخانی.........مجاہدین نے پے در پے حملے.........درجنوں صلیبی ہلاک.........زخمی

کیونکہ مالی کی فوج ان کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔اور اس طرح مجاہدین مغربی افریقہ کے تمام ممالک کے لیے ''خطرہ'' بن سکتے ہیں۔

اپنے ان مذموم مقاصد کی تکمیل کے لیے اس شیطانی اتحاد نے ''نیشنل موومنٹ فار لبریشن آف ازواد (NMLA)'' کو اپنا آلۂ کار بنایا۔NMLA ایک سیکولر اور لبرل نظریات کی حامل پارٹی ہے اور یہ شمالی مالی میں ''ازواد'' کے نام سے علیحدہ ریاست قائم کرنا چاہتی ہے لیکن عوام میں زیادہ مقبول نہیں۔اپنی محدود قوت کو دیکھتے ہوئے اس نے انصار الدین کے ساتھ شرکت اقتدار کا معاہدہ کر لیا تھا اور اس بات پر اتفاق کیا تھا کہ شمالی مالی 'امارت اسلامی' ہوگی اور اس میں اسلامی شریعت کا نفاذ ہوگا۔جب اسے فرانس اور اردگرد کے افریقی ممالک سے حمایت کی یقین دہانی مل گئی تو اس نے معاہدہ توڑ دیا۔اس پر دونوں فریقوں میں جنگ شروع ہوگئی۔مجاہدین نے NMLA کے ہیڈ کوارٹر کا محاصرہ کر لیا۔مغرب الاسلامی میں القاعدہ کے اہم کمانڈر خالد ابوالعباس نے حملے کی قیادت کی ۔NMLA کو شہر بدر کرنے کے بعد مجاہدین نے ایئر پورٹ پر بھی قبضہ کر لیا۔

اس کے بعد ایک دوسرے شہر ٹمبکٹو میں لڑائی شروع ہوگئی۔یہاں بھی بغیر کسی بڑی مزاحمت کے مجاہدین نے تمام سرکاری عمارتوں اور دفاتر پر قبضہ کر لیا۔اس کے بعد کیدال قصبے اور ایئر پورٹ پر انصار الدین کا کنٹرول ہو گیا۔NMLA کی آخری کمین گاہ گاؤ سے ۱۰۰ کلومیٹر دور آن سوگو شہر تھا۔اس پر قبضے کے بعد مجاہدین نے اعلان کیا : ''جنگ ختم ہوگئی، سیکولر قوم پرست بھاگ گئے۔اب سارا علاقہ اہل ایمان کے ہاتھوں میں ہے''۔نیوز ایجنسی اے ایف پی نے بھی تصدیق کی ہے کہ'' قوم پرستوں کے ہاتھ میں اب شمالی مالی کا کوئی قصبہ نہیں''۔شمالی مالی کے مکمل طور پر مجاہدین کے ہاتھوں میں چلے جانے کے بعد تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ NMLA کے پاس اب بیرونی طاقتوں کا آلۂ کار بننے کے علاوہ کوئی راستہ نہیں، جو شمالی مالی پر حملے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔

القاعدہ مغرب الاسلامی کی قیادت نے اس صورت حال میں خبردار کرتے ہوئے کہا:'' شمالی مالی میں مداخلت کا پروگرام بنانے والے سن لیں کہ شریعت اسلامیہ کو کسی صورت ختم کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ہم ہتھیار اٹھائے انتظار نہیں کرتے رہیں گے بلکہ صورت حال کے مطابق ٹھوس اور سخت قدم اٹھائیں گے۔اکنامک کمیونٹی آف ویسٹ افریقن سٹیٹس کے ممالک میں ہمارے یونٹس کارروائیوں کے لیے حکم کے منتظر ہیں، شمالی مالی پر حملے سے سب ممالک جنگ کی لپیٹ میں آجائیں گے''۔

شمالی مالی میں مجاہدین نے بت خانوں اور مجسموں کی مسماری بھی شروع کر دی ہے۔اس پر بھی ایک شور برپا ہے کہ'' ثقافت خطرے میں پڑ گئی ہے'' لیکن مجاہدین کا کہنا ہے کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مقابلے میں ہمیں لوگوں کی مخالفت کی پروا نہیں۔ہم ہر حالت میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم اور سنت پر عمل کریں گے۔ہمارے لیے ریفرنس یونیسکو نہیں بلکہ شریعت ہے۔اس حوالے سے سکائی نیوز کے ساتھ القاعدہ کمانڈر کا نہایت ایمان افروز انٹرویو بھی میڈیا میں آیا ہے مگر اسے یہاں نقل کرنے کی گنجائش نہیں۔اس انٹرویو کا آخری فقرہ قرآن کے اس فرمان پر ختم ہوتا ہے کہ ''یہودی تم سے خوش ہوں گے نہ نصاریٰ یہاں تک کہ تم ان کے مذہب کی پیروی کرنے لگو''۔

قفقاز:

شمالی قفقاز میں مجاہدین کی کارروائیاں حسب معمول جاری ہے۔امہ نیوز کے مطابق رجب میں قفقاز کے مختلف علاقوں میں کل ۵۲ کارروائیاں ہوئیں جن میں ۱۵ روسی فوجی مارے گئے اور ۲۹ زخمی ہوئے جب کہ ۸ مجاہدین نے شہادت پائی۔مجاہدین نے ۱۶ گاڑیوں اور ۹ عمارتوں کو نقصان پہنچایا۔روسی فورسز نے ۱۷ مسلمان شہریوں کو شہید اور دو کو زخمی کیا جب کہ ۵ خواتین اور ۲۲ مردوں کو اغوا کیا۔

۱۹ اگست کو قفقاز کے شمالی میں واقع ملگو بک ڈسٹرکٹ میں ایک فدائی مجاہد کی استشہادی کارروائی میں ۸ روسی پولیس اہل کاروں کو ہلاک اور ۱۵ شدید زخمی ہوگئے۔اس حملے میں پولیس کی ۴ گاڑیاں بھی تباہ ہوئیں۔سی این این نے اس فدائی کارروائی کے بعد اپنے تبصرے میں کہا کہ چیچنیا میں روسی سیکورٹی فورسز کے خلاف مجاہدین کی کارروائیاں اب روزانہ کا معمول ہیں۔

روسی ظلم وسفا کی کا بدترین واقعہ قفقاز کے قصبے KRYMSK میں پیش آیا۔شدید بارش کے بعد ۷ جولائی کو پیوٹن کے حکم پر قصبے کے قریب ڈیم کے ان گیٹوں کو کھول دیا جن سے نکلنے والا پانی قصبے کو ڈبو سکتا تھا۔ان گیٹوں کو نہ کھولنے کی صورت مں سرکاری محل اور آئل ٹرمینل تباہ ہو سکتا تھا۔پیوٹن نے سرکاری محل اور آئل ٹرمینل کو بچانے کا حکم دیا اور یوں جب سات میٹر بلند پانی کا ریلا ڈیم سے نکلا تو پورے قصبے کو بہا لے گیا۔قفقاز سنٹر کے مطابق ۱۳ جولائی کو گلیوں اور درختوں پر ۶۴۰۰ لاشیں تیرتی ہوئی پائی گئیں۔کتنی لاشیں عمارتوں کے ملبے کے نیچے دب گئیں اور کتنی بہہ کر دور چلی گئیں، اس کا کوئی اندازہ نہیں۔حکومت نے صرف ایک سو بہتر اموات کی تصدیق کی۔سوال یہ ہے کہ پھر پورا قصبہ اور اس کے رہائشی کہاں چلے گئے؟

قفقاز میں روس کی خفیہ ایجنسی کے جی بی نے سائبر جنگ بھی شروع کر رکھی ہے۔وہ قفقاز سنٹر کی ویب سائٹ کو مسلسل نشانہ بنائے ہوئے ہے۔جولائی میں اس کے DDos حملوں کی تعداد ۴.۷۹ ملین فی سیکنڈ تک پہنچ گئی۔سائبر وار کی تاریخ میں یہ شدید ترین حملہ شمار ہوتا ہے۔حیرت کی بات یہ ہے کہ روسی میڈیا کے کذاب صحافیوں نے اس حملے پر خوشی کا اظہار کیا ہے کیونکہ قفقاز سنٹر ان کی کذب بیانیوں کو ننگا کرتا رہتا ہے۔

☆☆☆☆☆

5 اگست: صوبہ قندھار..........علاقے خاکریز..........بارودی سرنگ دھماکہ..........ایک امریکی ٹینک تباہ..........3 امریکی ہلاک..........ایک زخمی

جن سے وعدہ ہے مرکر بھی جو نہ مریں......

احسن عزیز شہیدؒ......عشق کا وعدہ ہم نے پورا اے ربِ غفار کیا

رب نواز فاروقی

مکتبِ عزامؒ اور مکتبِ اسامہؒ کے اہم تلمیذ بھائی احسن عزیز ۲۹ رمضان المبارک کو اپنے رب سے کیا وعدہ پورا کر کے خطۂ خراسان میں امریکہ کی غلام پاکستانی مرتد فوج کی بم باری سے رفیقۂ حیات سمیت اپنے رب کے حضور حاضر ہو گئے۔ احسن بھائی نے تینتالیس سالہ حیاتِ عارضی، حیاتِ جاودانی کی جستجو اور تیاری میں گزاری۔ اُن کی زندگی کا ہر لمحہ اور ہر کاوش اپنے مالک کو خوش کرنے کے لیے تھی۔ ان کی تحریر، تقریر، شاعری، ہجرت اور قتال سبھی اس لیے تھی کہ اللہ کی رضا مل جائے، جنت کی ابدی نعمتیں ہمارا مقدر بن جائیں۔

نوے کی دہائی میں جہادِ افغانستان (اول) سے وابستہ ہوئے اور پھر کشمیری مجاہدین کے استاد اور مربی رہے۔ تجوید اور سیرت النبی علیہ السلام سبقاً سبقاً پڑھاتے رہے اور ہر ممکن یہ کوشش کرتے رہے کہ کشمیر میں جہاد جیسی عظیم عبادت 'غیر اللہ' کے تسلط اور سرپرستی سے پاک رہے لیکن جہاد کو طاغوتی سرپرستی میں بدنام ہوتا دیکھ کر ان کا دل ریزہ ریزہ ہو جاتا۔ بالآخر اُنہوں نے طاغوتی سرپرستی میں چلنے والی تنظیمات کو خیر باد کہہ کر فی سبیل اللہ جہاد سے اپنا رشتہ جوڑ لیا۔

نائن الیون کے عظیم اور مبارک واقعے نے، جسے احسن بھائی 'یوم تفریق' کا نام دیا کرتے تھے، انہیں بہت متاثر کیا۔ ان دنوں وہ اکثر یہ کہا کرتے تھے کہ عرب مجاہدین اور شیخ اسامہؒ کی قیادت نے نائن الیون کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اللہ کی نصرت ان کے ساتھ ہے اور اب جہادی افق پر ان ہی کی قیادت چلے گی۔

یوم تفریق کے بعد احسن بھائی نے تن، من، دھن صلیبیوں اور ان کے حواریوں کے خلاف جہاد فی سبیل اللہ کے لیے وقف کر دیا اور سقوطِ امارتِ اسلامیہ کے دوران میں مہاجرین عرب و عجم کی میزبانی اور نگہبانی میں جُتے رہے اور انہیں راحت و آرام پہنچانے کا ہر ممکن اہتمام کیا۔ ان کی دینِ اسلام کی خدمات بھلا مقامی طاغوت کو کیسے برداشت ہو سکتی تھیں۔ آئی ایس آئی نے ۲۰۰۳ء میں انہیں 'لاپتہ' کر دیا گویا وہ لاپتہ ہونے والے اللہ کے بندوں کے ہراول دستے میں تھے۔ چھ ماہ کی گمشدگی کے بعد جب وہ رہا ہوئے تو مکمل یکسوئی کے ساتھ یہ فیصلہ کر چکے تھے کہ اب اُسی دنیا کا مسافر بننا ہے جس دنیا میں 'اجنبی' لوگ بستے ہیں۔ پہلے چاولوں کی امپورٹ ایکسپورٹ کا کاروبار کیا کرتے تھے لیکن اب صرف 'نفع بخش تجارت' ہی کا ہمہ وقت پروگرام بنانے لگے۔

قید سے واپسی پر وہاں لکھی گئی نظم 'بہاروں سے پہلے جو آنکھوں پہ بیتی.....' اپنی مترنم آواز سے سناتے تو سننے اور سنانے والے سب اشک بار ہو جاتے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی شاعری کو اس قدر قبولیت اور مقبولیت سے نوازا ہے کہ آج مجاہدین کے ہاں جو ترانے زبان زدِ عام ہیں وہ سبھی احسن بھائی ہی کی شاعری ہے۔ پھر بھائی محمد غوری (اللہ انہیں رہائی عطا فرمائے) کی پُرسوز اور دردِ دل رکھنے والی آواز نے اس شاعری کو دو آتشہ بنا دیا ہے۔ سچّی بات تو یہ ہے کہ جو بھی ان کے کلام کو تنہائی میں پڑھے یا سنے تو اس کی کیفیاتِ قلب عجیب ہو جاتی ہیں، وہ شہادت اور جنت کا مشتاق اور دنیا سے بے زار ہو جاتا ہے۔

احسن بھائی نے جس گھرانے میں آنکھ کھولی وہ ماڈرن اور جدید تعلیم یافتہ ہے۔ وہ بھی بچپن میں فوجی سکولوں میں پڑھتے رہے، ان کے والد سمیت دو بھائی فوج ہی میں افسر رہے لیکن احسن بھائی کو اللہ تعالیٰ نے خصوصی طور پر چُنا۔ وہ دھوپ میں بھی چھتری لے کر چلنے والا، اعلیٰ پینٹ شرٹ میں ملبوس رہنے والا نوجوان، اب جہاد کے راستوں پر گامزن ہونے کے بعد میلے کچیلے کپڑوں اور گرد آلود پاؤں لیے خطہ خراسان میں رہتا تو مجھے سیدنا مصعب بن عمیرؓ سے اپنے احسن بھائی کی مشابہت نظر آتی کہ ناز و نعم میں پلے احسن بھائی اب سخت کوش وادیوں میں یوں رہ رہے ہیں گویا کہ قدیم قبائلی ہوں۔ سر پر اُسی طرح کا سیاہ عمامہ اور وجیہہ چہرے پر گھنی داڑھی جو مہندی سے اچھی طرح رنگی گئی ہو، انہیں ایک سچّا 'خراسانی' ثابت کرنے کے لیے کافی تھی۔

احسن بھائی کا نوے کی دہائی میں ہی قرآن مجید سے خصوصی تعلّق اور شغف بن گیا تھا۔ اُسی زمانے میں انہوں نے قاری صاحب کے پاس باقاعدہ زانوئے تلمذ تہہ کر کے تجوید کے اسباق پڑھے اور پھر اُس کے بعد ہر دور میں قرآن مجید کو پڑھنے، پڑھانے میں کوشاں رہتے۔ تجوید کے اسباق پر مشتمل مختصر دورانیے کے دورے بھی تیار کیے اور کروائے اور ان کے ساتھ مراکز میں وقت گزارنے والے ساتھی اس نعمت سے ضرور بہرہ ور ہوتے رہے کہ اُن کے مخارج اور تلفظ کی اصلاح ہو جاتی۔ اُنہوں نے دورانِ قید پندرہ پارے حفظ بھی کیے۔

۲۰۰۵ء کے اواخر میں خراسان ہجرت کی اور پہلے پہل جس مرکز میں رہے اُس کے امیر شہید ابوتراب رحمۃ اللہ علیہ تھے۔ اس دوران میں احسن بھائی کا ایک نیا روپ دیکھنے کو ملا کہ ساتھیوں کی بے حد خدمت کرتے، صبح ناشتے میں اور تشکیل پر جانے والے ساتھیوں کو میٹھی روٹیاں بنا کر دیتے اور کچھ ہی دنوں میں 'میٹھی روٹی' ان کا امتیازی نشان بن گیا، اس وقت یہ راز کھلا کہ ہمارے بھائی کھانا پکانے کے بھی بہت ماہر ہیں۔

6 اگست: صوبہ قندھار.........ضلع ظہاری.........بارودی سرنگ دھماکہ.........ایساف کا ایک ٹینک تباہ.........6 فوجی ہلاک.........متعدد زخمی

احسن بھائی نے مغرب کے فلسفے، تاریخ اور اُس کے باطل عقائد وشعائر کو خوب اچھی طرح سمجھا اور اس کی اصطلاحات وشعائر' جمہوریت، انسانی حقوق، آزادی اور ویلفیئر' کا بہت عمدگی سے پوسٹ مارٹم کرتے۔ اُن کا کہنا تھا کہ '' جو مسلمان جتنا زیادہ دقیانوس اور قدامت پسند ہوگا اُسی قدر مغرب کے اثرات سے اپنے آپ کو بچا سکتا ہے''۔

احسن بھائی' شیخ عزام شہیدؒ اور شیخ اسامہ شہیدؒ سے بہت والہانہ محبت کرتے تھے۔ اُن کے تذکرے جب شروع ہو جاتے تو یہ خیال ہی نہ رہتا کہ کس عنوان اور موضوع پر بات کرنے کے لیے جمع ہوئے تھے۔ موسوعہ عبداللہ عزام شہیدؒ (چھ جلدیں) جواب تقریباً ناپید ہیں' کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر پشاور اور کوئٹہ سے منگواتے اور صاحبِ علم ساتھیوں کو تحفے میں دیتے۔ تکنیکی ذوق کے حامل تھے اور ساتھیوں کو جنگی تربیت کے حوالے سے گہرا سوچ بچار کرتے رہتے۔ الیکٹرانکس اور متفجرات ان کی دلچسپی کے خصوصی میدان تھے، جن کے ماہر اساتذہ سے وہ رابطے میں رہتے اور نئی چیزیں بنانے اور ڈھونڈنے میں بہت دلچسپی لیتے اور تحریض دیتے۔

احسن بھائی کی شخصیت کا ایک اہم امتیازی وصف یہ تھا کہ وہ امنیت کا غیر معمولی حد تک اہتمام کرتے۔ چونکہ بہت ہی زیادہ حساس تھے، ہر علاقے اور مرکز میں نیا رمزی نام رکھتے لیکن اس کے باوجود انصار انہیں چہرے مُہرے اور خدوخال سے پہچان لیتے۔ بعض اوقات ان کی امنیت کے حوالے سے ان سے مذاقاً کہا جاتا کہ اگر سبھی لوگ اس طرح امنیت کرنے لگیں تو کام کرنا مشکل ہو جائے تو ہنس کر کہتے کہ یہ تدبیر کا حصّہ ہے اور ہونا تو وہی ہے جو مقدر ہے لیکن تدبیر کرنا واجب ہے۔

احسن بھائی 'علم دین' کی تحصیل کے لیے ذاتی طور پر بھی کوشاں رہتے اور ساتھیوں کو بھی ترغیب دلاتے رہتے کہ قرآن حکیم، سیرت طیبہ علی صاحبھا السلام اور حیاۃ الصحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کا عُمق کے ساتھ مطالعہ کریں اور ان کی شرح کے لیے حکیم الامت حضرت تھانویؒ، حکیم الاسلام حضرت قاری طیبؒ، مولانا مناظر احسن گیلانیؒ اور مولانا ابوالحسن علی ندویؒ کی کتب کا بالاستیعاب مطالعہ کرتے اور کرواتے۔ احسن بھائی اکثر یہ کہتے کہ دین سے تمسک کے لیے علمائے دین سے وابستگی بہت ضروری ہے۔ دینی معاملات میں آزاد رائے اور غیر محتاط گفتگو کی بہت زیادہ حوصلہ شکنی کرتے اور کہتے کہ فتنوں سے محفوظ رہنے کے لیے اہل حق علما کا دامن تھامے رکھنا بہت ضروری ہے۔

مادی اسباب پر روحانیت کو ترجیح دیتے، ہجرت کے بعد کئی سالوں تک انہیں مثانے میں سخت انفکیشن کا مرض رہا کہ پیشاب سے خون بھی آتا تھا۔ آپ نے سورۃ فاتحہ فجر کی سنتوں کے بعد پانی پر دم کرنے کے معمول کو اپنایا تو اللہ تعالیٰ نے شفا عطا فرمائی۔ آپ دوسرے بھائیوں کو بھی اس کی تلقین کرتے۔ بیماری کی صورت میں شہد استعمال کرتے اور کرواتے، اکثر مریض ساتھیوں کو شہد تحفتاً بھجواتے۔

احسن بھائی ہر کام کو اتمام اور اکمال سے کرنے کے عادی تھے۔ اس لیے ان کی کتب اور افلام کئی کئی ماہ تک تیاری کے بعد بھی 'پروف خوانی' کے مراحل سے گزرتی رہتیں۔ انہوں نے اعلام کا کام کرنے کے لیے ایک باصلاحیت ٹیم تیار کی۔

اپنے دور کے تحریکوں کے قائدین سے سخت شاکی تھے کہ انہوں نے امت کو الولاء والبراء کے عقیدے سے دور رکھا ہے اور امت کو سُلانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ جیسا کہ کہتے ہیں

عجب اک تصور امیر حرم نے، بتوں سے عداوت کا کل شب دیا ہے
کہ خود بتکدے میں چراغاں ہے کل سے، حرم کی فضاؤں میں لیکن دھواں ہے

اور یہ کہ

قائدِ محترم تجھ کو کیا ہو گیا؟ پیشِ سلطان جابر کہاں کھو گیا؟
صرف اتنا تقاضا تھا پیشِ بتاں، معنیٔ لا الہ کا تُو اظہار کر

آخرت، جنت، دنیا سے بے رغبتی کے ساتھ ساتھ حاکمیتِ رب، خلافتِ اسلامی، الولاء والبراء اور موجودہ دور میں جہاد کی فرضیتِ عین وہ موضوعات ہیں جو اُن کے سامنے ہر وقت رہتے اور ان کی تمام تر گفتگوئیں، تحریریں اور تقریریں انہی عنوانات کے گرد گھومتیں۔ یہی بات طواغیتِ عصر حاضر کو کھلتی تھی جس کی بنا پر انہیں مرتدین نے جیٹ بم باری سے شہید کر دیا۔ سچّی بات تو یہ ہے کہ

اک ستارہ تھا 'وہ' کہکشاں ہو گیا

☆☆☆☆☆

